فالله خیر حافظاً وهو ارحم الراحمین

اشعار و غزلیات پر از تصوف و در نعت حضرت سرور عالم صلی الله
علیه وسلم

یعنی

دیوان صدق

تصنیف

حافظ محمد حمید صاحب اکبرآبادی

تخلص صدق

مطبع الطافی پریس آگره طبع شد

۱۳۱۳ھ

تقریظ محمد اکبر صاحب اکبر آبادی

دیوان صدق نعتیہ مقبول بارگاہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں
تصنیف حافظ محمد حمید صاحب تخلص صدق ساکن آگرہ محلہ گڈہیہ حکیم جی عجائب دیوان
نعت میں ہے کہ اس زمانہ میں آج تک ایسے دیوان کم ہوئے ہونگے۔ شعروں میں مضامین حسرت انگیز
سوز عظمت پذیر اور تصوف کوٹ کوٹ کے بھرا ہے دیکھنے سے تعلق ہے عیان راچہ بیان۔ نعت
جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں مضامین عمدہ عمدہ لکھے ہیں۔ اکثر آیات اور احادیث کا
ترجمہ ہے۔ سراسر مغز حقایق بھرا ہے۔ ہر ایک مصرعہ سے تصوف کا رس ٹپک رہا ہے معرفت
کا دریا بہہ رہا ہے۔ حقیقت میں سمندر کو کوزہ میں بھرا ہے۔ اہل مذاق اہل اللہ عارف باللہ اس سے
حظ اوٹھاینگے۔ اسکے ہر ایک مصرع پڑھنے سے ایک دل پہ صدمہ ہوتا ہے دل پر چوٹ لگتی ہے دل
پر نرمی کا اثر پیدا ہوتا ہے۔ دنیا بھولتی ہے آخرت یاد آتی ہے۔ خدا کی قدرت کا نمونہ نظر آتا
ہے۔ حافظ صاحب ایک سیدھے سادھے سادہ مزاج آدمی ہیں۔ ہر دل عزیز ہمہ صفت موصوف ہیں۔ بڑے
باخبر و برکت ہیں۔ تصوف کی کتابوں سے زیادہ شوق۔ ابراروں کے ذکر سے زیادہ ذوق فقرا و درویشوں
و مشائخوں سے نہایت محبت رکھتے ہیں۔ خرقہ بیعت ارادت اپنے اوستاد حاجی حافظ سید فضل حسین
صاحب سلمہ سے حاصل کی وہ ایک بڑے بزرگ آدمی ہیں اور ایسی ادنیٰ سی ایک بات ہے کہ ماہ رمضان سارے
میں سورہ الحمد سے سورہ والضحیٰ تک کھڑے کھڑے ایک رکعت میں پڑھ گئے اور باقی ۱۹ رکعت یاد پارہ سے زائد میں
ختم کریں۔ اونہیں کی پیرو حافظ محمد حمید صاحب ہیں اکثر ماہ رمضان میں ایک رات میں قرآن ختم کرتے ہیں
خداوند تعالی حافظ صاحب موصوف کو سلامت باکرامت رکھے میلاد شریف بھی نہایت خوش الحان
اور عمدہ طرز سے پڑھتے ہیں۔ بہت اشعار شہادت سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام
و نیز حضرت علی اکبر علیہ السلام وغیرہ میں تصنیف کیے ہیں جو کہ ہمراہ دیوان کے طبع ہوتا اونکا [illegible]
[illegible] بہت جلد طبع کرا رہے ہیں اکثر شعر [illegible] میں مضامین [illegible]
[illegible] یہ دیوان ۱۳۱۵ھ میں چھپنا شروع ہوا تھا درمیان میں چھپنا بند ہو گیا اب ۱۳۱۹ھ میں [illegible]
ہو گیا [illegible] خریداری اسکی منظور ہو قیمت اسکی ایک روپیہ سمجھ کر طلب فرمائیں [illegible]
[illegible] المشتہر [illegible]

اشعار موعظت پذیر و تصوف و در
نعت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی

دیوان صدق

تصنیف

حافظ محمد حیدر صاحب قادری

قادری حنفی اکبرآبادی سنہ ۱۸۹۶ء میں

الطافی پریس آگرہ میں طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زبان سے جب کوئی لیتا ہے نام اللہ اکبر کا
عجب ایک لطف ہوتا ہے عجب ایک حال ہوتا ہے
مراتب ساری نبیوں کے بلاشک اعلیٰ افضل ہیں
ربع مسکون کی شاہی آگے اوسکے ہیچ مطلق ہے
نہ دنیا سے غرض اوسکو نہ جنت سے اوسے مطلب
خداوندا مجھے محروم مت کیجو حضوری اور خدمت سے
شفا پاتیں مرض سے بال دہوکے جو کہ پیتے ہیں
ذرا دیکھو سخندان دے چکے والیل سے تشبیہ
محبت شوق میں اگر جو لیتا نام احمد ہے
یقین ہے زندہ ہو جاوی موئی امت بھی عیسیٰ کی
سمجھ لینا مسیحو تم رسول دوسرا کی ہم نوا سے میں
یہی ہے التجا تجھ سے یہی ہے اب دعا تجھ سے
یہی ہے آرزو میری چلوں بل سر کے میں اس دم

مزا ایک روح کو ملتا ہے اوس دم شیر و شکر کا
ہرے ہو ٹھونٹہ جب آتا ہے نام اپنی پیغمبر کا
و لے رتبہ کیا ہی حق نے تیرے سب سے برتر کا
بشر جو در حقیقت ہے مگر آگے کوئی پیغمبر کا
بشر جو دیکھے شیدا ہوا روئی منور کا
بلاشک ہیں گدا ہوں اوس رسول پاک کے در کا
چلا آتا ہے ابتک معجزہ ہوئی مستنبر کا
بھلا کیا وصف مجھ سے ہووی اب موئی مقنبر کا
اوس عالم میں عجب ایک حال ہوتا ہی دل حیران مضطر کا
ذرا جو دیکھے نقشہ کہیں روئی منور کا
نہ جنت قبر کی ہمکو نہ خدشہ ہے محشر کا
مجھے شیدا بنا دے اے خدا اوس روئی اطہر کا
نظر آئی جو روضہ دیتے مجھکو پیغمبر کا

خدا کے خوف سے رو کر یہ بہوین جو بھی دنیا
تشنگے پیاس مین بیشک وہی ایک جا کوثر کا

چلا جاوی وہ جنت بیچ نہین پرسش عمل اُس
بشر دل سے فدا ہے جو کہ اُس روی منور کا

ذرا سے حال محشر سے ہو کیا ای واعظ مجکو
قیامت مین سہارا ہے مجھے اپنے پیمبر کا ٭

بجو دیکھون خواب مین صورت خوشی سے رو او ہول اس دم
مری آنکھون کے رونے سے بندھے ایک تار گوہر کا

مجھے خطرہ نہین کچھ پل سے اور ہول قیامت سے
غلام ہون مین ابابکر و عمر عثمان و حیدر کا

یقین جانون بلاشک وہ مری جنت اوٹھاویگا
خلوص دل سے جو کہ ہے محب عثمان و حیدر کا

ولی حق علی مرتضی کی کچھہ صفت ہم سے نہو ہرگز
ولایت اور کرامت سے اکہاڑا آپنے دروازہ خیبر کا

گناہون مین بسر کرتا ہون ہر دم عمر مین اپنی
قیامت مین بہلا کیا حال ہوگا مجھہ سے مضطر کا

جو تو یارب خواب مین ہو جاوی مجکو شاہ عالم کی
خوشی مین آنکھہ سے جاری ہو طوفان ایک سمندر کا

کری میلاد سلطان جو ریاضت اور مشقت سے
مکان جنت مین ہو اوسکے لیئے یاقوت احمر کا

مجھے وحشت نہین ہے صدق محشر سے نہ کچھہ پل سے
حقیقت مین غلام ہے تو شہ شبیر و شبر کا ٭

ولہ

جو شخص شکر کرتا ہے رب قدیر کا
مژدہ ہے اوسکے واسطے نعم النصیر کا

جس شخص نے کہ حکم نبی پر عمل کیا
وارث وہی ہے عقبی مین تاج و سریر کا

دنیا مین عشق احمد مرسل سے جو مرے
خدشہ پہر اُسکو ہے نہین منکر نکیر کا ٭

کعبہ سے ہو کے جو کہ مدینہ کو جاویگا
وہ مستحق خدا سے ہے اجر کبیر کا ٭

تصدیق جس بشر نے نہین کی رسول کی
بیشک مزا وہ چکھے عذاب سعیر کا

خیر الوریٰ پہ لاویگا ایمان جو بشر
جنت مین وہ تو پاویگا جامہ حریر کا

کینہ رکھیگا جو کہ صحابہ کرام سے
بس آگ مین جلیگا بدن اوس شریر کا

اُسکا بخیر خاتمہ ہوویگا بالیقین
جو معتقد ہی آپ کے چارون وزیر کا

احمد کا نام جب سنو بہیجو درود تم
اندازہ کچھہ نہین ہے قلیل و کثیر کا

جو کہیت کا اُس نبی کے ہو بوسہ مجھی نصیب
سر جسکے در پہ جھکتا ہے شاہ و وزیر کا

ساعت ہو کونسی کہ مدینہ نظر پڑے
دیکھون کسی طرح سے کنارہ حصیر کا

دہشت نہین ہے قبر کی اب مطلقاً ذرا
ہے آسرا تو مجکو بشیر و نذیر کا

ہے التجا یہہ صدق کی رب غفور سے
مسکن بنے مدینہ مین مجھ دون فقیر کا

ولہ

اللہ کے جو ذکر مین ہان نعرہ زن ہوا
عقبی مین اوسکا جانون کہ بیٹھا وطن ہوا

جو مستعد ہوا کوئی لکھنے مین نعت کے
مشہور دہر دیار مین اسکا سخن ہوا

دنیا مین جو بشر کہ فنا فی الرسول ہے
اُسکا نہ قبر مین کبھی میلا کفن ہوا

جنت وطن ہی اسکا ہی جانون دوستو
عشق نبی مین جو کہ یہان بی وطن ہوا

پیدا ہوئی جواب تو باران ہوا نزول
سوکھا پڑا جو صحرا تھا وہ سب چمن ہوا

کیا ہی خلیق آپ تھے کیا ہی شفیق تھے
آزردہ آپ سے نہ کوئی مرد و زن ہوا

دنیا کی تلخی جاتی رہی اُسکی آن مین
ذکر نبی سے جسکا کہ شیرین دہن ہوا

سختی سے کوئی بات کسی سے نہین کہی
غصہ کبھی کسی پہ نہ شاہ زمن ہوا

پل سے گر یگا وہ تو جہنم کی نار مین
راہ نبی مین جسکو کہ چلنا کٹھن ہوا

درد فراق سے ہی کہتے اُوَیس تھے
ملنا نبی سے مجکو تو مشکل کٹھن ہوا

ہجری کے سال تب ہی سے گنتے ہین دوستو
ختم رُسل کا جب سے مدینہ وطن ہوا

عقبی کی فکر کا لو اُسے وغدغہ نہین
دنیا کی فکر مین جسے رنج و حزن ہوا

حیوان سے بھی بد ہین بشر اسمین شک نہین
انسان وہی ہے جسکا کہ اچھا چلن ہوا

بیشک بشر نہین ہی وہ حیوان ہی ضرور
جو اس جہان سے آکے یہان بد چلن ہوا

کیا حال ہوگا تیرا قیامت مین دیکھیے
بہتے بڑا تو صدق نہ ابتک حسن ہوا

ولہ

روضہ پہ اپنے مجکو بلا لیجیے رشہا
صورت ذرا تو اپنی دکہا دیجیے شہا

مضطر ہون بیقرار ہون بیتاب ہون ملول
چہرہ سے برقع اپنا اوٹھا دیجیے شہا

لاکہون غریب حق سے ملائی ہین آپ نے
مجکو بھی ابتو جلد ملا دیجیے شہا

مختار دو جہان کا کیا ہے حضور کو / بخشش میری تو حق سے کرا دیجئے شہا
عصیان سے ڈوبا جاتا ہوں گرداب بحر میں / بیڑے مرے کو پار لگا دیجئے شہا
آویں نکیر قبر میں پوچھیں سوال جب / صورت تب اپنی آکے دکھا دیجئے شہا
مار سقر کی راہ پہ شیطان ہے غوی / جنت کی راہ ہمکو بتا دیجئے شہا
دفتر سے فرد نامۂ اعمال بد سے / منگوا کے اسکو اسنے ہٹا دیجئے شہا
درد فراق ہجر سے ناشاد ہے غریب / اب در پہ اپنے اسکو بلا لیجئے شہا
نامہ مرا تو سیاہ ہے اعمال زشت سے / نیکوں میں نام میرا لکھا دیجئے شہا
دنیا اگر نہو وے تو پرواہ نہیں ہمیں / حق سے اب ہمکو عقبیٰ دلا دیجئے شہا

حیران صدق ہند میں غربت سے ہی بڑا
طیبہ اب اپنا اس کو دکھا دیجئے شہا

ولہ

عشق احمد میں اب جسکا دل گھایل ہوگیا / جان کو بار گنہ اوس پہ سے زایل ہوگیا
جنت ماویٰ میں پاویگا مکاں وہ شخص دور / محفل میلاد سلطان میں جو شامل ہوگیا
پا گیا نار جہنم سے وہ چھٹکارا ضرور / خطرہ دوزخ سے جسکا رنگ زایل ہوگیا
پاویگا وہ رنج عقبیٰ کا نہیں ہرگز ذرا / لذت دنیا میں جسکا دل نہ مایل ہوگیا
ذکر کیا ہے جسنے ذکر احمد مرسل کا شغل / اس کے سبب سے رنج و غم دنیا کا زایل ہوگیا
بنگئے موتی درخشاں اسکے جانوں دامن میں / آنسوؤں کو جو بہا محفل میں شامل ہوگیا
حشر میں سر پاویگا وہ شخص جانوں دو شق / ایک دم بھی جو کہ یاد حق سے غافل ہوگیا
ہوویگا فردوس میں جانوں آسی ہم دو / جنت ماویٰ کا اب حق سے جو سایل ہوگیا

شعر گوئی میں نہیں تھا صدق بہرہ مجکو کچھ
نعت لکھکر شاعروں میں تو بھی داخل ہوگیا

ولہ

نہیں ہے کسی جا دفینہ ہمارا / ہے کلمہ محمد خزینہ ہمارا
پھٹا جگر شق ہے سینہ ہمارا / بڑا سخت ہے اب تو جینا ہمارا

مدینہ کی زیارت میں اور شوق میں / نہ کھانا رہا ہے نہ پینا ہمارا
شب و روز اب گرمیِ عشق سے / نکلتا ہے بیحد پسینہ ہمارا
اسی دل میں دیکھے ہیں ہم روئے یار / یہہ سینہ ہے نقش نگینہ ہمارا
ہو دنیا میں جب تک نہ وہ مہ لقا / ہے مرنے سے بدتر یہہ جینا ہمارا
کہیں کس سے جا کے اب حال حقیقت / بھرا درد و غم سے ہے سینہ ہمارا
بلاوے نہ آقا مدینے میں ہم کو / اس عالم میں ہے ہیچ جینا ہمارا
شب ہجر سے اور غم و رنج سے / فگار ہے بڑا اب تو سینا ہمارا
کوئی دوست ہووے و یا ہووے دشمن / تواضع ہے سب سے قرینا ہمارا
صحابہ کا جو شخص دشمن ہوا ہے / نہیں جاویگا اس سے کینہ ہمارا
یہہ کہتے تھے اوس جذبہ میں آکر / جلا درد ہجران سے سینا ہمارا
نہیں باز آوی ہے ہرگز گنہ سے / برا نفس ہے یہہ کمینا ہمارا
صہیب یہہ ہی کہتے تھے رحلت نبی سے / یہہ سونا پڑا ہے مدینہ ہمارا
رسول مکرم کے ہم مدح خوان ہیں / لب آسمان پہ ہے زینہ ہمارا
فراق جدائی غم ہجر سے / ہوا سبز رنگ مثل مینا ہمارا

مناجات ہے صدق کی یہہ ہی تجھہ سے / لگا پار یارب سفینہ ہمارا

ولہ

کسی طرح کا مجھے اب ملال بھی نہ رہا / کسیکو کیا ہے بقا جو بلال بھی نہ رہا
نرا حبیب بھی اس شخص اہل ثروت پر / مدینے جاینکا جسکو خیال بھی نہ رہا
قریش نالان تھے ہر طرح کی بلاؤن سے / رسول پیدا ہوئی پھر وبال بھی نہ رہا
ہوئے جو قتل میں راہ خدا میں دنیا میں / انہیں تو عقبی کا کوئی زوال بھی نہ رہا
حسین ابن علی کو جنہوں نے قتل کیا / انہیں رسول کا ہرگز خیال بھی نہ رہا
بلال کہتے تھے پھرتے یہی مدینہ میں / رسول چل بسے مجکو وصال بھی نہ رہا
[illegible] سے تھے جو شاہان ذی کرم اعجا / زمین میں دفن ہوئی انکا مال بھی نہ رہا

تو صدق سو یا ہے غفلت سے بیخبر ہو کے
تجھے تو عقبیٰ کا کوئی خیال بھی نہ رہا

ولہ

اللہ ہے گناہوں سے مددگار ہمارا
دوزخ سے نہ خطرہ ہے نہ تھی خواہش جنت
کھینچے ہیں در خلد پہ غلمان و ملائک
لوٹینگے بلبلیں تو سیہان کو بیگا
کھینچے شب اسریٰ ہیں سبھی حور و ملائک
دنیا کی مصیبت سے نہیں خطرہ ہی ہمکو
حضرت ہی کیا ہو کہ رکھے ہم سے محبت
بہشت نہیں ہمکو ہی قیامت سے ڈرا بھی
کہتے ہیں حق میں تھی بلال حبشی کے
دل عشق میں احمد کے تو بیچین بڑا
ایک روز نبی نے کہا اویس قرنی کو

بندے ہیں آپکے وہ ہی ستار ہمارا
پہونچاوے جدھر چاہی اودھر یار ہمارا
آویگا عجب شان سے مختار ہمارا
ہی شافع مختار تو سردار ہمارا
آویگا بڑی دھوم سے سردار ہمارا
ہر حال میں اللہ ہے مددگار ہمارا
دیکھیگا کسی روز وہ دیدار ہمارا
ہے سید ابرار تو مختار ہمارا
ہے وہ تو محبت میں گرفتار ہمارا
جاویگا کسی طرح نہ آزار ہمارا
مدت سے ہی وہ عشق میں بیمار ہمارا

مجھکو بھی تو گناہوں سے نہیں صدق ہی خطرہ
ہے احمد مرسل تو مددگار ہمارا

ولہ

مجھے بھی نہیں اب سہارا کسی کا
ہے قبضہ میں حق کے بلا شبہ بیشک
سوائے محمد قیامت میں ہرگز
قیامت میں ہونگی نبیوں کے درجے
نہ جب تک عبور ہوں ہماری پیغمبر
بغیر از وسیلے محمد کے یاران
پڑے اپنی اپنی قیامت میں سبکو

بجز ذات احمد نہ یارا کسی کا
گھٹانا کسی کا بڑھانا کسی کا
نہیں واں تو ہوگا نہ یارا کسی کا
محمد سے زیادہ نہ ہوگا کسی کا
گذر پل سے ہرگز نہ ہوگا کسی کا
نہیں ہوگا پل سے گذارا کسی کا
نہ ہو سوا کسی کے نہ تھیں کسی کا

یہی رضوان کہتا تھا اسریٰ میں ہر دم ۔ اب آتا ہی وہ جلد بیمار کسی کا

جو عارف ہیں بندے وہ حق ہی کو دیکھیں ۔ بُرا وہ نہ دیکھیں نہ اچھا کسی کا

ہوا جو کچھ رتبہ ہے احمد نبی کو ۔ ہوا ہے نہ ایسا نہ ہوگا کسی کا

خبر لیجیے آکے اب جلد اسکی ۔ نکلتا ہی دم اب ہی سچا کسی کا

پڑیگی قیامت میں اپنی سبھوں کو ۔ نہ مادر کسی کی نہ بابا کسی کا

وسیلہ سے احمد کے سب پار ہونگے ۔ نہ جانو تم ہرگز سہارا کسیکا

جسے دیوی ذلت جسے چاہی عزت ۔ نہیں حکم حق میں اجارا کسی کا

سوا تیرے حاجت نہ چاہوں کسی سے ۔ نہ محتاج کر اب خدایا کسی کا

رسول خدا یہہ ہی کہتے تھے اکثر ۔ نہ بہتر کسی کو ستانا کسی کا

میں پڑہتا ہوں مولود سلطان عالم ۔ اب آتا ہے گہر میں اُجالا کسی کا

نہوگا مددگار جز شاہ عالم ۔ نہ آدم کسی کے نہ عیسیٰ کسی کا

اگر ہوتی پیدا نہ ذات محمد ۔ نہیں لگتا پہر تو ٹہکانا کسی کا

خدا نے نبی بہت پیدا کیے صدق
نہیں ایسا رتبہ بنایا کسی کا

ولہ

دل میں میری ہے خیال مصطفیٰ ۔ خواب میں دیکھوں جمال مصطفیٰ

آئی دنیا میں ہزاروں تھی رسل ۔ تھا نہیں کوئی مثال مصطفیٰ

مثل آئینہ تھا روی باصفا ۔ تھا مرات حق جمال مصطفیٰ

جسکہ قرآن میں ثنا خوان ہو کریم ۔ پہر لکہی کیا کوئی حال مصطفیٰ

کیا لکھیگا کوئی ممکن نہیں ۔ حد سے بیحد ہیں کمال مصطفیٰ

خواب میں ایک شب تو دیکھی لگ گئی ۔ آیا جو دل میں خیال مصطفیٰ

رکھتی ہیں سارے پیمبر برتری ۔ ہیں فزون سب سے کمال مصطفیٰ

ہوتا وہ ہی الغور عاشق ہی بشر ۔ دیکھہ لیتا جو جمال مصطفیٰ

مبتلا ہوتا تھا وہ تو عشق میں ۔ دیکھتا تھا جو جمال مصطفیٰ

صفتون سے نہین ممکن ثنا ۔ مین لکھوں اب کیا کمال مصطفے
کہتے تھے حسرت سے دلمین بہہ اویس ۔ دیکھیے کب ہو وصال مصطفی

قطعہ

ہے انس سے یہ ہی مروی بالیقین ۔ تھا نہ چہرہ پر ملال مصطفے
مجھ سے اُف تک بھی نہین کہتے کبھی ۔ کیا ہی عمدہ تھی خصال مصطفے
دل مین میری بیکلی رہتی ہے بس ۔ جب سے دیکھا ہے جمال مصطفے
سمجھو انکو سحر کہتے مشرکین ۔ تھکے جب ہوتا ملال مصطفے
ایک اعرابی گرا تھا فرش پر ۔ دیکھ ہیبت سے جلال مصطفے
تھے نرالے عشق مین رومی صہیب ۔ تھے وہ شیفتوں جمال مصطفے
واسطے امت کے مرتے دم تلک ۔ چشموں سے بہتا زلال مصطفے
ہو گیا تاریک مثل شب جہان ۔ جب ہوا تھا انتقال مصطفی
تا رہین رہ سے نہ کوئی امتی ۔ تھا یہی حق سے مقال مصطفی
ہجر مین اس شہ کے بعد انتقال ۔ تھا بہت غمگین بلال مصطفے

ہے دعا اب صدق کی تجھ سے کریم
دیکھ لوں پھر مین جمال مصطفے

ولہ

چشم سے آنسو بہانا ہو گیا ۔ درد و غم اپنا سنانا ہو گیا
جو در روضہ پہ جانا ہو گیا ۔ پھر تو ملنے کا ٹھکانا ہو گیا
عشق مین کیا دل دوانا ہو گیا ۔ درد کا اپنے جتانا ہو گیا
پہونچا گر تو منزل مقصود کو ۔ رحمت حق کا بہانا ہو گیا
کیا ہی حکمت تھی شب معراج مین ۔ عاصیوں کا بخشوانا ہو گیا
حسرتین دل کی نکالوں یا رسول ۔ گر مدینہ مین جو آنا ہو گیا
کچھ نہین لی آپ نے مطلق خبر ۔ دل محبت مین دوانا ہو گیا
آپ کی الفت مین ای میری بیان ۔ کیا کہوں دشمن زمانا ہو گیا

جسم بیمار تھی اُس دم عزیز
مرغ تن جبکہ روانا ہوگیا

عشق اُنکے باعث نامی خلق میں
میرا قصہ اور فسانا ہوگیا

رہگیا غفلت میں سوتا صدق تو
قافلہ جلدی سے روانہ ہوگیا

ولہ

جس دل میں عشق شافع روز جزا ہوا
عالم کے رنج وغم سے وہ بیشک رہا ہوا

ذکر خدا سے جسنے کہ خالی رکھا ہی دل
وہ شخص رنج وغم میں سدا مبتلا ہوا

جو کام ہی ریا کا ثواب اسمیں ہے نہیں
مقبول ہی وہ کار جو بہر خدا ہوا

دیتا ہی رزق زانی و میخواروں کو کریم
محروم اُسکے در سے نہ شاہ و گدا ہوا

روز ازل میں جسنے کہ زیارت رسول کی
جود و کرم میں وہ ہی تو بحر سخا ہوا

اور ہماری فضل خدائی کریم سے
حامی ہمارا حشر میں خیر الوریٰ ہوا

یہہ فخر ہمکو بس ہی دنیا میں ای فنا
ہمکو خدا کے فضل سے ایمان عطا ہوا

ایمان اُسکا پکا ہے مضبوط ہی قوی
جس شخص کے کہ قلب میں خوف و رجا ہوا

کیسی نماز ہماری ہی حق کو تو دوستو
قرآن میں جسکا ذکر و بیان جا بجا ہوا

بس شکر ہے زبان سے خدائی کریم کو
نعرہ ہماری شعروں کا صل علیٰ ہوا

ہوگا نہ صدق وہ تو پریشان دل کبھی
سینہ میں جس کے جان تو ذکر خدا ہوا

ولہ

پڑھیگا جو بشر دل سے اگر کلمہ محمد کا
محل اُسکے لیئے طیار ہوویگا زبرجد کا

مصیبت اور بلا میں سب ہماری دور ہوتی ہیں
ہمیں اکسیر اعظم ہی بلاشک نام احمد کا

یقین جانو کہ رب کرتا ہی ذکر اُسکا فرشتوں سے
کوئی جو با ادب لیتا ہی نام حضرت محمد کا

یقین ہی خواب میں ہوویگی اکدن اسکو زیارت بھی
جو ہر دم عشق وہ رکھی اگر روحی محمد کا

کسی صورت کٹی ہے مدینے وہ تو پہونچیگا
جو رکھتا شوق تھی دل سے اگر کوئی محمد کا

سمجھ لینا حرام اسپہ ہوئی ہی آگ دوزخ کی
جسے بھایا ہی دل سے نام پیارا اس محمد کا

تمنا ہی کہ مین جا کر بہارون پلکون سے یثرب
گدا کر دے خداوندا مجھے حضرت کی مرقد کا

یہی ہے آرزو میری یہی ہی التجا میری
الٰہی تو مجاور کر دے مجھکو کوی احمد کا

شہنشاہی سے بڑھ کے ہی وہ دنیا کے مراتب مین
گدا گر ہے بلا شک جو کوئی کوچے محمد کا

ذرا غور و تامل سے بیان دیکھو تو ہونٹون کو
چمٹ جاتی ہین لب جب نام آتا ہی محمد کا

خوبی و عادت بیان کب ہو بھلا ای دوستو ہم سے
خدا فرما چکا قرآن مین جب اخلاق احمد کا

مزا آتا ہی زیادہ قند و مصری سے سمجھ لینا
زبان پر جب میری آوے ہے نام حضرت محمد کا

بیان قامت نہین ہو سکیگا ہم سی کچھہ ذرا مطلق
زمین پر بھی نہین پڑتا تہا سایہ آپکی قد کا

نہی جاتا وہ کوچہ جہان تشریف لیجاتے
بیان کچھ ہو نہین سکتا ہی خوشبوی محمد کا

گرا ابلیس سر کے شیطان اور گری ہین بت اوندھی
ہوا دنیا مین شہرہ جب شہ عالم کی آمد کا

سبب عالم ہی یہہ دنیا ہی خلایق اسمین بستی ہی
ذرا سمجھو یہہ ہی گلشن بنا نور محمد کا

کہان آدم کہان عیسیٰ ذرا سمجھو سمجھ تم
سمجھ لینا رتبہ ہی اعلیٰ سب سے احمد کا

تمنا ہی کہ رخصت ہو کے دنیا سی کرے حضرتکی قدمبوس
گذر فردوس اعلیٰ مین ہو کر جان مفید کا

اسی کا نور ہی ہر جا اُسی کا جلوہ ہی روشن
ملا لاریب ہی جانون احد سے میم احمد کا

وضو کر کے محبت سے جو لیوے نام حضرت کو
نہین جنگل مین خد شہر ہی اسمی

جمعہ کے دن پڑھیگا جو کوئی صلوات کثرت سے
مکان فردوس اعلیٰ مین ملی اسکو محمد کا

شفا پائیں مرض سے جو کہ دیکھ کر بال کو ہوین
چلا آتا ہی ابتک معجزہ موئی محمد کا

تعشق اضطرابی حد سی ہوتی ہی فزون ای دوستو
خیال آتا ہی دل مین جبکہ گیسوی محمد کا

بڑا مشتاق زیارت ہون دل حیران نالان ہے
دکھا دی ای خدا مجھکو ذرا جلوہ محمد کا

بلا اسکو نہین پہونچیگی دنیا کی سمجھ لینا ذرا یارو
مصیبت مین جو لیگا صدق دل سے نام احمد کا

ولہ

جبکہ اس دنیا مین وہ سید ابرار آیا
سرور سرور دو جہان احمد مختار آیا

سرنگوں جب ہوئی ابلیس بکار اسوقت
کفر سارا مٹا اب دین کا سردار آیا

جنگ میں دیکھے کہتے تھے عمرؓ کو مشرک
بھاگو اسجا سے کہ وہ قاتل کفار آیا

ہلتی زنجیر ہی حجرہ کی معراج کی رات
ان کی آن میں ہو کے شہ ابرار آیا

سنکے زندیق نے معراج کی تصدیق نہ کی
پھر تصدیق وہ صدیقؓ وفادار آیا

حضرت و پاس سے کہتے تھے اویس قرنی
یا نبی اسقدر میں جینے سے ہوں بیزار آیا

پہونچے جنت میں جو حضرت تو پکارا رضوان
لو قدم جلد کہ جنت کا وہ سردار آیا

کہا حضرت نے کہ ہوونگی گنہ اسکی معاف
بعد مرن جو میری قبر پہ زوار آیا

عرض ہی صدق کی یارب بطفیل احمد
دے نجات اسکو کہ دنیا سے ہی بیزار آیا

ولہ

عالم میں بجا احمد مختار کا ڈنکا
کیا خوب بجا اس شہ ابرار کا ڈنکا

موسی کا بجا نہ عیسی کا بجا ڈنکا نہ الیاس
جیسا کہ بجا سید ابرار کا ڈنکا

ق

بت پرستی تو ہوا کرتی تھی عالم میں بپا
کعبہ میں بجا کرتا تھا کفار کا ڈنکا

کافور ہوئی کعبہ سے سب شرک و کفر
جس وقت بجا سرور مختار کا ڈنکا

بتخانہ میں مندر میں تو ناقوس بجے ہیں
مسجد میں بجے دین کے سردار کا ڈنکا

دوزخ میں پڑا رہیگا نہیں کوئی بشر بھی
جس وقت بجے رحمت غفار کا ڈنکا

رحلت ہوئی دنیا سے جب ہی خیر بشر کی
بجنے لگا بابکرؓ وفادار کا ڈنکا

دو سال سے زیادہ بجی بابکرؓ کے ڈنکے
بعد اسکے بجا دوسری سردار کا ڈنکا

فاروقؓ کے ڈنکے بجی لے شرق تا غرب
پھر بجنے لگا تیسرے سردار کا ڈنکا

مشہور ہوا ملک میں اور سارے عرب میں
عثمان غنیؓ صاحب زردار کا ڈنکا

ڈنکے بجی چھہ روز تو عثمان غنیؓ کے
بعد اسکے بجا حیدرؓ کرار کا ڈنکا

ڈنکے بجی ہو چکے تو بس ایک جگہہ پر
ہر جا پہ بجا سرور سردار کا ڈنکا

پاویگا وہی شخص تو باب جنت ماوی
جو دل سے بجا دیگا انہیں چار کا ڈنکا

بجتے ہین پرائی تو دہل تاشون کو اپنے
لاحول ولا سمجہو نہ اُس ڈہلکی کو بہائی
تم ڈنکے کے معنی تو یہان حکم کے جانو

ای نفس بجا تو شہ ابرار کا ڈنکا
جیسے کہ بجے ہند مین سالار کا ڈنکا
ہے ڈہول نہ تاشہ یہان یار کا ڈنکا

اس نفس نے کتنے سے بہت ڈنکے بجائی
اب صدق بجا تو شہ ابرار کا ڈنکا

میرا دل تہی یہ تو ہی فدا ہی لو لگی ہی میری ہمیلا
پڑا ہجر مین ہون نہین بیقرار ہوا دلکو صبر ہی نہی اضطرار
مری دلکو اسقدر ہی بیکلی پڑا ہجر مین ہون گلی گلی
ہوئی عقل میری ہی اب سلب نہین عقل مجکو جنون ہی سب
مین اسی لئے ترا کو ہون گدا ہی دلکا مری مدعا
مری بخت ایسا تو ہی کہان کہ جمال دیکہون شہ زمن
یہ نصیب میرا تو ہی نہین کہ جمال دیکہون شہ امین
مجھے فکر کا ہی بڑا سفر وہان ہوگی دہشت سخت تر
نہ مان وہان ہو نہ ہو پدر نہ مکان ہووی نہ ہو در
ہی لبین میری ہی پانی ملون انکہین رہی تو ہون غنی

یہی رات دن تو ہی اب دعا کہ دکہا نبی کو مجہی خدا
رہون رنج مین ہون نہین ہوشیار کہین رنج رب تو مرا اٹہا
مری حق مین بات یہی بہلی کہ خدا دکہا دی تو مہ لقا
یہہ دعا تو میری ہی تجہہ سے رب کہ مدینہ کو تو مجہی دکہا
یہ خدا تو تجہہ سے ہی التجا کہ رسول اپنی کا در دکہا
مرا سینہ انکو ہی بس یہان خدا آگ اسکی تو دی بجہا
گنہ کو ناسئے در یہ تو جبین خدا عشق تو اسکو مجہی دکہا
مجھے اس جگہہ سے لگے خطر وہان دی امان تو بس خدا
نہ بچہونا ہووی نہ تکیہ سر خدا اسکے ہی تو دی بچا
یہی عرض کرتا ہون ہر گہڑی آ تو ہی کر مری

ارے صدق عمر تو کرت سے کیا جو لکہا ہے بخت مین ہو سکا
یہی اب خدا سے تو کر دعا کہ نبی کا روضہ تجہے دکہا

مرے دلنے طلب کو برلایا خدایا
یہہ دل مردہ رہتا ہی غفلت مین ہردم
مجھے ابتو احمد کی صورت کو جلدی
اپنی محبوب پیارے کی مجلس مین مجکو
نبی بوسے لیجا بر کے لڑکون کے حق مین

مری حاجت ابتو روا کر خدایا
جلا دے جلا دے جلادی خدایا
دکہا دی دکہا دی دکہا دی خدایا
بٹہا دے بٹہا دی بٹہا دی خدایا
جلادے جلادی جلادی خدایا

غم و رنج دنیا کا اب دل سے میرے — بھلا دے بھلا دی بھلا دی خدایا
میں دیدار شربت کا ہون پیاسا — پلا دے پلا دے پلا دی خدایا
مزا عشق احمد کا سب سے ہے میٹھا — چکھا دے چکھا دی چکھا دے خدایا
گنہ اپنی دفتر سے امت کے ساری — مٹا دی مٹا دی مٹا دی خدایا
مدینہ کے پہولونکی خوشبو تو مجھہ کو — سنگھا دے سنگھا دی سنگھا دے خدایا
کوئی مژدہ چلنے مدینہ کا اب تو — سنا دی سنا دی سنا دی خدایا
نبی کہتے تھے میوہ حسنینؓ کو — کہلا دے کہلا دی کہلا دے خدایا
کوئی راہ طیبہ کے جانیکی مجھہ کو — بتا دی بتا دی بتا دے خدایا
مین سو رہا ہون غفلت مین چونکا نہین ہون — جگا دی جگا دی جگا دی خدایا
تو اب رنج و غم فکر دنیا کے سارے — ہٹا دی ہٹا دے ہٹا دی خدایا
تو البتہ کم بیندون سے مجھکو — چھوڑا دی چھوڑا دی چھوڑا دی خدایا
در روضہ پر تو کسی طرح سے — پہنچا دی پہونچا دی پہونچا دی خدایا
میرا دل محبت مین حضرتؐ کے ہر دم — لگا دی لگا دی لگا دی خدایا
بچا کر بدون سے تو ابرارون مین — ملا دے ملا دی ملا دے خدایا

تو راہِ حقیقت ذرا صدق کو
بتا دے بتا دے بتا دے خدایا

ولہ

واہ کیا آدم و حوا سے یہ جوہر نکلا — صلب سے انکی محمدؐ سا پیمبر نکلا
موسیٰ و عیسیٰ نبی آئی پیمبر لاکہون — پر نہ عالم مین کوئی آپ سے بہتر نکلا
کیا کلام آپ کا تہا صل علیٰ صل علیٰ — جو سخن آپ سے نکلا وہی بہتر نکلا
خواب مین دیکھہ کے وہ روئی منور اطہر — کیا میری آنکھون سے طوفان سمندر نکلا
لایا ایمان نبی پر وہی بہتر ہے بشر — جسنے تصدیق نکی وہ تو دلِ کافر نکلا
حشر مین جین انکا دیکھا وہ بینک انسان — جو کہ اس دنیا مین ایمان سے مرکر نکلا

تھے مددگار صحابی ہی بہت سے یارو
عدل و انصاف میں جیسے کہ عمر تھے عادل
ہیں فرشتے بھی حیادار خدا کے بندے
تھے صحابہ سبھی حضرت کے ورع میں کامل
جان نثاری میں صحابی تھے بہت سے اکثر
جسکو ثروت ہوئی آور وہ یثرب نہ گیا
کھوینگی ہول قیامت میں یہ عیسی لاریب
جسنے مرشد کا نہ ماباپ کا کہنا مانا ؎
چشم کو کھول کے دیکھو ذرا کان قدرت
بحر دنیا میں گرا وہ ہی تو دلدل میں پھنسا
آتش ہجر جدائی کے فلق سے ناگاہ
آتش ہجر میں رویا جو بحال مضطر
عرض کرتا ہوں ذرا آکے خبر لیجیے میری
گور میں کیا دیکھیگی بااشک اسکو ؎
قبر میں اسکا کفن میلا نہوسکا ہرگز ؎

پیر ابابکر سا کوئی نہیں یاور نکلا ؎
سے فی الحقیقت نہیں ایسا کوئی افسر نکلا
پیر کوئی شرم میں عثمان سی نہ بڑھکر نکلا
پیر علی کا نہ کوئی زہد میں ہمسر نکلا
پیر وفادار علی سے نہیں بہتر نکلا ؎
وہ نصیبے کا بڑا سخت و لاغر نکلا
کاش میں امت احمد سے نہ بڑھکر نکلا
حیف صد حیف کہ وہ سب میں ستمگر نکلا
کوئی بلعم کوئی پیرا کوئی شہر نکلا ؎
غرق وحدت جو ہوا وہ تو اچھلکر نکلا
شعلہ ایک آہ کا دل سے مری بنکر نکلا
چشم سے ایک مری اشک سا گوہر نکلا
ورنہ سینہ سے پریشان دل مضطر نکلا
کپڑے باریک پہنکر جو اکڑ کر نکلا
بدترین خلق جو اپنی کو سمجھکر نکلا

نہ کری یاد خدا اور رہی غفلت تجھکو
حیف ای صدق کہ تو خلق سے بدتر نکلا

ولہ

ہے بھلا جسنے کہ اللہ کو اکبر جانا
چاہیئے احمد مرسل سے محبت ہمکو
ہے تمنا کہ جھکے ماتھے کو اپنے اجتر
حالت نزع سے کہتا ہوں ہی میں غمناک
شب معراج میں کہتے تھی کسی جا پہ اویس

رہبر خلق محمدؐ کو پیمبر جانا
ہوگا محشر میں ہمیں پل سے گذر کر جانا
سرور سرور سرا کے جو ہو در پر جانا
یا رسول عربی ہم پہ مدد کر جانا
شافع روز جزا مجھکو نظر کر جانا ؎

فخر کا او سکونہ خطرہ ہی غم نہیں سے ضرر — شافع خلق کو جس شخص نے افسر جانا
انیت خیر شر سب ہی کرتی ہیں دعا — ہو خدا ہمکو تو فردوس کے اندر جانا
فی الحقیقت ہی وہ حیوان نہیں ہے انسا — وہی انسان ہی کہ جو آپ کو اصغر جانا
نفس بد سے بڑا سرکش بڑا ہی فتنہ — وائی اوس شخص پہ جسنے اسی احقر جانا
بہی اچھا ہی بہتر ہی افضل ہی فنا — نفس کش کرکے جو اس آپ کو بدتر جانا
وہی بہتر ہی کری وہ ہی اگر سے نہ چلے — ہو نہ جس شخص کو دنیا سے سفر کر جانا
ہر گنہ سے ہی شرم و ندامت ہی ضرور — بدترین ہی وہ گنہ جسکو کہ کمتر جانا
کیوں گنہ کرتا ہی کیوں حق سے ہی ہو اغافل — قبر میں ای فنا تجکو ہے مقرر جانا
وائی جو علم پڑہا اور رہا وہ گمراہ — جب رسالت کو نہ جانا تو کیا بہتر جانا
باغ فردوس میں ہو پہنچیگا بلا شک وہ ضرور — جس بشر نے کہ محمد کو ہے رہبر جانا

صدق مسکین کا ہی آداب سے کہدینا سلام
ہو جو اسے خضر کہیں روضۂ انور جانا ❊

ولہ

شرم و حیا کا شیوہ جو اور انبیا میں تہا — وہ سب طریقہ شافع روز جزا میں تہا
ایسا نہیں تہا یوسف مصر کا حسن ہی — حسن و جمال جیسا رسول خدا میں تہا
ایسا کسی بشر میں نہ حلم و ادب ہوا — جو حلم اور خلق شہ دوسرا میں تہا
دنیا سی کچھ غرض نہ تہی تن پروری سے کام — دل آپ کا لگا ہوا راہ خدا میں تہا
جن و بشر میں ایسا نہ تہا وصف اور کمال — وصف و کمال جو شہ ارض و سما میں تہا
ظاہر میں آنکھیں سوتی تہیں پہ جاگوں دوستو — دل خواب میں بہی آپ کا یاد خدا میں تہا
ایسا کرم کا شیوہ کسی میں ہوا نہیں — جیسا سخا کا شیوہ حبیب خدا میں تہا
سختی سے کوئی بات کسی سے نہیں کہی — کیا حلم اور وقار شہ انبیا میں تہا
ظاہر کلام کرتے تہی لوگونکے سامنے ہمیں — دل آپ کا ہمیشہ تو ذکر خدا میں تہا
جامہ سے جس کے لگ گیا دست نسیم اتم — وہ جامہ بس بسا ہوا عطر میں حنا میں تہا

طے کرتا تھا براق نبی پل میں آسمان
ساعت میں تخت جاتا سلیماں ہوا میں تنہا

برکت سے نام لینے رسول کریم کے
وہ بچ گیا جو پھنس گیا کوئی بلا میں تنہا

جسم سمیت چلے رسول خدا آسمان پر
ایک غلغلہ سا شور کا ارض و سما میں تھا

یہ مرتبہ تو اور رسل کا ہوا نہیں
اقرا پڑھایا آپ کو غار حرا میں تنہا

ق

ایسا نہ ہوگا شوق کسی شخص کو کبھی
صدیق کو جو عشق کہ راہ خدا میں تنہا

کانٹے سے ڈس دیے کے تو آنسو بہا کیے
دل صبر سے لگا ہوا بس مصطفیٰ میں تنہا

پیاسے شہید ہونگے نواسے رسول کے
لکھا ہوا یہ پہلے ہی حکم قضا میں تنہا

کیا خاطر حسین تھی جسکا نہیں شمار
کوثر کا جام رضوان لایے کربلا میں تنہا

ظاہر بلال پھرتے تھے کوچہ میں شام کے
دل انکا تو لگا ہوا خیر الوریٰ میں تنہا

وہ دیکھیے لینگے جا کے سزا اپنی قبر میں
چلو شراب پیتا ہی جنکی غذا میں تھا

وہ چین ہی سے رہینگے جا کر بہشت میں
جسکا کہ دل لگا ہوا خیر الوریٰ میں تنہا

شکر خدا تو چاہیے دنیا میں آن کر
انسان پہلے شکم کے رنج و بلا میں تنہا

عبرت سے خاک دیکھی جو دونکی ایک سی
ایک ذرہ فرق کچھ بھی نہ شاہ و گدا میں تھا

آزاد ہو گیا ہی وہ توبہ سے جان لو
مدت سے جو پھنسا ہوا حرص و ہوا میں تنہا

آزادی اسنے پائی ہے مولود کر بیان سے
جو عرصہ سے لگا ہوا جور و جفا میں تھا

جائیگی بہشت اُسکی ہی فضل خدا سے جا
مرنے سے اپنے پہلے جو خوف و رجا میں تنہا

لکھوں کوئی غزل تو میں اب صدق نعت میں
مدت سے یہ خیال تو فکر رسا میں تنہا

ولہ

خواب میں جسکے وہ اب صاحب نظر آیا
لا ریب وہی صورت رحمن نظر آیا

ہوا مجنون وہی جو عشق نبی میں سرشار
باغ دنیا تو اسے دشت و بیابان نظر آیا

دل بیمار میں جز ذات شہ ہر دوسرا
نہیں اسکو کوئی اب درد کا درمان نظر آیا

جو بشر ہو گیا اب عشق محمد میں فنا
گھر تو اپنا اسے بس خانہ زندان نظر آیا

کوچہ عشق میں دیکھا ہے فنا ہوتے جسے
اس جگہ گبر نہ ہندو نہ مسلمان نظر آیا

غور سے فکر و تامل سے جو دیکھا اسکو
وہی ظاہر وہی باطن وہی رخشان نظر آیا

گل میں وہی غنچہ میں وہی سرو و چمن میں
ہر اک جائی وہی نور درفشان نظر آیا

ہر رنگ میں ہر شے میں ہر ایک تجل وہی جچین
ہر اک انسان میں وہی صورت انسان نظر آیا

چشم دل کھول کے دیکھا جو کسی جا پہ اسے
وہی اونچا وہی نیچا وہی یکسان نظر آیا

آئینہ دل میں ذرا غور سے دیکھا اسکو
وہی حاضر وہی ناظر وہی پنہان نظر آیا

کو بکو دشت میں پھرتا ہوں میں وحشی کیطرح
کوئی عالم میں نہیں مجھسا پریشان نظر آیا

وائی قسمت نہیں کوئی شکایت تجھسے
آج تک مجکو نہیں وصل کا سامان نظر آیا

کشش عشق میں تاثیر ہے مثل تجلی
واہ بلقیس کو بھی تخت سلیمان نظر آیا

حالت نزع میں ایک شخص کو اک سمت لگا
کہیں ابلیس لعین درپی ایمان نظر آیا

جائے عبرت ہے نصیحت کو سمجھ لو یارو
وای اسوقت میں ہر مرد تو ترسان نظر آیا

عشق ہو جاویگا اسکو تو عجیب کا ضرور
جس بشر کو کہیں اب صدق کا دیوان نظر آیا

ولہ

احمد سے بڑھکے کوئی بھی افسر نہیں ہوا
عالم میں ایسا جانوں کہ رہبر نہیں ہوا

جو اصل بد ہے وہ کبھی بہتر نہیں ہوا
جو ذرہ مٹی ہے کبھی کنکر نہیں ہوا

آدم سے لیکے عیسی تلک سب حبیب ہیں
پیارا خدا کو ایسا پیمبر نہیں ہوا

بدی لیئے پھرتا ہے چار و طرف مجھے
اس نفس سے تو کوئی ستمگر نہیں ہوا

جس شخص نے کہ آپ کو سمجھا بزرگ ہے
یہ جان لو کہ وہ کبھی برتر نہیں ہوا

جو بد سرشت ہے وہ کبھی عارف نہوئیگا
کنکر کہیں زمرد و گوہر نہیں ہوا

عارف جو ہو گیا ہے زوال اسکو ہی نہیں
جو لعل ہو گیا ہے وہ پتھر نہیں ہوا

واعظ عمل جو کبھی پہ اپنے نہیں کرے
پند اسکے سے اثر کبھی دل پر نہیں ہوا

بیشک برادہ مرد ہے کچھ اسمیں شک نہیں
دنیا کے درد و غم سے جو مضطر نہیں ہوا

ای صدق کر دعا کہ خدا کر دی اب حسن
تجھہ سا تو کوئی دنیا مین بدتر نہین ہوا

ولہ

خواب مین صورت انور پہ میرا دل آیا — پڑھہ درود انپہ کوئی کہتا یہ سایل آیا
آئی دنیا مین ہی ہستی شکیل و خوش خو — پر نہ احمد سا کوئی شکل و شمایل آیا
ق
آئے عالم مین نبی لاکہہ سے زیادہ جانون — پہر بخشش نہ کوئی ایسا وسایل آیا
خلق مین ہمکو تو بتلا دو ذرا اکبر و یہود — خوبی و عقل مین ایسا کوئی کامل آیا
واہ کیا صحبت تاثیر تھی شاہ لولاک — کامل ہوا وان آکے جو جاہل آیا
ق
فیض بخشی شہ ابرار کی کیا ہو تحریر — پہر کے محروم کوئی وان سے نہ سایل آیا
کیا تم ہی نہین جانون ہوا امت عیسے — کون تھی وہ نبی جو سب سے اوایل آیا
وہ محمد مین بلاشک ہی رسول اکرم — نور سب نبیون سے چمکا کہ اوایل آیا
جس شریعت نہین اٹھا ہے نبی کا کہنا — ڈوبا وہ بحر مین اور اوسکو نہ ساحل آیا
ہو گئے عفو گناہ آپکے توجہ سے چلکر — روضہ خیر بشر سے جو کوئی ہل آیا
غلبہ شوق مین کہتے تھے اویس قرنی — کس جگہ آنکہہ لگی ہائی کہان دل آیا
کہتے تھی عاشق جانباز بلال حبشی — سو گیا شوق مین اور ہائی کہان دل آیا

صدق تو کامون مین حق کے تو کرے تھی سستی
تجھہ سا دنیا مین کوئی شخص نہ کاہل آیا

ولہ

اٹھا نقاب کو چہرہ سے تجھے جلوہ اپنا دکھا دیا — رخ نور اپنا ذرا دکھا مجھی تھی بلا مین پھنسا دیا
دکھا اپنا مجکو تو یہ لقا مجھی خاک پر ہی گرا دیا — جہلی عشق کی تو مجھے ہوا مرا رنگ جہلا اڑا دیا
جہلک اپنی تو نے ذرا دکھا میری دلکو تو نے ہی لیلیا — جہ غم مین مجھو طرح ہی دیدیا مجھی تہ زمین پہ بٹہا دیا
دکھا تو نے اپنی مین ذرا مرا ہوش سارا گنوا دیا — مجھی عشق کا جو سبق دیا جو پڑہا تہا مجکو بہلا دیا
جہلی ایک ایسی تو بس ہوا کہ صدور آنکہون مین چہپا گیا — جو چمن مین غنچہ تہی جا بجا سبہی غنچون کو تو کہلا دیا

نہیں لگتا ترا کہیں پتا نہ نشان ہی نہ مکاں ترا — میری نظروں میں تو ہی تو ہی بسا تو نے غم میں اپنی دبا دیا
لگا تیر ایسا تو کارگر ہوا زخم اس سے تو سر بسر — لگی برچھی ایسی تو سینہ پر مجھے فرش پر ہی گرا دیا
مجھے ڈھونڈتا ہوں نہیں کو بکو مجھے رات دن ہے جستجو — تری دیکھنے کی ہے آرزو مجھے دل سے تو نے بھلا دیا
تری عشق میں ہوں نہیں نعرہ زن نہیں ہوش لگے ہی جگر — نہیں بہاتا کوئی مجھے سخن تری ہجر نے ہی رلا دیا
مرا دل ٹھکانے رہا نہیں مری ہوش اب ہیں بجا نہیں — مجھے تنگی اپنے خبر نہیں مجھے ہستی سے ہی مٹا دیا
تری یاد آتی ہے جس گھڑی مجھے بجلی لگتی ہے [illegible] تری — ترا اٹھنا تو دیکھو نہیں اب ورہی تری [illegible] ہی گھلا دیا
مری دل میں اٹھو ہی ترا غم نہیں چین مجھکو ہی ایک دم — تری ہجر میں ہی ترا الم مرا سینہ تو نے جلا دیا

اری **صدق** اتو کیے ہے کیا جو خدا کرے گی سو ہوئیگا
نہیں اس جگہ یہ ہے چون چرا تجھے عشق نے ہی کھلا دیا

ایک عاشق والہ و شیدا ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا آپ ہی آپ کہہ رہا تھا

ولہ

شب سرمیں آقا ایک دولہا سا بنا ہوگا — در اقدس پہ آ براق جنت سے کھڑا ہوگا
عجائب کیفیت ہوگی عجائب اک سماں ہوگا — عمامہ سبز زریں سر پہ حضرت کی سجا ہوگا
عمامے سبز نوری میں سنہری نقش سب ہونگے — زمرد سبز کا طرہ بھی اسمیں ایک لگا ہوگا
اک ہوگی کفش یاقوت احمر پانوں میں جگمگاتے — کمر سے پٹکہ زریں بھی حضرت ایک بندھا ہوگا
[illegible] سرمہ جنت بھی آنکھوں میں کھنچے ہونگے — انگوٹھی میں نگینہ بھی زبرجد ایک جڑا ہوگا
چھری اک ہاتھ میں ہوگی زمرد کی نرالی سی — عجائب ایک جامہ تن پہ احمد کے سجا ہوگا
قبا بھی جنت ماوی کی تو اس دم زیب تن ہوگی — زمرد تاج نوری سبز سر پہ ایک رکھا ہوگا
بھلا اس وقت کا عالم کروں کیا یاد میں دلہن — رخ زیبا پہ حضرت کے عجب نور ضیا ہوگا
رخ انور میں حضرت کے قمر سے کی ہوگی — بہر او سدم صورت زیبا کا نقشہ کیا بنا ہوگا
زمیں سے عرش تک اسدم تو کیسی اک جلو ہوگی — جلو میں آپ کے ہمرہ فرشتوں کا پرا ہوگا
شمع [illegible] کے ہاتھوں میں نور کی ایک ہوویگی — فرشتوں کا صف الا پہ حلقہ سا بندھا ہوگا
ایک لطف وہاں ہوگا عجائب کیفیت [illegible] — فرشتوں کا پرا آگے درِ والا جما ہوگا

بس اسی حالت میں کہ فرشتے جب چلے ہونگے
قدم جب حجرہ اقدس سے باہر کو رکھی ہونگے
ہوا ہوگا گذر جس راہ اُس عالی پیمبر کا
نہ آنکی خبر ہوگی نہ جانیکی خبر اوسکو
عجائب کیفیت ہوگی زبان پر جو نہیں آتی
برائی سیر جسدم آپ واپس پھر چلے ہونگے
دل ناشاد اس جا پر پڑی چلتے ہیں ہم یارو
در دوزخ پہ تالے حکم حق سے جڑ گئے ہونگے
عذاب قبر عالم کے ہر اک جا سے اُٹھے ہونگے
صفیں باندھی کھڑی ہوونگی جنت کی تو سب حوریں
پئی تعظیم نبیوں کے پرے ہوونگے سب یکجا
پرندی پڑھتی ہونگی کلمہ طیب درختوں پر
سدرۃ المنتہی ہوگی ہوا الگ درختوں سے
کہیں غنچے لگے ہونگے کہیں پر گل کھلے ہونگے
لکھا ہوگا ہر اک پتی پہ کلمہ بسمہ عالم
ہر اک ڈالی پہ بیٹھے بھی زبرد سے لگی ہونگے
کہیں پانی بہا ہوگا کہیں نہریں چلی ہونگی
مربع حوض ہوونگے بنے ہونگے مرصع سے
صفائی شیشوں سے بہتر بھی ہوگی جہاں تک کی
دماغ ہونگی معطر ساری خوشبو کی تری اس سے
زمین عنبر فشاں ہوگی لپٹ اس میں تری ہوگی
مزا جنت میں وہ ہوگا جو لکھنے میں نہیں آتا
برنگ حشر ہوونگی خلائق سب پراگندہ

زمیں سے عرش تک اسدم تو کیسا آگیا ہوگا
وہاں جبریل اُسدم دیدۂ فرش بنا ہوگا
اوسیں ایک سمت میں بیہوش آسجا پڑا ہوگا
دل نالاں اسی حسرت میں اسکا پھر جلا ہوگا
کہیں پردہ وہ وحدت لامکانی جب اٹھا ہوگا
پئی تعظیم آ رضوان در جنت کھڑا ہوگا
بلال حبشی پہلے سب سے جنت میں گیا ہوگا
شب اسرا کی عظمت سے در جنت کھلا ہوگا
برائی ہم سیہ کاران در رحمت کھلا ہوگا
ہر اغلمان ہر اک جا پر کمربستہ کھڑا ہوگا
وہ داخل بیچ میں سب کے محمد مصطفی ہوگا
نرالا نغمہ طوبی کا جنت میں سما ہوگا
مگر طوبی کے پتوں سے بھی نغمہ ایک جدا ہوگا
کہیں بیٹھا درختوں پر پرندوں کا پرا ہوگا
ہر اک پھولوں کی پتی پر نرالا اک سما ہوگا
شجر سونے کا ہر کیاری میں عمدہ سا لگا ہوگا
کہیں فوارے سے چلنے کا وہاں ہر اک مزا ہوگا
کہیں پنا کہیں نیلم کہیں ہیرا جڑا ہوگا
ہر اک کیاری میں تختہ ایک پھولوں بیچ کھلا ہوگا
ہزاروں قسم کے پھولوں کا دستہ سا لگا ہوگا
وہاں پر فرش سندس بھی قرینہ سے بچھا ہوگا
کسی نے آنکھ سے دیکھا نہ کانوں سے سنا ہوگا
شفیع عاصیان سب پر محمد مصطفی ہوگا

رسول دوسرا کی نعت بعد ہی سنو یارو — مدح کا ایک شمہ بھی نہ کچھ مجھ سے ادا ہوگا
ڈرو اُس دن کی دہشت سے میری یارو عزیزو تم — یہہ گھر ہوگا نہ در ہوگا یہہ عالم سب فنا ہوگا
مراتب اولیاؤں کے نہیں ہو وینگی واسیر — بشر جب تک محبت مین نہ حضرت کے فنا ہوگا
خداوندا مجھے کیجو تو اُس دن یار کابی مین — کہ جس دن شافع محشر تو دولہہ بنا ہوگا
وہی سمجھیگا شعروں کو وہی سمجھیگا مطلب کو — مزا جسکو پیمبر کی محبت مین ملا ہوگا
یقین جانو یقین سمجھو میری تم ای رفیقو سب — کسی دن اپنا بستر بھی مدینہ مین لگا ہوگا
پڑھیگا صدق دل سے جو کہ کلمہ اک دفعہ احمد — یقین ہی خلد مین بیشک محل اسکو عطا ہوگا

مدح کیتا قیامت مین رسول احمد مرسل
وہان پر صدق بیچارہ کسی جا پر کھڑا ہوگا

ولہ

اوسیکو حمد ہی جسنے کیا آب روان پیدا — زمین و آسمان پیدا کیا کون و مکان پیدا
نہ تہا عالم نہ تہی ہستی نہین تہا کچھہ نشان پیدا — سبب سے احمد مرسل ہوا سارا جہان پیدا
ق اگر ظاہر ہوئی کچھہ بھی اگر پیدا ہوا تہا نور پہلی سے — انہین کے نور سی ساری ہوئی ہین انس و جان پیدا
کیا حق نی کہین پیدا انہین کرتا کبہی کچھہ بہی — محمد ہی کے باعث سے کیا ہی کل جہان پیدا
سخن تہا آپ کا ایسا نہ کہتی بات کڑوی تھے — نکوئی خلق مین ایسا ہوا شیرین زبان پیدا
ق اگر پیدا نہوتی سرور عالم نہین ہوتا کبہی کوئی — انہین کے توسیلہ سی ہوئی کون و مکان پیدا
انہین کے نور سی مہر ہین انہین کی نور سے کوثر — انہین کی نور سے بیشک ہوئی باغ جنان پیدا
نہ چودہ طبقے ہوتی اور نہ ہوتی کوئی شئے او نہین — ہوئی صدقہ سے حضرت کی زمین آسما پیدا
اندہیرا تہا خلائق مین پڑا اندھیر تہا عالم — طفیل نور حضرت کے ہوا نور جہان پیدا
نہ تہی آتش نہ تہی مٹی نہ تہی آب و ہوا کچھہ بہی — محمد کے وسیلہ سے ہوا انسان کا سب نام و نشان پیدا
بنائی چاند اور سورج نہین حکمت سے خالی کچھہ — کسی شئے کو نہین حق نی کیا ہی رائگان پیدا
نہ تہی گلشن نہ تھے غنچے نہ صحرا و بیابان تہا — ہوئی احمد کے نور ہی سے یہہ ساری گلستان پیدا
طفیل سید عالم ہے نکلا کوئی دوزخ مین — ہیری اس شعر کے مصرع سے ہی راز نہان پیدا

نہ کھانے اور پینے کو بشر جن آئی دنیا مین
عبادت کے لیے بیشک ہوئی ہین انس و جان پیدا

گنہ کرتا ہے بہاری اور بشر کمزور ہے انسان
نہین پیدا ہوا انسان سے کوئی ناتوان پیدا

وہ آئے شاہ دنیا مین کہ جنکی نوجہین ہین لاکہین
وہ ایسے گم ہوئے انکا نہین نام و نشان پیدا

طوالت اور درازی دن قیامت خلائق کو
شرارہی صور سے ہوویگا وان ہول گران پیدا

سوا نیزہ پہ آویگا سورج دن قیامت کے
شرار آگ دہوپ سے ہوویگا وان شور و فغان پیدا

سمجھ لے صدق عبرت سے سراسر ہے فنا عالم
گیا دنیا سے جو انسان بہلا ہے وہ کہان پیدا

طرز جدید مین غزل دربیان ولادت از میلاد شریف۔ تصنیف مصنف

در پہ جبریل کا تو آنا تہا
ولہ
تلوؤن سے آنکہہ کا لگانا تہا

آپ کو دیکہنے تو آنے تہے
اس کام کا تو فقط بہانا تہا

آنکہہ قدمون سے بس لگاکے تہا
لوٹ سدرہ پہ انکو جانا تہا

ق

در اقدس پہ قدسیون کو ضرور
جہولا حضرت کو آ جہلانا تہا

رضوان کو آن کر ادب سے بڑے
میوہ خلد بہی کہلانا تہا

جام لقشین سبز مین جانون
آب کوثر انہین پلانا تہا

حورون کو خلد سے تو آکے وہان
سرمہ ناز بہی لگانا تہا

بستر ناز پر لٹا کے انہین
لوریان دیکے بس سلانا تہا

رخ گلگون سے عرق پونچہہ تہا
اپنے کپڑون کو پہر بسانا تہا

کرکے خدمت حضور شاہ امم
اپنا عاشق انہین جتانا تہا

رہتے بیدار تہے رسول خدا
دل کو اللہ مین لگانا تہا

تارون سے ہی اشارے تہے انکے
چاند کو دیکہہ مسکرانا تہا

خواب مین صدق کو دکہا کے جہلک
اپنا شیدا انہین بنانا تہا

غزل دربیان معراج از میلاد شریف تصنیف مصنف

ولہ

آکے جبریل کا اوٹھانا تھا | خواب سے آپ کو جگانا تھا
ساغرِ وصل کا پلانا تھا | سیرِ جنت کا بس بہانا تھا
نیند سے آپ کو جگا کے ذرا | مژدۂ وصل کا سُنانا تھا
حق کو منظور تو بُلا کے وہان | اپنی رحمت کا بس دکھانا تھا
اپنے محبوب اور پیارے کو | حالِ محشر سبھی سُنانا تھا
حق کی جانیگا کون حکمت کو | بھید اپنا سبھی جتانا تھا
آپ کو عرش پر بُلا کے فقط | اپنے دیدار کا دکھانا تھا
ایک حکمت تھی یہہ بھی اسریٰ مین | رازِ غیبی سبھی جتانا تھا
ساغرِ وصل کو پلا کے وہان | باغِ فردوس بھی دکھانا تھا
خلد کا عطر بھی لگا کے وہین | میوہ فردوس بھی کھلانا تھا
عرشِ اعلیٰ پہ آپ کو جا کر | حق سے امت کا بخشوانا تھا
کام اسمین ایک تھا یہہ بھی | خلق کو رب سے بس ملانا تھا
ذاتِ والا ہوئی گر پیدا | عاصیون کا نہین ٹھکانا تھا
اوسکی حکمت کو کیا کوئی جانے | علمِ کل آپ کو سکہانا تھا

قطعہ بند حال ملک شام در خواب

خواب مین بس بلال کے جا کر | اپنا جلوہ اوسے دکھانا تھا
راز سے ناز سے لاڑ سے پیارے | اپنے روٹھے کا بس منانا تھا
شب معراج مین یہہ کہتے او بس | عاشقون کا فقط جلانا تھا

صدق حکمت تھی یہہ بُلانے مین
رُتبہ احمد کا بس بڑہانا تھا

ردیف حرف ب

ہو حمد مجھ سے خالق پروردگار کب | نعت رسول کی ہو دی ادا زینہار کب
عصیان مین غرق رہتا ہون رات دن پڑا | درگاہ حق مین میرا ہے عز و وقار کب

میرا کلام پست ھی بالکل ھی ناتمام — اپنے کلام پر ہے مجھے افتخار کب
ایمان بشر کو دینا خدا ہی کا کام ھے — انسان کو اپنی نفس پہ ھے بھلا اختیار کب
فردوس مین مقام تو فضل خدا سے ھے — طاعات کے بھروسہ پہ ھے اعتبار کب
جو چاھے سو کیا ھے وہ جو چاھی سو کرے — حکم خدا مین خلق کو ھے اختیار کب
مت فخر کر تو دولت و ثروت پہ اے فنا — عمر دو روزہ پر ھے بھلا اعتبار کب
اس آرزو مین رہتا ہون مین رات دن پڑا — لیجائے بخت خانۂ پروردگار کب
رہتا مدام ہون مین اسی غم مین زار زار — دکھلائے مجکو طیبہ وہ پروردگار کب
اے رب سوال تجھ سے ھے شام و سحر یہی — پہونچیگا یہہ مدینہ مین خدمتگذار کب
اے نفس شومی سے تو بڑا ھی گنہ مین آب — بلوا دین تجکو در شہ والا تبار کب
مدفون ہین بقیعہ مین ابرار اور شہید — لایق بقیعہ کے تو ھے اپنا مزار کب
یہہ جان لو بغیر سہارے رسول کے — ہو ویگا پل صراط سے اپنا گذار کب
کوچہ مین شام کے بھی کھڑے بلال تھے — بی مہرلقا کے دلکو ھے میری قرار کب
جب تک قدم نہ جائی شہ کائنات کا — فردوس مین کسی کا بھلا ہو گذار کب
ق
کہتے رسول جبکہ سناتے تھے مشرکین — ان کافرون کی بات کا ھے اعتبار کب
دیکھے ہین معجزہ کو نہین لاتے ہین یقین — اب دلمین اپنے ہوتے ہین یہہ شرمسار کب
قہر خدا لگی ھے ابی جہل پہ ضرور — مانے وہ بات میری کو ھے بدشعار کب
رکھتے ہین بغض جو کہ صحابہ کرام سے — محشر مین اونکو ہو ویگا عز و وقار کب
لائے رسول پر نہین ایمان جو بشر — رحمت خدا سے برسیگی اونپہ پھوار کب
جن قومون نے نہ مانا ھے کہنا رسول کا — برسیگی اونپہ رحمت پروردگار کب

ھے صدق انتظار مین اب رات دن پڑا
دکھلائے اسکو روضہ وہ پروردگار کب

ولہ

پھرتا ہون باغ دنیا مین مین نعرہ زن خراب — جب مہرلقا نہو وی تو ھے سب چمن خراب

نعتِ نبی میں کیا لکھوں ہے لب دہن خراب — ایک روح صرف پاک ہی سارا بدن خراب

کیا لپٹیں عطر آتی ہیں طیبہ رسول میں — اوس بوئی عنبریں سے ہی مشکِ ختن خراب

عشقِ نبی میں جو کہ سدا رہیگا جان لو — اُسکا نہ گور میں کبھی ہوگا کفن خراب

ہوگا عذاب تولے سے بیشک بی شبہ — جس شخص کا کہ نکلیگا وان سر وزن خراب

دنیا کے گل خراب ہیں غنچے خراب ہیں — قالب میں روح پاک ہی سارا بدن خراب

دنیا کی شیرنی پہ تو مت ریجھو دوستو — ہو موت کی تو تلخی سے بیٹھا دہن خراب

ای نفس قطع کرنی ہیں عقبی کی منزلیں — اوس رہ نہ چلیو جسکا ہی چلنا کٹھن خراب

غافل جو حق سی رہتی ہیں لڑتے ہیں رات دن — والدیس وہی ہیں یہاں مرد و زن خراب

ہیں خود بُرا ہوں اور مرا نفس ہے بُرا — مشہور ہی دنیا میں میرا سخن خراب

جہاں حق کی یاد ہووے وہ بیوطنی ہی نہیں — غفلت جب حق سے ہووے تو ہی وہ وطن خراب

جو شخص لا اُبالی وہی پاک پھرتے ہیں — گردش سے اونکو کرتا ہی چرخِ کہن خراب

ای صدق خوب جان لے محشر کے دن وہ شخص
رتبہ نہ پائے جسکا کہ ہے یاں چلن خراب

ولہ

طیبہ میں اپنے مجھکو بلاؤ شہِ عرب — صورت ذرا اب اپنی دکھاؤ شہِ عرب

مدت سے ہے یہ مجھکو تمناؤ آرزو — روضہ تم اپنا مجھکو دکھاؤ شہِ عرب

مشتاق ہوں میں صورتِ انور کا بہت سا — پھر خدا جمال دکھاؤ شہِ عرب

دل پر مرے تو پردہ غفلت حجاب ہے — غفلت مری کا پردہ اوٹھاؤ شہِ عرب

حق سے پڑا ہوں دور نہیں وصل ہے مجھے — پھر حسنِ خدا سے ملاؤ شہِ عرب

ناؤ مری تو آ پھنسی عصیان کے بحر میں — کشتی مری کو پار لگاؤ شہِ عرب

افلاک و دہر نے مجھے گردش میں ڈالا ہی — ادبار دنیوی سے بچاؤ شہِ عرب

غفلت کی نیند سو رہا ہوں غافل ہوں حقسے میں — غفلت کی نیند سے تو جگاؤ شہِ عرب

بیشک بُرا میں بہت ہوں پر ہیں عمل مرے — نیکوں میں نام میرا لکھاؤ شہِ عرب

ره حق تو ملتی ہی نہین بہکا پہرون ہون مین | رستنا خدا کا مجکو بتاؤ شہ عرب
دفتر سے بند نامہ اعمال کا مرے | منگوا کے میرے عصیان مٹاؤ شہ عرب

یہہ صدق شوق رکھتا ہے مدت دراز سے
للہ اب تو در پہ بلاؤ شہ عرب

ولہ

اللہ کا نام لیتا ہی صبح و مسا گلاب | باغون سے رہتا ہے نہین ہرگز جدا گلاب
ہر پتی اسکی لیتی محمدؐ کا نام ہے | کیا کھل رہا ہے دیکہو چمن مین سدا گلاب
خوشبو تو اسکی پہونچے ہے دور و دراز تک | نور محمدیؐ سے یہہ پیدا ہوا گلاب
رنگت مین زرد و سرخ و سفیدہ بہی ہووے ہے | جنت کا یہہ درخت ہی صل علی گلاب
خاموش اسکو جانون نہ تم یار و دوستو | یہہ چپکے چپکے کرتا ہے ذکر خدا گلاب
ہر نخل ہر شجر پڑھے کلمہ رسول کا | لبوں سے ہی نام احمد مرسلؐ سدا گلاب
بہتر ہے سب سے پہولون مین اور غنچون مین فنا | لگتا ہی سبکی آنکہون مین یہہ خوشنما گلاب
تشبیہ اس سے دیتے ہین اہل سخن تمام | رکھتا ہی سارے پہولون مین یہہ [illegible] گلاب
اللہ باقی رہیگا عالم کو ہے فنا | یہہ چپکے چپکے کرتا ہے ہر دم ندا گلاب
ہر نخل ہر شجر سے معطر زیادہ ہے | ہر صبح کھلتا ہے چمن مین ترا گلاب
آزاد رہوے مثل شجر و فقیر کے | مانند سرو کے ہی چمن مین اگا گلاب
بلبل اسی کے پہول پہ عاشق ہی جان سے | یہہ عشق مین رسول کے رہو ہی فدا گلاب

یہہ چپکے چپکے نام محمد کا لبوں سے صدق
بہایا ہے تیرے دل کو بہی نام خدا گلاب

ولہ

تو در طیبہ مجھے جلد دکھا دے یارب | اب مجھے روضہ انور پہ پونچادی یارب
عشق احمد مین مرے دلکو لگا دے یارب | اپنے محبوب کے روضہ کو دکھا دینے یارب
دفتر بد سے مرا نام مٹا کر جلد ہی | اپنے ابرار ون مین اب نام لکھا دے یارب

التجا تجھ سے یہی تھی میری دن رات
خواب میں احمدِ مرسل کو دکھا دی یارب

آ کے میثاق سے دنیا میں ہوا ہوں غافل
اب تو غفلت کو مرے دل سے اٹھا دی یارب

وائے افسوس کہ مدت سے پڑا ہوں بیہوش
اب وہ بیہوشی مرے جی سے ہٹا دے یارب

شربتِ دید کا مدت سے پیاسا ہوں میں
شربتِ دید تو اب مجھکو پلا دے یارب

ہے بہت دن سے تمنای مدینہ مجھکو
مرنے سے پہلے تو طیبہ کو دکھا دے یارب

پھر پھرا کے یہی کہتا ہوں میں صبح و مسا
اپنے محبوب کا دیدار دکھا دی یارب

مجھکو معلوم ہی سرمایہ نہیں ہے کچھ بھی
چلنے سامان مدینہ کا کرا دی یارب

ہند کے خطے سے رہتا ہوں بہت میں بیزار
بوئے طیبہ مجھے اب جلد سنگھا دی یارب

بحرِ عصیان میں مری آ کے پھنسی ہے کشتی
اب مری کشتی کو تو پار لگا دی یارب

اپنے محبوب کا اور اپنے علیؑ کا صدقہ
زنگ سینہ سے مرے دلکا چھڑا دی یارب

رحم سے فضل سے اور کرم سے اپنے
جو گنہ مجھ سے ہوئے ان کو مٹا دی یارب

واسطہ دیتا ہوں میں احمدِ مرسل کا تجھے
تو حجاب اپنا ذرا مجھ سے اٹھا دی یارب

صدق کرتا ہی یہی عرض تو رو رو تجھ سے
اپنے محبوب کی زیارت تو کرا دے یارب

ردیف حرف ب ولہ

کیوں نہیں تشریف یاں لاتے ہیں آپ
کیوں نہیں روضہ پہ بلواتے ہیں آپ

میں پڑا ہوں آپ کے غم میں سدا
دیکھیے کب در پہ بلواتے ہیں آپ

کیا ہوا مجھ سے گناہ میرے رسول
جو نہیں چہرہ کو دکھلاتے ہیں آپ

کیا ہوئی مجھ سے خطا میرے حضور
جو نہیں مجلس میں بلواتی ہیں آپ

کیا مری قسمت ہے بد میرے نبی
جو مجھے ہجران سے رلواتی ہیں آپ

کیا ہوئی تقصیر دو لللہ بتا
جو نہیں تشریف یاں لاتی ہیں آپ

خواب میں دکھلا گئے اک اپنی جھلک
اب مجھے حسرت سے تڑپاتے ہیں آپ

کچھ نہیں خواہش خدا کی سے نہیں
عشق میں ہم اپنا غم کھاتی ہیں آپ

انتظاری میں تیرا ہی خود ہوں میں
دیکھیے کس روز یہاں آتے ہیں آپ

خواب میں صورت مجھے دکھلا سے تیرے
کیوں تجھے فرقت سے تڑپاتے ہیں آپ

تو کرم سے ہم پہ کر بخشش کر ہم
ہم گنہ سے اپنے شرماتے ہیں آپ

دو جہاں میں زندہ ہیں بیشک وہی
جی سے جی جو شخص مر جاتے ہیں آپ

صدق سے شاہ ہوئی ہے کیا خطا
جو نہیں طیبہ میں بلواتے ہیں آپ

ردیف حرف ت ولہ

رسول رہتے تھے یادِ خدا میں ساری رات
نماز پڑھتے تھے اکثر صحابہ ساری رات

ہزار بار تجھے نفس کرتا ہوں نفریں
بسر کرے ہے تو غفلت میں اپنی ساری رات

رسول سوتے تھے ظاہر میں جان لو یہ بھی
ہمیشہ رکھتے تھے بیدار دل وہ ساری رات

کبھی نہ تھکتی کبھی گرد اونکے آنچ دوزخ کی
بیان کلمہ کا کرتے ہیں جو کہ ساری رات

صلواۃ خوانی بشری فقط نہیں کرتے
درود پڑھتے ہیں شہ پر فرشتے ساری رات

نہ چین پایا تھا حضرت نے غم سے امت کے
نہ سوتے تھے کبھی دنیا میں آہ ساری رات

وہی تو دیکھینگے دیدار حق قیامت میں
جو یاد رب میں گذارے ہیں اپنی ساری رات

خبر ہے یہ بھی تمہیں اپنی جان بحق کر کے
علی رہتے تھے نبی کی رضا میں ساری رات

بچایو مجھے صحبت سے انکی تو یارب
جو پھرتے رہتے ہیں واہی تباہی ساری رات

ایک ہم تھکے ہیں کرتے ہیں سستی و غفلت
پڑھتے ہیں بندے خدا کے قرآن ساری رات

وہی محب ہیں خدا کے وہی محب ہیں رسول
جہاد نفس پہ کرتے ہیں جو کہ ساری رات

وہی ہیں اعلی مراتب کے جان لو یارو
بسر جو کرتے ہیں ذکر خفی میں ساری رات

یہی تمنا ہے یارو یہی ہے دل کی مراد
بسر ہو صدق کی ذکر خدا میں ساری رات

ولہ

اپنجا بیا کہ ہم جناب ہمہ ہست
اینجا بیا کہ ذکر تنا ہمہ ہست

اینجا بیا کہ آمد بوے معنبر است — اینجا بیا کہ مجلس سلطان اکبر است
اینجا بیا کہ محفل میلاد خواندہ اند — اینجا بیا کہ وصف و بیان پیمبر است
اینجا بیا کہ ذکر رسول خدا کنند — اینجا بیا کہ مژدۂ میلاد سرور است
اینجا بیا کہ جائی نزول ملائکہ — اینجا بیا کہ مجلس سلطان رہبر است
اینجا بیا کہ رحمت حق رہبری کند — اینجا بیا کہ ذکر کمال پیمبر است
اینجا بیا کہ نور زمین آسمان رود — اینجا بیا کہ روشن افلاک اختر است
اینجا بیا کہ عارف حق مست میشوند — اینجا بیا کہ بادۂ گلگون دیگر است

اینجا بیا کہ صدق غزلخوان محمد است
اینجا بیا کہ عمدہ مکان معطر است

ولہ

ای نفس حق کی کر تو عبادت تمام رات — بہتر ہے تیرے حق مین ریاضت تمام رات
ہوتا ہے عفو جرم خدائی کریم سے — کرتے ہین جو گنہ سے انابت تمام رات
اے نفس تو تو لیوین دلوا شتی ترا — ابرار کر رہے ہین عبادت تمام رات
انعام دیکھ لے تو خدا و پاک کا — کرتے ملک ہین تیری حفاظت تمام رات
کر جاوین تنگ ہوئی شیاطین اشقیا — حق سے نہ ہووی جو کہ حفاظت تمام رات
کرتا ہے اوسکا ذکر خدائی جلیل بھی — کرتا ہے اوسکی جو کہ اطاعت تمام رات
توفیق شب کے اوٹھنے کی دیتے ہیں کریم — کرتا ہی میر النفس شرارت تمام رات
دل جاگتا تھا آنکھین تو ظاہر بی سوتی تھین — جانون رسول کی تھی عبادت تمام رات
زیارت کو آسمان سے فرشتونکا ہو نزول — جو ہو خدا کے ذکر کی عادت تمام رات
دنیا کے احمقو نہین نہ بھلاوی ہمکو حق — اٹھتا ہے اونکو او رظرافت تمام رات
پہونچینگے وہ ہی جنت ماوی مین بالیقین — ابلیس سے جو رکھین عداوت تمام رات

اونکے تو مرتبہ کو نہین پہونچیگا کبھی
ای صدق جو کرے ہین ریاضت تمام رات

ردیف حرف (ٹ) ولہ

برقع کو اپنے چہرہ کا ای شاہ دین الٹ
پردہ حجاب دل کا مرے شہ امین الٹ

دنیا کے سب بکھیڑوں سے جاؤ نہین جلد چھوٹ
گر دل نبی کے عشق مین جاوی کہین الٹ

کہنے لگے قریب سے معراج مین رسولؐ
پردہ سرا کو مالک دنیا و دین اولٹ

جنگِ اُحد مین شور سے کہتے ملائکہ
ایسا نہو کہ جائی زمین اب کہین اولٹ

کہتے ملک تھے جبکہ ستاتے تھے مشرکین
ایک آہ سے نبی کے نہ جائی زمین الٹ

گھبرا کے خواب مین یہی کہتے بلال تھے
للہ اب نقاب کو ای شمس دین الٹ

کہتے تھے پاس بیٹھے کہین سلمان فارسی
چہرہ سے اب نقاب کو ای فخر دین الٹ

ابلیس جتنا چاہی تو فریاد و نالہ کر
تیری تو جاویگی نہین قسمت کہین الٹ

اوس روز کے تو خطرہ سے سب کو خدا بچائے
جس روز پردہ جاویگا زیر زمین الٹ

روز ازل مین لکھدیا وہ ہوکے رہویگا
جاویگا اب نصیب نہ تیرا کہین اولٹ

باقی رہیگا کوئی نہ اللہ کے سوا
ساتون طبق کو دیوینگے زیر زمین الٹ

بیتاب ہون مین ہجر سے مایوس ہون بہت
للہ اب تو برقع کو ای شہ امین اولٹ

بیتاب صدق خواب مین مایوس ھی پڑا
جلدی نقاب ای شہ دنیا و دین اولٹ

ردیف حرف (ث) ولہ

دنیا ی دون کا دل مین لگانا ہی ہے عبث
اسراف کرکے مال لٹانا ہی ھی عبث

ممکن جہان تلک ہو کرو کار خیر کو
بدکام مین تو زر کا اوٹھانا ہی ہی عبث

واعظ مرے تو حامی رسول خدا ہین بس
دوزخ سے مجکو تیرا ڈرانا ہی ہے عبث

دل خلق کا تو زخمی کری کس لئے فنا
ایک چیونٹی کے دل کا دکھانا ہی ھی عبث

سیلاؤ کو کراؤ کمائی حلال سے
مال حرام سے تو کرانا ہی ھی عبث

اے صدق جا کے روضۂ انور پہ شعر پڑھ
اس ہند مین تو دل کا لگانا ہی ہے عبث

ولہ

بہت دنون سے ھی دل انتشار کیا باعث
نہ آوی خوش مجھے باغ و بہار کیا باعث

بیان ہو نھین سکتا ھی مجھ غبی سے ذرا
کچھ آج کل سے ھے دل بیقرار کیا باعث

کہون مین کس سے کہ کچھ کھلا نھین مجھ پر
ھے آسمان سے گردش ادبار کیا باعث

خطا ہوئی ھی بھلا مجھ سے کیا نبی اللہ
دکھاؤ خواب مین - نھین دیدار کیا باعث

کرے ھے صدق تو دنیا مین بی خطر بدکام
تجھے ھے خوف نہ روز شمار کیا باعث

ردیف حرف جیم ولہ

عالم مین شور آمد خیر الوری ھی آج
دنیا مین نور احمدی روشن ہوا ھی آج

رضوان کو جاکے دیدیا جبریل نی پیام
دروازہ خلد کھولدے حکم خدا ھی آج

دوزخ سے روحین چھوڑدی فی الفور تو ابہی
پیدا ہوا ھے دنیا مین وہ مہ لقا ھی آج

جنت سے جلد لیجا ابہی سبز تو علم
کعبہ مین جاکے گاڑدے حکم خدا ھے آج

حوا و سارا ہاجرہ مریم سب ہی تمام
پاس آمنہ کے جاوین یہی کہدیا ھی آج

جو پوجتے تھے مشرکین مدت دراز سے
بت وہ ھبل تو کعبہ مین اوندھا گرا ھی آج

نام آپ کا تو سنتے ہی ھیبت سے تھرتھرا
ابلیس تو پہاڑون مین چھپتا پھرا ھی آج

آتش کبھی بجھاتے نہ تھے گبر اور مجوس
آتشکدہ وہ گبرون کا ٹھنڈا پڑا ھی آج

تھا قحط اور وبال کئی سال سے پڑا
نازل ہوا فرشتہ بفضل خدا ھی آج

ہوجاوین عطر سے تو معطر نبی سبھی
مبعوث ہوگیا ہے شہ ہر دو سرا ھی آج

ہو حشر میرا احمد مرسل کے ساتھ مین
اب صدق کی خدایا یہی التجا ھی آج

ولہ

ہے محفل میلاد مین رحمت کا اثر آج
پڑھتے ہین درود احمد مرسل پہ بشر آج

آنکھون سے لگا قدمونکو ہو جاؤن تب قربان
زیارت ہو مجھے خواب مین حضرت کی اگر آج

دنیا مین یہ شہرہ ہی کہ پیدا ہوئی حضرت
موجود ہر اک جا پہ ہے رحمت کا اثر آج

جسکی کہ مذمت سورہ تبت مین ہی وہ ا
اوسبہ بہی خدا کرتا ہی رحمت کی نظر آج

عالم مین بڑی دھوم ہوا چرچا ہے اسکا
لو پیدا ہوئے دنیا مین ہین خیر بشر آج

نام آپ کا احمد ہی لقب ختم رسل ہے
ہین پیدا ہوئے مکہ مین وہ نور گہر آج

جبریل کو یہہ حکم تہا لیجاؤ نشان سبز
ہو ویگا سبھی دنیا مین احمد کا گذر آج

بت کعبہ اقدس کے سبھی اوندھی گرے ہین
اب پا نہین جاتا ہی شیطان کا اثر آج

ق

حق نے کہا جبریل سے بوقت ولادت
کرجا کے ابہی مشرق و مغرب مین خبر آج

حورون سے کہا جاتا تہا طیار ہو تم بہی
باندھی ہوئی پہرتے کہین غلمان ہین کمر آج

ہے مولد سلطان امم سرور عالم
آداب سے تعظیم کو جھکتے ہین شجر آج

میلاد کا ہے روز بڑی قدر ہے اسکی
کرتے ہین ادب آپکا سب کوہ و حجر آج

پڑھتے ہین درود آن کے اس جا پہ ملایک
پڑھتے ہین صلوۃ آپ پہ سب جن و بشر آج

پڑھتے ہین صلوۃ آن کے اس جا پہ فرشتے
ہے محفل مولود مین حضرت کا گذر آج

یہہ مجلس میلاد ہے سلطان دو عالم
ہے ہاجرہ اور آسیہ حوا کا گذر آج

مین ہند مین اب بیکس و ناچار پڑا ہون
اے باد صبا لیجا مدینہ کو خبر آج

ہو جاؤنگا قدمون سے لپٹ کر کے تصدق
جو خواب مین بہی دیکہ لون حضرت کو اگر آج

اب ہند سے لیجا خدا جلد مدینہ
رو رو کے مین کہتا ہون یہی وقت سحر آج

کہنا کہ بلا لیجے اب **صدق** کو شاہا
اے خضر جو ہو تیرا مدینے مین گذر آج

ولہ

ہے میری دعا حق سے یہی وقت سحر آج
شیطان سے اور نفس سے ہین پاؤن ظفر آج

کیا سیر ہو کیا لطف ہو کیا بات ہو واللہ
پڑ جائے جو مجھ پر کسی کامل کی نظر آج

انسان نہ اٹکینگے کل عقبی مین وہ ہی
جو بہر خدا کرتے ہین دنیا مین سفر آج

فردا کے غم و رنج سے نہ کھٹکینگے وہ شخص
محشر کی مصیبت سے جو کرتے ہین حذر آج

انسان کیا کرتے ہین جو بہر خدا کام — لوگونکی مذمت سے نہین انکو ضرر آج
پل پہ وہی جاوینگے ایک پل مین اُتر کے — جو شخص نہین کرتے ہین دنیا پہ نظر آج
بھاگیگا مجھے دیکھ کے ابلیس بہت دور — پڑہ لونگا جو قرآن سے ہین سورہ زمر آج
جو نیکی تجھے کرنی ہو اے نفس تو کرلے — یہ جان لے فردا کی نہین تجکو خبر آج
اب قبر مین چکھینگے وہی تلخی بڑی سے — ہی رنج جو کہاتے ہین یہان قند و شکر آج
کل چین سے سوینگے وہی قبر مین جاکر — جو بہر خدا باندھے ہین مضبوط کمر آج
جو ظلم مین مصروف ہین اور حق سے ہین غافل — ہو جو دھے اونکے لیئے دنیا مین سفر آج
جو ہو سکے تجھسے تو ابھی نیکی کو کرلے — بیشک نہین رکھتا ہے کوئی کل کی خبر آج
کل میوۂ جنت کو وہی کہاوین بلا شک — محنت سے کیا کرتی ہین جو عمر بسر آج
ایک دم بھی خدا سے نہو غافل تو ستمگر — جو حشر کی کانون مین تیرے پہونچی خبر آج
کل صور کی دہشت سے وہ کانپینگے بہت سخت — جو صفر وری سے اکڑے پہرتے ہین بشر آج
جاوینگے نکل اونکی اکڑ قبر مین جاکر — جو جیتے سے باندھی ہوئی پہرتے ہین بسر آج
ہی رنج و مشقت کے جو اب کہاتی ہین روزی — محشر کی نہین رکھتے ہین وہ کچھ بھی خبر آج

اے میرے خدا صادق کو آفت سے بچا تو
ہے تجھسے مناجات یہی وقت سحر آج

زیارت ہو مجھے خواب مین حضرت کی الٰہی آج — ربتی ہے مجھے فرد و قیامت سے خبر آج
محشر مین وہ ہو وینگے نشان سبز کے ہمراہ — ایمان جو لاتے ہین محمد پہ بشر آج
ہے ہول قیامت نہ اونہین قبر کی دہشت — جو صلِ علیٰ پڑھتے ہین احمد پہ بشر آج
جو کہتے ہین ملون انکمین بڑی ہے تمنا — دیکھیون جو کہین خواب مین روضہ کو اگر آج
فردوس مین چکھینگے وہی چاشنی جاکر — جو لذت دنیا پہ نہین کرتے نظر آج
کل چین سے فحشین مین وہی عیش کرینگے — دنیا کی مصیبت کو جو سہتے ہین بشر آج
غصے مین اکڑ اوینگے وہی چین بلا شک — تنگی سے کیا کرتے ہین جو عمر بسر آج
کل قبر سے اوٹھینگے وہی با عزت — دل صدق سے جو شخص پڑھے سورہ قمر آج

کہیو کہ بہت صدق کا ہی حال پریشان
اے خضر جو ہو روضۂ انور پہ گذر آج ✤

ردیف حرف چ یعنی جیم فارسی

دنیا کے رہنے والونکو ہے صبح شام کوچ — یہہ خاص کو ہے نہین بلکہ عوام کو کوچ
یہہ دنیا ایک سرا ہے یہان رہنا ہی نہین — آتا ہے رہنے والونکو ہردم پیام کوچ
پہنچی جہان اوترنے مسافر کے واسطے — کر صبح یان پہ ٹھہرا تو ہے وقت شام کوچ
جو نفس گنتی ہین اور وہ کرتے ہین ذکر حق — رہتا ہی اونکی واسطے بیشک دوام کوچ
ہر سانس ایکدم ہین کرے منزلونکو طے — اسکے لیے تو بیٹھے ہین ہین مدام کوچ
بدبخت وہ ہے جو کہ جہنم کی رہ چلے — وہ خوش نصیب ہی جسکا ہو دار السلام کوچ
کافر جو جاوی دنیا سے کم بختی ہین پڑے — ابرار دن کے لیے ہے یہ عالی مقام کوچ
ما کے بغیر حکم جو کوئی سفر کرے — اوسکے لیے خدا نے کیا ہی حرام کوچ

اے صدق ایک فرشتہ پکارے ہے رات دن
عالم کے رہنے والو تمہین ہے مدام کوچ

ردیف حرف ح یعنی حای حطی

ہر دل سے اب تو احمد مختار کی مدح — رب خود کرے ہی سید ابرار کی مدح
جھکتے ہین اوسکے در پہ سبھی شاہ اور گدا — کب کر سکیگا اوسکے تو دربار کی مدح
دیکھینگی اوسکی سبھی خلق تو وہان — محشر مین ہوگی شافع ابرار کی مدح
ممکن نہین ہی فرشتون سے ہرگز نثار رسول — انسان سے کیا ہو احمد مختار کی مدح
خالی نہین ہی کوئی چرند و پرند مین — کرتے ہین رات دن شہ ابرار کی مدح

بی فایدہ تو صدق نہ پھر تو زمانہ مین
ہر روز ذکر کر شہ ابرار کی مدح ✤

دنیا ہے مین بلا و سے ہی مکار کی طرح — ابلیس ہمکو دیکھے ہے خونخوار کی طرح
عشق رسول سے ہون بیمار کی طرح — خاموش بیٹھا رہتا ہون دیوار کی طرح

عزت تجھے ہوئے گی قیامت میں انبیا
ہوگا نہ کوئی شافع ابرار کی طرح

فرقت سے غم سے ہجر سے ای شاہ کائنات
لاغر بدن ہوا ہے میرا خار کی طرح

آئیں قدم جو آپ کے ہیں تاج افسری
رکھیں لو لگا اپنے سر پہ ہیں دستار کی طرح

کیا عرض عشق سے کروں ای شاہ دوسرا
پھولے ہیں داغ دل میری گلزار کی طرح

ہو شکر کس زبان سے خدائی کریم کا
عالم میں زندہ ہوں گل بی خار کی طرح

عقبے کما کے وہی تو عالم سے لے گئے
دنیا کو جو دیکھے ہیں مردار کی طرح

جو مر گئے ہیں دنیا سے عشق رسول میں
دیکھینگے اپنی قبر وہ گلزار کی طرح

للہ اب بلائیے طیبہ میں یا رسول
فرقت سے رو رہا ہوں میں دل زار کی طرح

اس کو بھی اس صفت کا نہ پیدا ہوا بشر
کیا خوشنما تھا چہرہ گل نار کی طرح

دن کونسا وہ ہوئیگا یا رب مدینہ میں
جاؤں میں ہند چھوڑ کے زوار کی طرح

دنیا کے سب بکھیڑوں سے اور میل جول سے
گوشہ میں بیٹھا رہتا ہوں عیار کی طرح

اے صدق کیا ہی ہووے مزا کیا ہی ہووے لطف
اڑ جاؤں جو مدینے میں غبار کے طرح

ردیف خاء معجمہ

دیکھوں کسی طرح سے رسول خدا کا رخ
دکھلا دے تو خدا شہ ہر دوسرا کا رخ

خورشید تھا تابان شہ انبیا کا رخ
آئینہ خدا تھا صفا مصطفی کا رخ

تعریف ہو سکے کیا تری حسن و لقا کی آہ
روشن قمر سے بڑھ کے ہی تجھ مہ لقا کا رخ

نبیوں پہ منحصر نہیں یہ خوبی و جمال
کل خلق سے ہے زیادہ حبیب خدا کا رخ

اوسپہ تو جاؤں آتش دوزخ حرام ہے
رویا میں جسنے دیکھا رسول خدا کا رخ

یوسف کا بھی جمال نہ ایسا تھا دوستو
جیسا کہ حسن میں تھا شہ دوسرا کا رخ

یوسف سے منحصر نہیں دنیا مشابہت
تھا سب سے زیادہ حسن میں خیر الوری کا رخ

دل کاٹ لیتیں تھیں عورات مصر کی
جو دیکھ لیتیں شافع روز جزا کا رخ

اب کیا گناہ کے سیہی تو بیٹھے تجھے شہ انبیا
دکھلا دی مجھکو بہر خدا مصطفی کا رخ

ہو جاؤں صدق میں تو دل و جان سے فدا
جو خواب میں میں دیکھوں شہ انبیا کا رخ

ہے حمد جسنے پیدا کیۓ گل انار شوخ
بی گنتی بی حساب کیۓ بی شمار شوخ

کیا تیری نعت لکھوں میں ای مہ نگار شوخ
رگ رگ میں بھر گیا ہی تو ای گلعذار شوخ

گر پیدا تو نہوتا تو پیدا نہوتی خلق
ہی سب ترے ہی نور سے یہ سبزہ زار شوخ

آدم سے لیکے عیسی انبی سیکڑوں رسول
اس مرتبے کو تکتے تھے صد ہا ہزار شوخ

صرف اک زلیخا عاشق صادق ہی مصر میں
شیدا ہوئی ہیں آپ پہ یان دس ہزار شوخ

دن کونسا وہ ہووی کہ پہونچوں مدینہ میں
نکلے کہیں خدا سے یہ دل کا غبار شوخ

للہ اب بلائیے طیبہ میں یا رسول
تڑپے ہے سینہ میں یہہ دل بیقرار شوخ

پردے حجاب سے ذرا صورت کہیں دکھا
اس دلکا لیگیا ہی وہ صبر و قرار شوخ

کیا نیکی کچھہ ہوس ہے نہ بیٹے کی دوستو
اس شوخ سے ہی بڑھکے دل بیقرار شوخ

عبرت سے دیکھہ لو آپ سے خوش ہوکے دیکھہ لو
صحرا میں اوسکے نور سے ہے مرغزار شوخ

سارے کرشمہ میں یہ اسی مہر نور کے
گلشن میں جا بجا میں سبھی لالہ زار شوخ

گل ہی میں غنچہ ہی میں نہیں ہی سر الطور
ہر رنگ میں چمکتا ہی تو رنگدار شوخ

جب غور سے میں دیکھوں ہوں اس جسم خاک کو
نس نس میں تو ہی میرے ہی ای گلعذار شوخ

آنکھوں کو کھول کے اسے ہر جا ہی دیکھہ لو
عالم میں کھیل رہا ہی وہ باغ و بہار شوخ

اب چشم دل سے دیکھو ذرا غور و فکر کر
اس جسم نازنین میں ہیں لکھہ صد ہزار شوخ

ان شوخ دلربا کو کیا دیکھتے ہیں آپ
جا کے بلائیں دیکھیے صد ہا ہزار شوخ

ہر سو نکلتا ہے مدح کنان روی پاک کا
لاریب بی گمان ہی میری جان نثار شوخ

وہ مرتبہ ہے آپکا جسکی نہیں ہی حد
دونوں جہان میں آپ ہیں ذی اختیار شوخ

نبیوں میں اور ولیوں میں یہ جان لو ضرور
محشر میں آپ ہی ہونگے ذی اقتدار شوخ

معراج میں رسول گۓ براق خوش خرام
جاتا تھا تیز برق سے وہ راہوار شوخ

رہتا ہے دل میں میرے تصور یہی خیال
دیکھوں کہیں چہرہ سینہ میں لیل و نہار شوخ

مدت دراز سے ہین تجھ سا مشتاق ہون ۔ آتی ہے کس طرف سے نسیم بہار شوخ
[illegible] ۔ رکھتا ہون روز و شب مین ترا انتظار شوخ
[illegible] ۔ پیدا کئے ہین جسنے یہ گلعذار شوخ
[illegible] ۔ کس شان سے چلتا تھا وہ مہ عذار شوخ

ہے التجا یہ صادق کی رو رو کے ہر گھڑی
اب خواب مین دکھاوے وہ پروردگار شوخ

زبان سے پڑھون کیا ثنائے محمدؐ ۔ قلم سے لکھون کیا ادائے محمدؐ
ادا مجھ سے کب ہو گی احمد کی خوبی ۔ قرآن سے ہے ثابت ادائی محمدؐ
ادا دیکھی مردہ تو ہو جاوے زندہ ۔ وہ مرقد سے دیوے صدائے محمدؐ
مین قربان ہو جاؤن اپنے نبی کے ۔ مرا جان و دل ہے فدائے محمدؐ
کرم انتہا بی حد ثنا اونکی بی انتہا ۔ خدا خود کرے ہے ثنائے محمدؐ
زبان اپنی کوتہ ہے دکھون بجا ہے ۔ تو اوسوقت بولون ثنائے محمدؐ
فرشتے بھی عاجز ہین اونکی ثنا سے ۔ بشر کیا کرے اب ثنائے محمدؐ
اٹھارہ ہزار عالم اوسے ظہور تھا ۔ نظر کرتے تھے جب قبائے محمدؐ
فلک پر جو پہنچے تو تھا اونکی عزت کی ۔ سزاوار تھی جنت برائے محمدؐ
وہ وحدت کے پردے اٹھائے گئے جب ۔ خدا خود ہی بولا ثنائے محمدؐ
اگر ربع مسکون مین ہو بادشاہت ۔ تو بہتر ہے اوس سے گدائے محمدؐ
وہی ڈوبے رہتے ہین وحدت خدا مین ۔ جو رہتے ہین ہر دم فنائے محمدؐ
اگر بخت لیجاوے کوچہ نبی مین ۔ ملون آنکھ سے خاک پائے محمدؐ
سفر ہو نہ دنیا سے تب تک خدایا ۔ نہ دیکھون مین جب تک لقائے محمدؐ
اگر ہووے زیارت تو کیا ہے اچنبا ۔ مین امت مین ہون خاکپائے محمدؐ
صدا نکلے میری یہی قبر مین بھی ۔ ہون شاعر مدح خوان ثنائی محمدؐ
جواب نکیرین مرقد مین بولون ۔ تو پرسش کرو سے ہون گدائی محمدؐ

ندا بہری محشر میں ہو وے سبھی — نہیں ہے ہما شفیق ہوں بن جیسا کہ ایسا ہی محمد

گنہگاروں پہ تھی نظر مہربانی — نہ تھیں شیخ ہو تھی دعائے محمد

شب و روز رہتی تھی امت پہ شفقت — اب ہو جاویں ہم دل فدائے محمد

کسیکو بھی غصے سے اُف تک کہے — ہیں کیا کیا الٰہی اب ثنائے محمد

چرند و پرند سب محبت تھے کرتے — بشر کیا ملک تھے فدائے محمد

صہیب و بلال سب ہی عاشق تھے انکے — وہ بوبکر تھے جان فدائے محمد

مرے رب تو بخش امت اپنے کرم سے — شب و روز تھی یہ دعائے محمد

خدا صدق کو اب دکھا دے تو روضہ
مشرف ہو یارب لقائے محمد

خدایا دکھا دے تو روئے محمد — سنگھا دے مجھے اب تو بوئے محمد

پھروں راہ بھٹکتا نہ کوئی خدایا — دکھا دے مجھے راہ سوئے محمد

نہیں رستا پوچھوں کوئی خضر مجھ سے — تو پہنچا مجھے اب تو کوئے محمد

مدینے کی گلیوں میں چلتے تھی جب — تو مہکتی تھی وہ مشک بوئے محمد

نہیں پوچھنے کی تھی حاجت کسی سے — وہ راہوں میں اڑتی تھی بوئے محمد

جو چھپ میں پڑتی صفائی کی حاجت — ملک کرتے تھے شست و شوئے محمد

وہ اسکے تھی بند سے خوشبو تھے سارے — و لیکن سے بہتر تھی خوئے محمد

جو انکے بچھانے تھے دل اویس قرن کا — وہ تھے عشق پہچان کو سوئے محمد

ادا بھا گئی تھی اویس قرن کو — وہ تھے عشق میں غرق روئے محمد

نہ تھی عطر میں صدق ایسی نزاکت
جو خوشبو تھی وہ مشکبوئے محمد

نعت حبیب کبریا صلی علی محمد — ہو کی مجھ سے کب ادا صلی علی محمد

حلیہ شریف ثنا میں لکھ سکیگا کوئی — پیدا ہوئی تھی وہ جبین صلی علی محمد

روئے مبارک آپکا نور خدا سے تھا بنا — سب پہ ملک تھے سب فدا صلی علی محمد

رخسار دونون آپکی روشن تھے زیادہ ماہ سے ۔ دیکھے بشر بھی پڑہ ہے صل علیٰ محمد
دندان مبارک سر بسر کہلجا وین اک ذرا اگر ۔ شان خدا پڑے نظر صل علیٰ محمد
تہا جسم ایسا نازنین سایہ نہ پڑتا تہا زمین ۔ دونون جہان مین تہی امین صل علیٰ محمد
تہین دونون چشم نرگسین صل علیٰ وہ حسین ۔ تہین زلف مشک عنبرین صل علیٰ محمد
زلف رسول دیکہی گر قدرت خدا پڑتی نظر ۔ تہا نور اوسمین جلوہ گر صل علیٰ محمد
موئے مبارک آپکے بیمار کو جو دہوکے دے ۔ فی الفور صحت ہو اوسے صل علیٰ محمد
زیب بدن تہی اک عبا تہی خوشنما وہ دلربا ۔ کیا کیا لکہون مین اب ثنا صل علیٰ محمد

وہ بادشاہ دوسرا جسپہ تہی تہے کل فدا
دل **صدق** سے تو پڑہ صدا صل علیٰ محمد

پڑہون کیا مین وصف خصال محمد ۔ فزون ہین جو لکہون کمال محمد
رسل گرچہ پیدا کیے ہین خدا نے ۔ ہوا ہے نہ ہوگا مثال محمد
رسل آئی دنیا مین سب حق کے پیارے ۔ ولے بڑکے ہے سب سے آل محمد
نہین ایسی سیرت کسی کی نہی لوگو ۔ ولیکن جو تھی وہ خصال محمد
محمد کی عظمت خدا خوب جانے ۔ کوئی جانے کیا ہے کمال محمد
نہ تہے کبہی عدن کی وہ تو خواہش ۔ جو روہا مین دیکھے جمال محمد
یقین ہے کہ ہوویگی اوسکو زیارت ۔ جو دن رات رکھے خیال محمد
بشر وہ ہی جنت مین جائیگا بیشک ۔ جو ہے خاک پائے عیال محمد
لرزتے تھے کفار روز وغا مین ۔ جو سنتے تھے شور جلال محمد
بہت دور بہاگے بلا اوس جگہ سے ۔ جہان ذکر ہو قیل و قال محمد
بہنسا ہون گنہ مین کرم کر اسکے ۔ بحق نبی و بہ آل محمد
خدا کی ہو رحمت اوسی جا پہ نازل ۔ جہان ذکر ہووے کمال محمد
تمامی جہان مین پڑا تہا اندھیرا ۔ ہوا جسگہڑی انتقال محمد
نہ امت گنہگار ہووے کوئی نارمین ۔ یہی ہے خدا سے سوال محمد

دعا صدق کی روز و شب ہے خدایا
اب اسکو دکھا دے جمال محمد

بیاں ہو سکے نہ کچھ شان محمد — خدا ہی کی شان ہے شان محمد
میری نظروں میں پھرتی ہے وہی شان — جو دیکھی خواب میں شان محمد
یہ کہنا عاشقوں کا ہے فضولی — کہاں میں اور کہاں شان محمد
جو صورت دیکھتے یوسف زلیخا — فدا ہو جاتے وہ جان محمد
نہ دیکھینگے کبھی وہ نار دوزخ — پکڑ لینگے جو دامان محمد
کل عالم کی کرا دیں آپ بخشش — جو شک ہو دیکھو فرقان محمد
نہ ہووی اوس سے سنس کچھ کسی میں — جو ہووی دل سے قربان محمد
قیامت میں اوسے خطرہ نہ ہوگا — مطیع ہوگا جو فرمان محمد
رکھینگے اوسکے سر پر تاج بیشک — جو کر لے حفظ قرآن محمد
یقیں ہے وہ تو پہونچیگا جناں میں — سنیگا جو کہ فرقان محمد
ہیں حامی وہ تو سارے جزو کل کے — ہے عالم زیر فرمان محمد
وہ سو جان سے فدا ہوتا عزیزو — جو سنتا کوئی الحان محمد
لب جاں بخش کیا شیریں سخن تھے — بجے سے رخشاں تھے دندان محمد
وہ چشم نرگسیں کیا خوب زیبا — وہ کیا عمدہ تھیں مژگان محمد
کبھی دیکھتا تھا اوسمیں صورت — وہ تھا چہرہ درخشان محمد
یقیں ہے زندہ ہو جاوے وہ مردہ — جو دیکھے روئے تابان محمد
ہیں آنکھوں سے لگاؤں وانکی مٹی — جو دیکھوں میں گلستان محمد
بسا ہووے مشام اوسکا معطر — جو دیکھے کوئے بستان محمد
ملیگی اوسکو خواصش باغ جنت — جو کوئی ہوگا دربان محمد
جو تھے قدسی فلک کے رہنے والے — وہ تھے دربان شبستان محمد
تھا بچھونا ایک کمبل ایک چٹائی — بہت تھوڑا تھا سامان محمد
قیامت میں چھوڑا دینگے سیہوں کو — وہاں نکلیگا ارمان محمد

مراتب سارے نبیون سے بڑی ہین — لو جا کے دیکھو قرآنِ محمدؐ
نہین خطرہ اوٹھاوے وہ قیامت — جو تابع ہووے یارانِ محمدؐ
عقیدہ ہے یہی علماے جمہور — ہین افضل سب سے یاران محمدؐ
بلاشک قبر ہوگی اوسکی گلخن — جو دشمن ہوگا یارانِ محمدؐ

[illegible] — جو چاہے تو حضوری ہی مین رہنا — [illegible]
پڑہا کر صدق قرآنِ محمدؐ

دنیا کے ذایقے تو سبھی ہین فنا لذیذ — قند و شکر سے زیادہ ہے ذکر خدا لذیذ
لذت طعام کی تو فقط ہے زبان پر — اس روح کو تو لگتا ہے ذکر خدا لذیذ
اوسکو تو آدمی نہین لذت طعام مین — جس شخص کو خوش آیا ہے ذکر خدا لذیذ
اوسکو مزا تو کہانے مین ہرگز نہ آئیگا — لگتا ہے جسکو ذکر شہ دوسرا لذیذ
آگے ہے اوسکے ہیچ تو دنیا کا ذایقہ — جس روح کو ہے ذکر حبیب خدا لذیذ
لاریب وہ تو جائیگا جنت مین بے حساب — جس دل کو ذکر ہوا رسول خدا لذیذ
کل شئے کے ذایقے تو جہان مین عجیب ہین — ہے ذکر سب سے زیادہ شہ انبیا لذیذ

بہاتے ہین دنیا دارون کو دنیا کے ذایقے
لگتا ہے صدق مسکین کو ذکر خدا لذیذ

نعت لکہنے کے لیئے جبکہ منگایا کاغذ — ہین نے وہ آنکہو نسی اپنی تو لگایا کاغذ
نعت لکہنی شہ ابرار کی جب ہو منظور — چاہیئے عنبر خالص سے بنایا کاغذ
نام حضرت کا لکہا جائے تو اتنا ہے ضرور — ہووے وہ مشک کی خوشبو سے بسایا کاغذ
واسطے اوسکے بہت نیکی لکہی جاویگی — جسنے آنکہون سے گرا پرچہ لگایا کاغذ
بشر حافی کا یہی ایک حال ہے سن لو یارو — پرچہ ایک راہ مین اونکو پڑا پایا کاغذ
اوسمین اول ہی سطر مین تہی لکہی بسم اللہ — اپنی آنکہونسی اونہون نے وہ لگایا کاغذ
کیا حقیقت ہو بیان یارو عزیزو اوسکو — عطر ملکے بڑی خوشبو سے بسایا کاغذ
حق کو بہایا وہ عمل — اونکو مراتب بخشا — جبکہ آنکہونسی اونہون نے وہ لگایا کاغذ

پہلے منجوار ونہیں تھے اور تھے ستو نہیں پہیے
نام ولیو نہیں ہوا جب وہ اوٹھایا کاغذ

دفن کروا دو اوسے یا کہ جلا دو بھائی
جو زمین پر سے پڑا تمنے ہو پایا کاغذ

ردی لکھی ہین یہی علما کا دستور رہا
دفن مٹی مین کیا یا کہ جلایا کاغذ

طعن کیون حضرت عثمان پہ کرو ہو شیعو
آپ نے غلطیون قرآن کا منگایا کاغذ

خطرہ مین آکے نہ پڑ جائین مسلمان بھائی
اس سبب آپ نے قرآن کا جلایا کاغذ

تاکہ غلطی نہ رہے اوسمین ذرا بھی مطلق
سب جگہ ایک سا قرآن کا لکھایا کاغذ

دیتی ہین جامع قرآن سمجھ لو یارو
سعی و کوشش سے اونہون نے تو جلایا کاغذ

فکر عقبےٰ کی تجھے **صدق** نہ سوجھی تدبیر
زشت اعمال سے یان کالا کرایا کاغذ

تعریف احمد مین کسی نے کوئی لکھا کاغذ
کا نہیں اوسکا نہ لکھیں گے جو ایسا کاغذ

مدح لکھنی شہ لولاک کی جب ہے زیبا
ہو وے طوبےٰ کا قلم اور سدرہ کا کاغذ

روضۂ خیر بشر پر تو ہر ایک ہفتہ مین
نامۂ امت کا پڑھا جاتا ہے لکھا کاغذ

ہے یقین مجکو کہ اب روضۂ انور پہ ضرور
شعروں میرا بھی پڑھا جاویگا لکھا کاغذ

جو کہ مقبول خدا ہو کے و شیدا اوسے
نوری ہووے وہ سفید حرفونسے لکھا کاغذ

سیاہی سے ہو گا نہ تقسیم کبھی وہ فرما
بہ قدرت کا وہ لکھا ہوا ہو گا کاغذ

عرش اعظم سے اوترا فاطمہ زہرا کے لیے
ایک حریری سا لکھا آیا سپید کاغذ

روز بازو سے اوسے کھول کے دیکھا کرتین
تہا گنہگاروں کی بخشش کا وثیقا کاغذ

کی وصیت کہ کفن مین میری رکھنا اسکو
پیش ہو ویگا قیامت مین یہ لکھا کاغذ

یافعی سے ہے روایت یہ کتابون میں لکھی
ابن دینار نے ایک لکھا جوان کا کاغذ

اک مکان کے لیے جنت مین ہوئی تھے خواہش
آیا اونکے لیے محراب مین لکھا کاغذ

لکھنے سے اپنے پشیمان ہوئی تھے مالک
وہ سفید حرفون سے لکھا ہوا لوٹا کاغذ

اوسمین لکھا تہا سفید حرفونسے نوری ہی یہ
بیہ تمہین لوٹ کے ہوتا ہے روانا کاغذ

دیدیا بلخ اوسے ایک محل زیبا دکیا
لے لو تم اپنا وہی لکھا وثیقا کاغذ

نعت میں لایا ہوں ان شعروں کو سوچو یارو | یہہ پیمبر ہی کا صدقہ ہے جو لوٹا کاغذ
کی تھی درخواست حسن سے کسی کافر نے تھا | لاؤں ایمان اگر دیدو نوشتا کاغذ
یہہ ضمانت دو کبھی ہو وے نہیں مجکو عذاب | ایسا لکھدو کوئی اب مجکو وثیقا کاغذ
نام اوس مرد کا شمعون ہے کتابوں میں لکھا | جسنے مانگا وہ حسن سے تہا نوشتا کاغذ
جب سنا کافر نے پیش سے کلمہ ایسا | اوسکے کہنے سے حسن بصری نے لکھا کاغذ
لایا ایمان وہ تحریر حسن سے لکھوا | بس ہوا مرد وہی لیکے نوشتا کاغذ
کی وصیت کہ میری قبر میں رکھنا اسکو | ہوگا حجت میرا اب یہہ ہی نوشتا کاغذ
پھر حسن بصری ہوئے دل میں پشیمان اپنے | کیوں کیا میں نے ضمانت کا مچلکا کاغذ
رو رہے تھے کہ شرمندہ بہت ہوں حیف ہے | کسلیئے میں نے ضمانت کا دہ لکہا کاغذ
اپنی ہستی پہ نہیں مجکو ذرا ہے قبضہ | کیوں لکہا میں نے ضمانت کا نہایت بیجا کاغذ
اپنی ہستی پہ نہیں مجکو تصرف کچھ بھی | ہائے کیوں لکھدیا میں نے وہ وثیقا کاغذ
اتفاقا جو کسی رات میں روکر سوگئے | آگیا قبر سے پھر لوٹ وہ لکہا کاغذ
تاج شمعون پہ دھرا ہوگیا جنت میں مقیم | تہا یا اللہ کو لکھا ہوا اونکا کاغذ
نار سے بچگیا شمعون پہ ہوا فضل خدا | پشت پر تہا لکھے وہ نوری تہا نوشتا کاغذ
پوچھئے کیا ہو بھلا پیرونکا تجھ سے احوال | وقت بیعت کے وہ دیں جیسا لکہا کاغذ
ہووے گی آسانی سوالوں میں فرشتوں کے او | اسلیئے رکھتے ہیں وہ قبر میں شجرا کا کاغذ
قرب قیامت کے اوٹھا لینگے حروف قرآن | صرف رہ جائیگا ایک کورا سادا اونکا کاغذ
روز محشر سے ذرا پہلے تو آویں جبریل | کسی قرآن میں نہ رکھیں کوئی لکہا کاغذ

سوال شیعہ

ایک بڑا طعن عمر پہ یہہ کرتی ہیں شیعہ | کیوں پیمبر کے مرض میں نہیں بہیجا کاغذ
روکا تہا اسنے جو لوگونکو منع حضرت کیا | فیصلہ ہوتا جو لکھتے نبی سادا اونکا کاغذ
یہہ بڑا ظلم ہے یہہ عدل کہاں ہے لوگو | کیوں بھلا لکھنے نبی کے نہیں بہیجا کاغذ

جواب سنی

ہے جواب علما اسکو ذرا غور کرو
روبرو احمد مرسل کے جو جاتا کاغذ

آپ کو لکھنے مین تکلیف مرض سے ہوتی
اسلیے حضرت فاروق نے روکا کاغذ

بولے فاروق کہ حضرت کو بڑی ہے تکلیف
اب قرین اوسکے نہ جائے کوئی کورا کاغذ

ہمکو زیبا نہیں تکلیف نبی کو دینی
اب مناسب ہے قلم جائے نہ سادا کاغذ

یہہ بھی فرمایا کہ قرآن ہمین ہے کافی
اسلیے عاشق والا نے نہ بھیجا کاغذ ؎

قبر مین صدق فرشتے جو کرین مجھسے سوال
نعت احمد کا دکھا دیجیو نوشتا کاغذ

طیبہ مین اپنے مجھکو بلا لیجیے حضور
روضہ اب اپنا مجھکو دکھا دیجیے حضور

لائق نہیں ہے آپکی محفل کے یہ حقیر
اپنے کرم سے اسکو بھی جا دیجیے حضور

دربان در سے کہدیجیے بلا لو غریب کو
مجلس مین اپنی اسکو بٹھا دیجیے حضور

مضطر ہون بیقرار ہون بیتاب ہون بہت
صورت ذرا اب اپنی دکھا دیجیے حضور

چاہے ہین آپ جسکو بلالین مدینہ مین
اسکو بھی ابتو آپ بلا لیجیے حضور

بیکس ہون مین غریبی سے سرمایہ کچھ نہین
ساماں میرا جلد کرا دیجیے حضور

ایسا نہو مدینہ نہ دیکھون حیات مین
مرنے سے مجھکو پہلے بلا لیجیے حضور

غمگین ہون ملول ہون زیادہ ہے اشتیاق
زیارت اب اپنی مجھکو کرا دیجیے حضور

گردش سے ہون جہانکی بلاؤن مین مبتلا
دنیا کی سب بلا سے بچا لیجیے حضور

حیران ہو رہا ہون گردش زمانہ سے
حق سے ذرا تو مجھکو ملا دیجیے حضور

مشکل کشا ضرور ہین حق کیطرف سے آپ
مشکل میری اب آسان کرا دیجیے حضور

رخ سے اوٹھا نقاب ذرا خاکسار کو
للہ اپنا چہرہ دکھا دیجیے حضور

غافل خدا سے رہتا ہون لیل و نہار مین
غفلت کا میری پردہ اوٹھا دیجیے حضور

سویا ہون بیخبر نہیں کچھ ہوش ہے مجھے
غفلت سے ابتو مجھکو جگا دیجیے حضور

بیڑا میرا اٹکا ہون کے گرداب آپہنسا
اب اسکو جلد پار لگا دیجیے حضور

کرتا ہون التماس یہہ غمگین ہو کے اب
شیطان کے مکر سے تو بچا لیجیے حضور

مایوس صدق ہند مین ناشاد ہے بڑا
للہ اسکو در پہ بلا لیجیے حضور

رونا تو مجھکو آتا ہے کردار دیکھ کر
ہنس پڑتا ہون خدا کو مین ستار دیکھ کر

میری مدد کو قبر مین میرے رسول ہین
خدشہ نہین گناہون کا انبار دیکھ کر

دنیا مین مجھکو کیون ہو بھلا رنج اور الم
نام نبی کو اپنا مددگار دیکھ کر

جو سون قدم مین اوسکے بڑی عاجزی سے اب
جو آئے ہے مدینہ کا گلزار دیکھ کر

اکدن گئے صحابہ اعادت کے واسطے
رونے لگے پھر آپ کو بیمار دیکھ کر

خوش ہونگے بشر جو ہین اعمال دان نیک
کلمہ کا اپنا پلہ گرانبار دیکھ کر

جنت مین جاکے ہو وینگے سب امتی خوشی
انواع قسم میوے کے اشجار دیکھ کر

روز حساب جنت ماوی مین وہ کریم
داخل کریگا متقی ابرار دیکھ کر

بے کھٹکے ہو گیا ہون مین دنیا مین بالذور
دونون جہان مین آپ کو مختار دیکھ کر

دنیا مین دل لگاؤ نہ ہرگز عزیزو تم
حضرت نے اسکو چھوڑا ہے مردار دیکھ کر

دن حشر کے جو ہو وینگے سب جمع امتی
باغ عدن کو جاوینگے دربار دیکھ کر

محشر مین سب یزید کے ساتھی وہ نابکار
پچھتاوینگے حسین کو سردار دیکھ کر

پروا نہین ہے مجکو گناہون کی اب ذرا
بے خوف ہون خدا کو مین غفار دیکھ کر

ہیبت سے تھرائے ہوئے جنگ بدر مین
وان آپ کو تو بھاگے تھے کفار دیکھ کر

دوزخ مین جاکے شور کرینگے جو فلا لعین
مالک تو اونکو ماریگا فجار دیکھ کر

لڑنیکو جو کہ نکلے تھے کافر رسول سے
بھاگے وہ بی تحاشا مین تلوار دیکھ کر

خطرہ نہین ہے صدق کو روز حساب سے
بے خوف ہے یہہ آپ کو سردار دیکھ کر

مطلع لکھتا ہون نعت مین سخنور ہو کر
عرض کرتا ہون مین آداب سے احقر ہو کر

تیرے اوصاف کا قرآن مین ثناخوان ہی خدا
پھر ثنا مجھسا غبی کیا کری بدتر ہو کر

کس کا منہ ہے جو لکھے نعت مین مطلع تیرا
انبیا تیرے ثناخوان ہین پیغمبر ہو کر

تیری توصیف مین قاصر ہے فرشتونکی زبان
نام کو تیری ... صداقت جو لیوی بیان
آنکھین گرد مدینہ کی جو پڑجائے کہین
ہین مدینہ کی غم دوری مین رہتا ہون پڑا
آرزو رکھتا ہون مدت سے کہ ای رب کبیر
گرد بھی کوچۂ یثرب کی جو آنکھون مین پڑی
غیر ممکن ہے مدینہ کی زمین کی تعریف
جو بشر اہل مدینہ کی کریگا توصیف
کہین ملجائی اگر خضر تو صحرا مین کہون
جو کوئی شخص مدینہ کی زیارت کو گیا
ہے تمنا کہ مدینہ کی زیارت ہو مجھے
آپ کے روضۂ اقدس کی زیارت ہوجائی
ہے وہ کمبخت بخیل اور نصیبہ کا زبون
شہ عالم کی زیارت جو میسر آئے
اب تو للہ خبر لیجیے بیکس کی ذرا
آپ کے روضۂ مبارک کا جو آتا ہی خیال
کرسکے آئے جو مدینہ کی زیارت شاہا
آرزو میری بھی پوری کبھی یارب ہوگی
رد تو کرتا ہی نہین عاجز و مسکین کی دعا
کبھی زوار کو دیکھون جو مدینہ جاتے
در دندان کے تصور مین جو روتا ہون کبھی
اب کرا دیجیے زیارت مدینہ شاہا
[illegible] اہل [illegible]

تیری احسان بھی ثنا کرتے ہین کمتر ہوکر
پائے صحت تیری اکرام سے ابتر ہوکر
لاجرم خاص وہ ہوجائے معنبر ہوکر
ضعف سے صدمہ گذرجاتا ہے دلبر ہوکر
جاؤن یثرب کو مین مداح پیمبر ہوکر
دیدۂ چشم بصارت ہو منور ہوکر
بوئے خوش وان سے چلی آتی ہے عنبر ہوکر
سب گنہ اوسکے تو ہوجائینگے ابتر ہوکر
روضۂ پاک کو لیچل مجھے رہبر ہوکر
زہے قسمت کہ وہ پہرجائے مکرر ہوکر
کہین شعر اپنے سناؤن تیری در پر ہوکر
پہر ہی کہتا ہون مین اللہ سے مضطر ہوکر
جو مدینہ کو نہ جاسکے وہ تونگر ہوکر
پہر تو ہستی سے گذر جاؤن [illegible] ہوکر
پہر بسعر کو کرنے لگا [illegible] ہوکر
آرزو دل ہی مین رہجاتی ہے اکثر ہوکر
چوم لیتا ہون قدم اوسکے مین کمتر ہوکر
رگڑ دون سر اپنے کو روضہ کی برابر ہوکر
ارحم اکرم اور اعظم اکبر ہوکر
[illegible] رہجاتا ہون شرمندۂ دیدار ہوکر
چشم سے اشک نکل آتے ہین گوہر ہوکر
خواب مین جو نظر آئے [illegible] انور ہوکر
[illegible]

ہاں ہی دنیا میں ہنسا رہتا ہوں اگرچہ تنہا
طعنہ دیوینگے مجھے دیکھ کے فصحاء عرب

میں ہوں مداح نبی رنج نہیں ہے مجھ کو
جو گواہی نہ دی حضرت کی رسالت کا بشر
دن قیامت کے جو صف باندھے کھڑی ہونگے رسل

ساتھ اوس احمد مرسل کے گروہ امت
سب سے پہلے کے جو فردوس میں دیوینگے صدا
شب معراج میں اوس عرش معلی پہ نبی
شہ لولاک کا جس راہ سے ہوتا تھا گذر
خواب میں جس جگہ حضرت کی سواری جائے
ہجر کی شاق جدائی سے وہ مسجد کا ستون
باغ فردوس میں یاقوت کے خیمہ میں نبیؐ
یا رسول عربی شرم مجھے آتی ہے

استخوان اپنے نہ رہتا ہوں پیمبر ہو کر
گھونگا از نسے سراسیمہ و ششدر ہو کر

نکتہ چینی نہ کریں آپ سخنور ہو کر
وہی بس جاویگا دنیا سے سبکسر ہو کر
تم کھڑی ہوو گے سب نبیوں میں افسر ہو کر

باغ فردوس میں آجائینگے کوثر ہو کر
صدمہ نکلیگا ہر ایک شخص کے دلبر ہو کر
دم کے دم آگئے فردوس کے اندر ہو کر
خوشبو اوس کوچہ سے اوڑتی تھی معطر ہو کر
خوشبو اوس جائے سے اوڑتی ہے معنبر ہو کر
نالہ کرتا تھا جو آواز سے مضطر ہو کر
ساتھ حسنین کے آئینگے وہ کوثر ہو کر
رنج دیتی ہے اجل طعنہ دلبر ہو کر

صدق سے تیری رسالت کا جو کر دے اقرار
سے یقین قبر سے اوٹھیگا منور ہو کر

دل مری رو رو پکارے ہے لے خبر
آمنہ بی بی کے پیارے لے خبر
عشق و الفت میں تمہاری ہوں بڑا
پھنس گیا ہوں بس بھنور میں بیڑا
آپ کی فرقت میں سینہ سے میرے
ای میری ہادی میرے رہبر رسول
اب تپ ہجران سے ابتر حال ہے
ای میری مالک خدا کی ذو الجلال

میرے مولا میرے پیارے لے خبر
عائشہ بی بی کے تارے لے خبر
ای نبی آقا ہمارے لے خبر
سارے عالم کے سہارے لے خبر
اوٹھتے ہیں آہ و شرارے لے خبر
بیٹھا ہوں تیرے سہارے لے خبر
گر پڑا ہوں غم کے مارے لے خبر
میں پڑا ہوں ایک کنارے لے خبر

اب تیرے در پر خدا وند کریم
صدق پاؤن کو پیارے لے خبر

شفقت نگاہ رکھتے ہو یا شاہ دستگیر — مجھ پہ نگہہ کرم کی ہو یا شاہ دستگیر
بے چینی سخت رہتی ہے عصیان کے سبب — عصیان کے تم علاج ہو یا شاہ دستگیر
پیارے خدا کے آپ ہو عالم کے غوث ہو — محبوب مصطفےٰ کے ہو یا شاہ دستگیر
عالی نسب ہو اور لقب ہے محی الدین — حسنی تمہیں حسینی ہو یا شاہ دستگیر
ہو لاڈلے علیؑ کے ابا بکرؓ کے عزیز — تم دودمان بتول ہو یا شاہ دستگیر
عثمانؓ اور عمرؓ کے بلا شک حبیب ہو — آل رسول آپ ہو یا شاہ دستگیر
عالم کے قطب غوث ہو سلطان اولیا — فیض کرم تو آپ ہو یا شاہ دستگیر
آگے تمہارے دنیا کی سب چیز ہیچ ہے — جو کچھ کہ ہو وہ تم ہی ہو یا شاہ دستگیر
ہوں غرق میں گناہ میں کشف ہوتا ہے نہیں — بحر عطا تو آپ ہو یا شاہ دستگیر
کچھ حصہ معرفت کا عطا مجکو کیجیے — تم شاہ معرفت کے ہو یا شاہ دستگیر
غرقاب ایک کشتی نکالی تھی آپ نے — ولیوں میں برگزیدہ ہو یا شاہ دستگیر
ڈوبی جو ناؤ بڑھیا کی سب آدمی مرے — مُردوں کو زندہ کرتے ہو یا شاہ دستگیر
ولیوں کے گردنوں پہ قدم آپکا ہے بس — ولیوں کے آپ شاہ ہو یا شاہ دستگیر
کی عرض ایک زن نے یہ آ کر بصد الم — تم پر فدا یہ جان ہو یا شاہ دستگیر
لڑکا مرا ہے مر گیا فریاد کرتی ہوں — امت میں بہترین ہو یا شاہ دستگیر
گریاں ہوئی کہ روح گئی ہے ابھی نکل — افضل ترین خلق ہو یا شاہ دستگیر
حکم خدا ہوا کہ تمہیں اختیار ہے — محبوب تم ہمارے ہو یا شاہ دستگیر
پہونچا یہی خطاب کہ محبوب ہو مرے — غربا نواز تم ہی ہو یا شاہ دستگیر
رتبہ ہے غوثیت کے چڑھے آسمان پر — اعزاز کیسا رکھتے ہو یا شاہ دستگیر
روحیں پکڑ کے چھوڑ دیں رتبہ کے زور سے — تم پر خدا کا رحم ہو یا شاہ دستگیر
بولا فرشتہ موت کا انکے حضور میں — قوت سے میری زیادہ ہو یا شاہ دستگیر
اللہ کی طرف سے تصرف ہے آپ کا — تم مرتبہ میں بڑھ کے ہو یا شاہ دستگیر

رتبہ نہ ہوگا ایسا کسی شخص کا کبھی / جیسا کہ رتبہ رکھتے ہو یا شاہ دستگیر
ہم ہیں مرید آپ کے کچھ حصہ دیجیے / رفعت مآب آپ ہو یا شاہ دستگیر
ہے مرتبہ زیادہ فرشتوں سے آپ کا / تم امتنان خاص ہو یا شاہ دستگیر
چٹیک لگی ہے روضہ پہ بلوائیے شہا / جا ہے جسے بلاتے ہو یا شاہ دستگیر
ظاہر میں آپ فانی ہو کچھ اسمیں شک نہیں / باطن میں آپ زندہ ہو یا شاہ دستگیر

مجبور صدق ہند میں ناچار ہے پڑا
صدق و صفا تو آپ ہو یا شاہ دستگیر

اے عاشقو رسول کے پڑھتے رہو نماز / سو کام اپنے چھوڑ کے پڑھتے رہو نماز
غفلت ذرا بھی اسمیں نکرنا عزیز تم / اللہ کو یہ بھائی ہے پڑھتے رہو نماز
اسکی حبیب ہے پیاری رسول کی / اب جان و دل سے دوستو پڑھتے رہو نماز
جاوینگے سب بہشت میں فضل کریم سے / ہر ہم پہ فرض یہ ہے کہ پڑھتے رہو نماز
قرآن میں پانچ سو جگہہ آیا ہے اسکا ذکر / اب تم نہ چھوڑو غافلو پڑھتے رہو نماز
چھوڑو گے دین کو اور دو کانو نکو دوستو / اب مسجدوں میں جا کے تو پڑھتے رہو نماز
اللہ اوس سے راضی رسول اوس سے ہونگے خوش / اونکی خوشی کے واسطے پڑھتے رہو نماز
آسانی ہوگی وقت نزع کے بھی جان لو / ایک نور ہوگا قبر میں پڑھتے رہو نماز
ایک شکل بنکے آویگی نوری سی قبر میں / اعمال بد ہٹائیگی پڑھتے رہو نماز
غافل نہونا اوس سے کبھی یار دوستو / پل پر سوال ہوویگا پڑھتے رہو نماز
پیش نماز ہوگی قیامت میں پیشتر / حکم خدا کو جان کے پڑھتے رہو نماز
محشر میں پیاس ہوویگی شدت سے الاماں / کوثر کا اسکا پانی پاؤ گے پڑھتے رہو نماز
دیوے مٹا گناہونکو باقی نہ رکھے کچھ / اسکے خواص بہت ہیں پڑھتے رہو نماز
کیا پردہ پوشی کرتی ہے یار و عزیز یہ / سو عیبوں کو یہ ڈھانکے ہے پڑھتے رہو نماز
دارین کی بھلائی ہے اسکے سہارے سے / دار الجنان میں پہونچو گے پڑھتے رہو نماز
آؤ اذان سنکے جماعت میں دوستو / عشق خدا میں ڈوب کے پڑھتے رہو نماز

حج و زکوٰۃ روزے سبھی فرض ہین کیے
خوش ہووی خدا جو رکھو سجدہ مین جبین
اسکی حد شو نہین ہے فضیلت بہت بڑی
اک وقت کی نماز قضا کرنا ہے برا
ایک حقبہ وہ تو رہویگا دوزخ کی نار مین
قصداً کا لفظ دیکھو بڑی سخت ہے وعید
بے شک سے وہ پلید جو پڑھتا نہین کبھی
پڑھتے نہین نماز وہ کتے سے ہین بڑے
ہے کتا بلکہ اچھا وہ خنزیر سے برا
معراج ہے ضرور یہہ مومن کے واسطے

پہ سبہ خدا کی پیاری ہے پڑھتے رہو نماز
اب خوش دلی سے تم بھی تو پڑھتے رہو نماز
حق سے کلام کرنا ہے پڑھتے رہو نماز
سستی نکرنا چاہیے پڑھتے رہو نماز
اک وقت کی جو چھوڑیگا پڑھتے رہو نماز
عمداً کبھی نہ چھوڑنا پڑھتے رہو نماز
سب دھندی چھوڑ چھاڑکے پڑھتے رہو نماز
کیون سگ بنو ہو دوستو پڑھتے رہو نماز
خوف خدا سے بھائیو پڑھتے رہو نماز
ای عاشقو ضرور ہی پڑھتے رہو نماز

حق جا بجا قرآن مین تاکید کرتا ہے
دل صدق سے ضرور ہی پڑھتے رہو نماز

نام خدا ہے مجکو دل و جان سے عزیز
دنیا مین جنکو ہی ہے محبت رسول کی
ایمان جو کہ لائے ہین حضرت رسول پر
اس دہر مین تو جان تو انسان کی چشم مین
حق ہے یہی کہ عالم دنیا کے باغ مین

کوئی نہین ہے قادر سبحان سے عزیز
نام رسول اونکو تو ہے جان سے عزیز
اونکو نہ کوئی زیادہ ہے قرآن سے عزیز
لگتا نہین ہے کوئی گلستان سے عزیز
مجکو نہین ہے سورۂ رحمٰن سے عزیز

اے صدق دل لگا نہین ہرگز تو دہر مین
ہرگز نہین ہے تیرا تو قرآن سے عزیز

بیٹھے تھے سب جو خالق اکبر کے آس پاس
دل سے صحابہ آپکے قربان تھے مدام
دن کو نشاد ہوویگا اب مجھ غریب کو
تھے اسطرح صحابہ پیغمبر کے روبرو

وان ہو گئے فرشتے پیمبر کے آس پاس
رہتے کمر تھے باندھے پیمبر کے آس پاس
کس روز پہونچون روضۂ اطہر کے آس پاس
تارے ہون جسطرح مہ انور کے آس پاس

شمع کے گرد رہتا ہے پروانہ جس طرح / تھے اسطرح بلال پیمبر کے آس پاس
محشر میں مارے پیاس کے گھبرائیں اوی / ایک خلق ہوگی شافع محشر کے آس پاس
ہو پیاس سے تو خلق بڑی تشنہ ناں / ہو اک ہجوم ساقیٔ کوثر کے آس پاس
خلقت کا اک ہجوم تو ہوویگا نہر پر / ہو ویگی ایک سبیل تو کوثر کے آس پاس
تارے تو اک سو ہوتے ہیں جسطرح سے عیاں / انبوہ سے ایسے ہو وینگے کوثر کے آس پاس
جسوقت چاند او نگلی سے دو ٹکڑے کر دیا / ایک خلق تو کہتر تھی پیمبر کے آس پاس
جاتے تھے لوٹنے کو سلطان تو جنگ میں / [illegible] پیمبر کے آس پاس
عثمان جی لگا تھا خدا سے وہ دین میں / انکھیں لگی تھیں رونے کی پیمبر کے آس پاس
سن آہ و زاری لگتی مسجد رسول میں / روتے تھے کھڑے پیمبر کے آس پاس

ای صدیق کر دعا تو خدا سے بروز حشر / رکھے تجھے کرم سے پیمبر کے آس پاس

ای غافلو نماز کو پڑھتے رہو ہمیشہ / بدکام بد شغل سے ہی بچتے رہو ہمیشہ
ایذا کسی طرح سے نہ ہرگز کسی کو دو / خوف خدا سے غافلو ڈرتے رہو ہمیشہ
خاطر سے اپنے نفس کی توڑو نہ حد شرع / پس پیروی رسول کی کرتے رہو ہمیشہ
خانہ خدا میں جا کے نہ جق جق کرو ذرا / آداب مسجد ولکا بھی کرتے رہو ہمیشہ
دنیا کی بات کرنے سے ہے خوف اٹھ دیا / خاموش مسجدوں میں تو بیٹھے رہو ہمیشہ
ق
گردن پھلانگ صف میں نہ بڑھ جاؤ دوستو / آداب سے تو پاؤں کو دھرتے رہو ہمیشہ
گردن کا پل تو باندھینگے محشر میں جان لو / پیچھے ہی جیسے آن کے بیٹھے رہو ہمیشہ
آگے سے تم نہ جاؤ جو پڑھتا نماز ہو / پیچھے سے پس نمازی کے چلتے رہو ہمیشہ
باتیں کرو نمازوں کو پڑھ کر ندا سے فنا / بعد از نماز ذکر بھی کرتے رہو ہمیشہ
لیجائیگی نماز سیدھ جنت میں کھینچ کر / کاموں کو چھوڑ چھاڑ کے پڑھتے رہو ہمیشہ
فضل خدا سے جائینگے انسان بہشت میں / علم خدا کو جان کے پڑھتے رہو ہمیشہ
غافل نہ ہونا اس سے کبھی یارو دوستو / سو کام چھوڑ کے تو پڑھتے رہو ہمیشہ

نعمت بڑی ہے جان او صحت و زندگی — شکر خدا بھی دونون کا کرتے رہو ہمیش
میلاد کے کرانیکا بیشک ثواب ہے — مولود ہم گھرون مین تو کرتے رہو ہمیش
بیٹھو خموش کچھ نکرو شور و غل ذرا — مولود مین درود تو پڑھتے رہو ہمیش
پہر عمر ضایع قصہ کہانی مین مت کرو — میلاد و وعظ و پند بھی سنتے رہو ہمیش

پہر کردون کو کرتے ہو اب ضایع سستی مین
قرآن صدق دل سے تو پڑھتے رہو ہمیش

نبیون مین برگزیدہ تو بس مصطفےٰ ہین خاص — حق کے رسول اور وہ بندے خدا ہین خاص
نام انکا لینے سے کبھی کوئی بلا نہ آئے — دونون جہان مین وہی تو دافع بلا ہین خاص
آدم کو ہو مجال نہ عیسیٰ کو ہو مقال — شافع تمام خلق کے خیر الوری ہین خاص
مثلہ نہین ہے انکو قیامت سے کچھ ذرا — جو امت رسول ہین بندہ خدا ہین خاص
آدم بھی پیارے موسیٰ بھی پیارے حق خدا کے ہین — محبوب حق کے شافع روز جزا ہین خاص
دنیا کے ساری رنج مین محشر کے ہولون مین — بیشک ہمارے حامی شہ دوسرا ہین خاص
دنیا کے سب حسینون مین یوسف حسین تھے — یکتائے خلق حسن مین بس مصطفےٰ ہین خاص
مشہور ہے جہان مین ایوب کا تو صبر — صبر و رضا مین جانون شہ دوسرا ہین خاص
برتیبی نہین زکی پر ہیان من سلوی اور کو — اس مرتبہ مین امت خیر الوری ہین خاص
مشہور ہین جہان مین براہیم تو خلیل — لیکن شفیع خلق حبیب خدا ہین خاص
معراج موسیٰ کو فقط کوہ طور تہی — عرش بریں پہ پہونچے رسول خدا ہین خاص
آواز خوش تو بہت تہی داؤد کی بڑی — لیکن لحان خوش مین شہ انبیا ہین خاص
جتنے نبی خدا کے ہین سارے عزیز ہین — لیکن رسول حق تو حبیب خدا ہین خاص
بس خلق مین شجاع ہین عز و وقار ہین — نبیون مین سب سے زیادہ شہ دوسرا ہین خاص
یونس کے مرتبہ کا تو قرآن ہے گواہ — قرآن جنبہ او تراو پیارے خدا ہین خاص
شکر و رضا یہ دونون عجب اک مقام ہین — شکر و رضا مین صاحب حمد و لوا ہین خاص
دو پیشوای خلق مین افضلترین ہین — ابرار دن مین ولیون مین وہ مقتدا ہین خاص
عیسیٰ نبی کو جان لو مردے جلاتے تھے — اس درجہ مین غلام شہ اصفیا ہین خاص

اے صدق ہمکو گور کی دہشت سے غم نہین
مونس ہمارے قبر مین شمس الضحیٰ ہین خاص

دنیا سے کچھ غرض نہ دلا خلق سے غرض
یہ نفس منزلون کو تو کرتا ہے دم مین طے
باغ و محل سے اسکو مکانات سے نہ کام
پی شغل پھر ترا ہےنا ہے کیون رات دن مدام
آب و ہوا کو اور چرند و پرند کو
یہ جانون دوست کر سبھی خلق کو ضرر

اب رکھ غرض تو سید ابرار سے غرض
اسکو نہ بحث سے ہے نہ تکرار سے غرض
پہولون سے کچھ غرض ہے نہ اشجار سے غرض
رکھ ہی دلا تو ہر گھڑی اذکار سے غرض
کوہ و بحر کو ہے نہ ابرار سے غرض
محشر مین ہوگی احمد مختار سے غرض

اے صدق تجکو ہو نہ غرض اور کسی سے کچھ
جو ہو غرض تو سرور مختار سے غرض

اللہ کا نام حق ہے فنا اور سب غلط
دنیا مین جانون دوست و یار و عزیز و ہم
جو کچھ کرو وہ جان کے بہر اللہ کرو
بدعت اسی کا نام ہے سنو کہ بیت ہو
شادی غمی مین کرتے ہو جو کچھ کہ باتین ہم
دنیا کے ناچ و رنگ سے ہوتے ہو شادمان
حرص و ہوا و کذب یہی نام دنیا ہے
مال و منال جاہ و حشم ثروت و نعم
اللہ اور رسول کا لے جو کوئی نام

جو مین کہہ رہا ہے دنیا کے بیشا مین سب غلط
ہو وہ کر ہے جو خالی بلا شک وہ سب غلط
دنیا کی جو نمود ہو بالکل ہو سب غلط
حضرت نے جو کہا ہی نہین وہ ہے سب غلط
کچھ اصل انکی ہے نہین یہ باتین سب غلط
یہ فہم اور ذکا تو تمہارا ہے سب غلط
آلودہ اسمین رہنا سراسر ہے سب غلط
انکی طلب مین پڑنا تو بیجا ہے سب غلط
بیشک صحیح تو یہی ہے باقی ہے سب غلط

اب حرص کو تو چھوڑ دے ساتھ اپنے کچھ نہ لے
یہ صدق دنیا ہیچ ہے بیشک ہے سب غلط

کیا خوب ہوگا سرور ہر دو سرا کا خط
ٹھہرا ہی کرتے اور لکھاتے وہ آدرے

جسنے کہ یہ لکھا ہو کاشانہ انبیا کا خط
شاہون کو جا بجا کرتا رسول خدا کا خط

ملک اوسکا زیادہ ہوگیا اور باقی آخرت   جسنے کہ سر پہ رکھا حبیب خدا کا خط
وہ ہوگیا تباہ نہ نام و نشان رہا   جس شاہ نے کہ پھاڑا رسول خدا کا خط
آنکھوں سے وہ لگاتا تھا تعظیم کرتا تھا   جاتا تھا جسکے نام رسول خدا کا خط
بندے وہ کیسے ہونگے خدائی کریم کے   جنکے کہ پاس جاتا حبیب خدا کا خط
وہ کیسا ہوگا ملک وہ ہوگا کیسا شہر   جاتا تھا جس جگہہ پہ وہ صل علیٰ کا خط
دلکو سرور ہوتا ہے اوس ذکر کرنے سے   کیا خوشنما وہ ہوگا خلیل خدا کا خط
ظاہر میں کچھہ پڑھے نہ لکھے محض امی تھے   رکھہ اپنی انگلی پڑھتے تھے شاہ و گدا کا خط
ہیبت سے عرق آتا بہت خوف ہوتا تھا   جب پاس آتا آپ کے رب العلیٰ کا خط

یہہ صدق اشتیاق میں کہتا ہے شوق میں
یارب وہ کیسا ہوگا بھلا مصطفےٰ کا خط

یاں عشق میں رسول کے جسنے اوٹھایا خط   دنیا کا جسنے خاک میں جاون ملایا خط
آسان ہوگی اوسکو تو جانکنی موت بھی   جسکو کہ حق نے عشق نبی کا چکھایا خط
چھوٹینگے اوس سے دنیا کے سارے فریب و در   ہے جسنے اپنے سینے میں حق کا بٹھایا خط
چکھیگا وہی ذائقہ اس عشق کا ضرور   اس نفس پر فریب کا جسنے چھوڑایا خط
پہونچیگا وہ مدینہ میں جاون یہ بالیقین   جسکو کہ جانے روضہ کا دل میں سمایا خط
انسان ہر ایک قسم کے عالم میں آئی ہیں   بہتر وہی ہے جسنے کہ اپنا مٹایا خط
افضل وہی ہے نیک وہی صالح ہے وہی   دنیا کا جس بشر نے کہ دل سے بھلایا خط
پاویگا وہ نجات قیامت کے ہول سے   دنیا و دون سے جسنے کہ اپنا اوٹھایا خط
چمکیگی اوسپہ روشنی حق کی تو بیگمان   جس شخص نے کہ خاک میں اپنا ملایا خط
ہوگا عبور اوسکا تو پل پر سے مثل برق   حرص و ہوا کا جسنے کہ اپنے مٹایا خط
کیا کچھہ بیان ہووے جناب بلال کا   خدمت رسول سے جو اونہوں نے اوٹھایا خط

پڑھتا ہے صدق واہی تباہی تو کیوں بھلا
ذکر نبی کا دل میں جو تیرے سمایا خط

غیر از خدا کے دل کا لگانا بھی ہے منع
اور بے وضو قرآن کا چھونا بھی ہے منع

جو کار خیر کرنا ہو اب اوسکو جلد کر
بس سستی کار خیر میں کرنا بھی ہے منع

جو ہو کوئی گناہ تو فی الفور توبہ کر
توبہ میں تجکو دیر لگانا بھی ہے منع

بیٹھو جو دوستو کسی محفل میں تم ذرا
بے ذکر وان خموش تو رہنا بھی ہے منع

ہر وقت چاہیے تو طہارت تمہیں مدام
بے غسل ایک لحظہ کے رہنا بھی ہے منع

جب آوے نام احمد مرسل کا دوستو
بن پڑھنا درود حبیب کا تو رہنا بھی ہے منع

بہوت ہو کے سبکو ستاتا ہے تو بھی
ایک چیونٹی کے دل کا دکھانا بھی ہے منع

بدجانے سے بچا ہوا اس نفس کو ضرور
بستر کی چاندنی میں اسکا بچھانا بھی ہے منع

بے خوف ہو خدا سے تو پیتا ہے اب شراب
ایک گھونٹ بھی شراب کا پینا بھی ہے منع

رکھتا ہے سگ نہیں ہے اور بچتا ہے تو
سود و بیاج کا تجھے کھانا بھی ہے منع

ماں باپ کا ادب نہیں مانتے ہے تو ذرا
سب فرض سوں ہیں اونکو ستانا بھی ہے منع

مال یتیم کھاتا ہے بے فکر ہو کے تو
ظلم و ستم یتیم اوپر تو کرنا بھی ہے منع

دیکھو تو کار دنیا میں رہتے ہو دوستو
بے یاد حق کے انکو سونا بھی ہے منع

لڑنے میں اپنی عمر کو کرتے ہو تم بسر
گالی گلوچ و فحش کا بکنا بھی ہے منع

اے صدق کار دنیا میں ہے الغرض
بے کار اس جہان میں رہنا بھی ہے منع

جسکو خدا کی راہ میں ہوتا نہیں دریغ
اوسکو تو جان دینے میں آتا نہیں دریغ

بیشک سخی وہی ہے محبت خدا وہی
جسکو کہ حق کی راہ میں زر سے نہیں دریغ

سوئے تھے مصطفےٰ کی جگہ ایک دن علی
رکھتے تھے جان دینے میں مجکو نہیں دریغ

حق کی رضا میں جو کہ کمر باندھے بیٹھے ہیں
اونکو کسی کے کام میں آتا نہیں دریغ

مجلس میں جسکے آنے کا حکم رسول ہو
دربان کو اوسکے روک سے ہرگز نہیں دریغ

جنت میں جسکے جانیکا ارشاد ہو رسول
رضوان کو اوسکے جانے میں اوسی نہیں دریغ

اللہ کسیکو دیوے خوشی یا کسی کو غم
ولیوں کو اس سے ہووے کبھی بھی نہیں دریغ

اے صدق وہ تو ہو نچینگے جنت مین بی حساب
جن کو خدا کی راہ مین آتا نہین دریغ

راتدن ہے جو کوئی عشق خدا مین مصروف — ہے حقیقت مین وہ جنت کی فضا مین مصروف
رنج و ریاضت تو ذرا دیکھو شہ ہر دوسرا — تہے خدا سے پی است وہ حرا مین مصروف
ای خداوند جہان تجھ سے پناہ ہے درکار — رہتا ہے نفس بڑا حرص وہوا مین مصروف
نفس کمبخت بڑا ہے شریر و بدذات — راتدن کھانے مین ہے اور غذا مین مصروف
نفس امارہ کو جو زیر کرے رہو ہی ہے — وہ نرہیگا کبھی روز جزا کی سزا مین مصروف
چاہیے اوسکو درود نبی کو کثرت یارو — عصیان سے رہتا ہے جو شخص بلا مین مصروف
ہے یہہ امید کہ بیشک ہو دعا اوسکی قبول — رہوے جو بندہ خدا تجھہ دعا مین مصروف
تو یہہ کرنا اوسے ہر وقت ہی لازم یارو — جو رہا ہووے کوئی رنج و عنا مین مصروف
وہ جہنم مین پڑے اور رہے اوسکو غذا — جو کہ ہے ظلم و ستم اور دغا مین مصروف
ای خدا تجھہ سے یہی کرتا ہون ہردم فریاد — تو بچا مجکو کہ ہون جرم و خطا مین مصروف
ہے شب و روز دعا تجھہ سے یہی تو میری — رکھہ خدا مجکو تو تو نعت و ثنا مین مصروف
وہ تو ایک پل ہی مین پل پر سے گذر جاویگا — جو کہ ہر وقت رہے راہ خدا مین مصروف

باغ فردوس مین وہ چین اوڑاویگا ضرور
صدق دل سے جو رہے ذکر خدا مین مصروف

محشر مین نیکان یکطرف ہووین بدان وان یکطرف — ہون نیک رو یا یکطرف ہون زشت خو یان یکطرف
مقتدا شیر قاری تلاوت قرآن خوانان یکطرف — مولود خوانان یکطرف صلوات خوانان یکطرف
مسکین گدایان یکطرف سلطان بادشاہان یکطرف — گبر و جہودان یکطرف وان ہون مسلمان یکطرف
عالم محدث یکطرف فقہا مفسر یکطرف — شیخ و مشایخ یکطرف ہووین موحدان یکطرف
مجذوب و سالک یکطرف فقر احقق یکطرف — ہون عاشقان وان یکطرف اور ہون محبان یکطرف
ہووین گروہ سیاہ کس کس کو یاد ہے — کفار مشرک یکطرف ہون اہل ایمان یکطرف
وہ دن ہووے ایسا فیصل کرینگے وان کہو بہلا — ہون اہل دنیا یکطرف ہووین اہل عرفان یکطرف

ایسی وہان کہل بل پڑیگی دوین وہان نیز اشقیا
مشہور ہون مرد و زن کے قول اوٹہینگے وان قبر سے
بیٹھے ہون وانپر ہیں سے ہون امتی اونکے کہڑے
یان ظلم جسنے ہے کیا چکہیگا وان اوسکا سزا
دیکھینگے وہ اپنا کیا بہگتینگے وہ جو کچہہ کیا
محشر کا دن ہوگا کٹھن نیکونکو ہیں ہوان حزن
تولین وہان سبکے عمل کہولین وہان ملک دو بغل
ہووے وہان سب کے حساب کہولین وہان نامے اعمال
صف باندہے ہونگے اصفیا یکسمت سارے اتقیا
ہون خضر و موسی اکطرف اور نوح عیسے یکطرف
نیکون کی ہونگی ٹولیان اور گنہگاروں کی ٹولیان
ایک دہوم ہووے وان بڑی آئے رسول اللہ کی
سنوسے ہوئے ہون سب جمیں جا رسی ہوتان
آدم سے لیکے نبی کہین وہان نفسی سبہی

زہاد و عابد یکطرف ابلیس شیطان یکطرف
ہون سود خوران یکطرف اور روزہ داران یکطرف
وان ظالمان ہون یکطرف ایمانداران یکطرف
لشکر یزیدان یکطرف شاہ شہیدان یکطرف
ظالم شریران یکطرف بیکس غریبان یکطرف
ہون جن پری وان یکطرف حیوان طیران یکطرف
ہون ماہ رویان یکطرف ہون سیاہ رویان یکطرف
کفران نعمت یکطرف شاکر گذاران یکطرف
ہون متقی وان یکطرف ہون صالحاوان یکطرف
ہون شیث و آدم یکطرف لقمان سلیمان یکطرف
ہارون موسی یکطرف فرعون ہامان یکطرف
ہون انبیاوان یکطرف اور اولیاوان یکطرف
رضوان و مالک یکطرف سب حور و غلمان یکطرف
ساری خدائی یکطرف شاہ رسولان یکطرف

محشر وہ دن ہے الامان کانپینگے وان پیر و جوان
ہو صدق احقر یکطرف ہون مدح خوانان یکطرف

دونون جہان مین شافع اپنا ہیں شفیق
دنیا و دین مین کوئی نہ سوائے غمگسار
محشر مین گرمی دہوپ سے عرق آئیگا ضرور
خطرہ نہین ہے مجکو گناہونسے کچہہ ذرا
اعمال بندون کے تلین میدان حشر مین
اعمال ملنے کا تو ہمین غم نہین ہے کچہہ
پل سے حساب کے نہین رکھتے ہین غم ذرا

سختی کے وقت احمد مختار ہین شفیق
بیشک رسول ہیں سب کے مددگار ہین شفیق
اوس جا ہمارے سید مختار ہین شفیق
دونون جہان مین سرور سردار ہین شفیق
اوس جا ہمارے سید ابرار ہین شفیق
لاریب وا پنے سید مختار ہین شفیق
ہر جا ہمارے حامی مختار ہین شفیق

کوئی نہ یاں رفیق نہ کوئی وہاں محب
اے صدق غم نہ کھا شہ ابرار ہیں شفیق

انسان کے دلمیں چاہیے بیشک خدا کا عشق
دنیا کے سب بکھیڑے کو چھوڑ رفیقو تم
آگ اوسکے تن پہ نار جہنم کی سرد ہے
عاشق خدا کا جانو رسول کریم کو ❊
پڑھتے رہو درود کو ای یار و دوستو
جاوے وہ ایک پل میں گذر پل صراط سے
رہتے تھے یار کابیں جاتے نہ تھے کہیں
کامل اوسیکا جانو ایمان عاشقو
کوثر کا پانی ہوئیگا لاریب وہ بشر
لیل و نہار رو رو یہی عرض کرتا ہوں
کافر کا رنج کھینچے سہتے تھے سختیاں
ابرار کے وہ رتبہ کو پہونچیگا لا کلام

وہ دل برا ہے جسمیں نہیں مصطفے کا عشق
جو ہے تمہارے دل میں رسول خدا کا عشق
ہو جس بشر کو شافع روز جزا کا عشق ❊
لاریب ہے خدا کو تو لیں مصطفے کا عشق ❊
جو جان و دل سے رکھتے ہو شمس الضحی کا عشق
جو رکھتا ہو بشر کوئی ہر دوسرا کا عشق ❊
تھا بابکر کے دلمیں شہ دوسرا کا عشق ❊
جسکو کہ زیادہ آپ سے ہو مصطفے کا عشق
رہتا ہے جسکے دلمیں شہ انبیا کا عشق ❊
اے رب میرے تو دیدے مجھے مصطفے کا عشق
کیا بلال کو تھا حبیب خدا کا عشق
سینے میں جسکے ہووے شہ لافتی کا عشق

دار الجنان میں پہونچیگا اے صدق وہ ضرور
ہو ذرّہ وجسکے دل میں رسول خدا کا عشق ❊

ہو جسکی پہونچ بار رسول زمان تلک
لیتا ہے مونہہ کو چوم خدای جلیل بھی
وہ خلق وہ طریق تھا جسکی نہیں ہے حد
پڑھتا ہے جو درود محمد پہ ایک بار
ہے التجا یہ تجھسے خداوند ذوالجلال
ملجائیں مجھکو خضر تو ان سے بھی کہوں
ایک شعر بھی ادا ہو نعت رسول سے

پہونچیگا وہ ضرور ہی لیں لامکان تلک
آتا ہے جسکی نام محمد زبان تلک
خورشید سے تھے حضور کے خورد و کلان تلک
لیجاتے ہیں فرشتے اوسے لامکان تلک
پہنچادے تو سلام مرا شہ زمان تلک
لیچل مجھے تو مدینے شاہ شہان تلک
عمر میں تمام کر کے کبھی لکھے جان تلک

قدسی فلک پہ حیران ہون مدح رسول سے
ہین سیر کر رہا ہے فرشتے زمین پر

پیرو رسول رہویگا جو شخص رات دن
پیدا ہوئے رسول انوار سے ہے کہکشان

معراج مین رسول کے جانون تجھو تم
اسریٰ کی شب رسول نے ہم سیہ کارونکی

جنت مین جو مزے ہین نہ آوین بیان مین
جسکا سیاہ دل ہوا آنسو نہ آویگا
لکھ لیتے ہین فرشتے اوسی دم اوسے ضرور
محشر کے قرب ہو یہ زمانہ کا انقلاب

جو آج اوسکے محل بناتے ہین دوستو
کدورت کے دل کا بھید جو پوشیدہ رکھے تو
عالم کے غوث تھے وہ جناب محی الدین

پھر کیا ثنا مین لاؤنگا اپنی زبان تلک
پہونچاتے ہین وہ تحفہ رسول نشان تلک

لاریب وہ تو پہونچیگا باغ جنان تلک
وہ جبرئیل اپنی بہشت سے تھے سب انس و جان تلک
تھا نور ایک زمین سے لے آسمان تلک
بخشش کرائی حق سے تھا ممکن جہان تلک
انسان کا فہم پہونچے نہ ہرگز وہان تلک
لیجائے اوسکو گھر کوئی قرآن خوان تلک
جو بات کوئی لاوے سے اپنے دہان تلک
مسجد مین کوئی کھوے نہ ہرگز اذان تلک
کل اونکا رہویگا نہین کچھ بھی نشان تلک
تقصیر اگر رہو جو دکھن روشندلان تلک
لاریب اونکی پہونچ تھی بس لامکان تلک

یہ صدق زاری کرتا ہے فریاد الغیاث
پہونچے ہین اس کے جرم خدایا کہان تلک

اپنے کعبہ مین ہمین اب تو خدایا لے چل
عرض تجھ سے یہی کرتا ہون مین ہر شام و سحر
تجھ پہ ظاہر ہے کہ سرمایہ نہین ہے کچھ بھی
بندے کو یونہین مدت سے پڑا ہون پھرتا
گھر سے ایک گوشہ فرقت سے پڑا ہون ناشاد
تری رحمت بڑی جب جا پہ برستی ہووے
عرض تجھ سے یہی کرتا ہون مین ہر شام سحر
شب و روز تمنا ہے دل کی یہ ہی

بیت اقدس مین ہمین جلد الٰہا لے چل
اب مدینے کے مکانون مین خدایا لے چل
مجھ سے احقر کو تو یثرب مین خدایا لے چل
اب مجھے طیبہ کی گلیون مین خدایا لے چل
خانۂ بیت مقدس مین خدایا لے چل
اون مزارون پہ شہیدونکے خدایا لے چل
اب مدینے کے مکانون مین خدایا لے چل
تو مجھے مشہد اقدس پہ خدایا لے چل

رات دن صدق یہی کہتا ہے رو رو تجھ سے
تو در طیبہ محمد پہ خدا یا لے چل ✤

تھے وہ حبیب شاہ رسول زبان بلال
گلزار کوچہ ہوتا تھا جاتے جہان بلال
کہتے تھے لوگ اونکو تو صدیق کا غلام
تھے واقعی وہ دنیا مین شاہ شہان بلال
رہتے تھے ہمرکابی مین حضرت رسول کے
جاتے تھے جہان رسول تھے جاتے وہان بلال
ایک چھوٹے سی تو تنگی ہی دل پہ صحابہ کے
مسجد مین جاکے کہتے تھے جس دم اذان بلال
صدمہ دلون پہ ہوتا صحابہ کبار کے
جب مصطفے کے سامنے کہتا اذان بلال
اک روز ایک صحابی نے سوچہ پر انہین کہا
کہتے غلط ہو آن سے اب تم اذان بلال
جو شخص اوسنے کرتا کوئی رنج سے کلام
خاموش رہتے اور نہ کرتے بیان بلال
ہوتا تھا حرف شین ادا اونکا سین سے
مشہور ہے جہان مین لکنت زبان بلال
تھا نقش انکے سینہ پہ یٰسٓ کا لکھا
بس سین کا تو شین سے دیتے نشان بلال
کیا بھا گئی یہ حق کو ادا اوس غریب کی
تڑکا نہ ہوتا کہتے نہ جب تک اذان بلال
مقبول تھے خدا کے حبیب تھے رسول کے
محبوب اونکی کیون نہ بھلا ہو اذان بلال
دیکھا نبی نے اونکو تو جنت مین پیشتر
فرمایا تجھہ پہ بھید تو نہین تھا گمان بلال
پہلے ہی مجھ سے آیا ہے تو تو بہشت مین
اسکا سبب تو مجھ سے ذرا کر بیان بلال
کی عرض ہاتھ باندھ کے ای آقا ای شہا
جس جا سے آپ جائینگے جائیگا وان بلال
شیدا ہے یہ تو آپ کا جنت سے ہے نہ کام
مثل نشان علم کے ہے پیچھے نشان بلال
کیا مرتبہ بلال تھا کیا اوسکی پہونچ تھی
لکھا اب نہین مین سکتا ہون کچھہ بیان بلال
کہتے عمر تھے ایک دن اپنے رفیقون سے
کرتا ہون تم سے آج مین وصف بیان بلال
سردار بیشک ہین نہین اس مین کچھہ کلام
سردار واقعی ہین ہماری میان بلال
ہے یہ یقین وہ جاویگا جنت مین اونکی ساتھ
مشہور ہو گیا ہے جو یان مدح خوان بلال

تو پائی گی خاک اونکا غلامان غلام ہے ✤
ای صدق تو کہان ہی بھلا وہ کہان بلال ✤

یہی دل میں رہتا ہے میرے مدام
پڑھوں نام تیرا رسول انام

ہو رحمت خدا کی تو تجھ پر دوام
حبیب خدا تجھ پہ پہونچے سلام

شب و روز ہے یہ مری التجا
دکھا دے مجھے اپنا تو یہ لقا

یہی اپنے دل کا ہے بس مدعا
شہ انبیا تجھ پہ پہونچے سلام

یہی عرض ہے تجھ سے شاہ زمن
ہمیشہ ترا نام رہ بر دہن

اٹھوں قبر سے یہ ہی کہتا سخن
امام اصفیا تجھ پہ پہونچے سلام

قیامت میں ہو جب بڑا اژدہام
وہاں پیاسی خلقت تو ہووی تمام

مجھے دیجو اوس وقت کوثر کا جام
رسول خدا تجھ پہ پہونچے سلام

بلالو مدینے میں اب صدق کو
پڑا ہند میں یہ ہے مجبور ہو

۱

در روضہ دیکھے جو آب ہو سو ہو
شہ دوسرا تجھ پہ پہونچے سلام

کیا کریں اب حال دل اظہار ہم
ہیں گنہ سے حالت بیمار ہم

کیا ہمارا نفس بد ہے حد ثنا
کرتے ہیں ہر بات میں تکرار ہم

یہ ہمارے نفس حاسد ہیں ضرور
کرتے ہیں آپس میں جو تکرار ہم

حاسدیں یہ نفس ہے بیشک غوی
اپنے نفریں کرتے ہیں دس بار ہم

گفتگو بے فائدہ کرتے فضول
سر پہ لیتے ہیں بلا دو چار ہم

سنگ سو منہ میں رکھتے تھے صدیق تو
وائے باتیں کرتے ہیں سو بار ہم

کچھ نہیں طاعت خدا کی ہم سے ہو
سے فی الحقیقت میں بڑے بدکار ہم

اے خدا غافل ہوئے ہیں تجھ سے سخت
کچھ نہیں کرتے ترا اذکار ہم

ہائے عقبے کی نہ سوجھی کچھ ہمیں
دنیوی کاموں میں ہیں عیار ہم

کار عقبے میں تو سے بیہوش ہیں
اور کاموں میں ہیں بس ہشیار ہم

دین و عقبے کی نہیں سوجھی ہمیں
کار دنیا میں ہیں بس طرار ہم

ہو خدا کی معرفت کیونکر کشود
سینہ میں رکھتے ہیں اپنا ... ہم

اے خدا تو بخشدے جرم و خطا
اے خدا عیبون کو تو پوشیدہ رکھہ
تو ہمین توفیق دے رب کریم
حکم بن تیرے نہ ذرّہ ہل سکے
راہبر ہو تو خداوند کریم
وعدہ حق ہے خداوند جلیل
ہو وہی مقبول درگاہ خدا
آسمان ہفتم پہ ہو جاوے گذر
کشف ہو جاوے ضرور ہمکو فنا
ای خدا تے مالکِ ربِّ جلیل
جاوینگے ایسے سفر مین حسرتا
اوس سفر کے واسطے اے دوستو
ہے سفر در پیش وہ سب سے بڑا
وہ سفر ہے قبر کا لاریب و شک

جو محبت دل مین ہو حضرت ہمین
پہر ہمین خدشہ نہین شیطان سے
کلمۂ طیب پڑہین جو روز و شب
ہائے دنیا مین پہنسے غافل رہے
دیکہیے نیکون کا نشہ کس طور ہو
ای خدا ایمان سے رکہیو ہمین
قبر و محشر کا نہین خطرہ ہمین
حق نہین رکہیگا ہمکو بے نصیب
تم یتیمون کی کرو خدمت ضرور

گنہ سے کرتے ہین بس اقرار ہم
جانتے تجھکو تو ہین ستار ہم
پست ہمت سے ہوئے لاچار ہم
کرتے ہین اس بات سے اقرار ہم
کچھہ ہدایت کے نہین مختار ہم
وعدۂ ایفا مین ہین مکار ہم
خالص للہ کرین جو کار ہم
توڑدین جو شرک سے زنار ہم
رہوین جو حق کے لیے بیدار ہم
نفس بد سے ہین بڑے بیزار ہم
لوٹ کر آوینگے نے زنہار ہم
ہین کمر باندہے کھڑے طیار ہم
کیا لکہین وہ حال اب ای یار ہم
کیا کہین اوس قبر کے اطوار ہم
دیکہہ لین جا قبر وہ گلزار ہم
بحر دنیا سے جو ہووین پار ہم
راہی دوزخ ہون نہ زنہار ہم
اب گنہ سے لے چلے انبار ہم
ہین نہین کچھہ متقی ابرار ہم
یہہ ہی کرتے ہین دعا ہر بار ہم
جانتے تجھکو تو ہین غفار ہم
کر یتیمون کا جو لیوین بار ہم
روز و شب کرتے ہین یہ گفتار ہم

فرض مطلق جان لو خدمت سے تیری — سیکھتے ہیں تم سے یہی ہر بار ہم
پھونکا کرو ونکلے اجی دوستو — رکھتے ہیں یہ ہی بلا اصرار ہم
یہ ہماری عقل ہے بدتر سمجھ — رکھتے ہیں اس کا سے اک عار ہم
ہم سے بہتر ہو نہیں دنیا کا شاہ — اوس نبی کے جاویں جو دربار ہم
سینہ پر کینہ ہمارا ہے کثیف — کیسے ہوں پھر داخل زوار ہم
ہائے قسمت نے نہ کی کچھ بھی مدد — لے چلے بس حسرت دیدار ہم
آہ آویں طیبہ میں کیسے حضور — پاس کچھ رکھتے نہیں دینار ہم
آتش دوزخ نہ دیکھینگے کبھی — ہوں مدینہ کے اگر زوار ہم
کیا کہیں اب شامت اعمال سے — لائق مجلس نہیں سرکار ہم
یا نبی ہے آرزو اب تو یہ ہی — دیکھ لیں روضہ ترا اک بار ہم
کچھ نہیں ہم پر گنہ باقی رہیں — دیکھ لیں جو وہ گل گلزار ہم ✤
آپ کے قدموں گریں ہے آرزو — قبر میں جو دیکھ لیں دیدار ہم
ہو اگر زیارت ہمیں دیدار کی ✤ — ہوویں قربان آپ پر سو بار ہم
یا نبی ہے آرزو لیل و نہار ✤ — رہویں الفت میں تری سرشار ہم
یا رسول اللہ بغیر از آپ کے ✤ — رکھتے ہیں کوئی نہیں سردار ہم
یا نبی اللہ خبر لیجے شتاب — بحر عصیاں میں پڑے منجدھار ہم
یا خلیل اللہ تمہارا آسرا ✤ — چھوڑ سکتے واللہ نہیں زنہار ہم
یا حبیب اللہ تمہارے ہجر میں — آتش دوری سے ہیں ناچار ہم
التجا ہے مرنے سے پہلے حضور — دیکھ لیویں ایک دفعہ دیدار ہم
طیبہ میں جاویں بھلا کیونکر خدا — محض مفلس ہیں نہیں زردار ہم
تجھ سے پوشیدہ نہیں ہے کچھ بھی حال — کیا بھلا سمجھ کریں اظہار ہم
جز تری امداد اے رب جلیل — [illegible] کی رفتار ہم
کیا مزا ہو لطف کیا ہو دوستو — [illegible] روضہ پہ جاویں زار ہم

وائے قسمت اپنی ایسی ہے کہاں ‏ اوس مدینہ کے جو ہوں زوار ہم
کار کرکے دوست روضہ پر گئے ‏ حیف ہے ایک رہگئے بیکار ہم
ہوتا ہے ذکر و بیان پیش نبی ‏ پڑھتے ہیں صلوات جو ہر بار ہم
عمر گذری شر بدی کرتے ہوئے ‏ نیکیوں سے ہیں بڑے نادار ہم
کچھہ نہیں نیکی ذرا ہمنے کری ‏ ہاتھہ خالی اب چلے دربار ہم
جاتی رہے سے ساری دنیا کی ہوس ‏ دیکھیں جا طیبہ کا جو گلزار ہم
ق
بولے حضرت جب ہوئے دندان شہید ‏ اے خدا ہیں امت غمخوار ہم
تو نہ انکا لوٹیو طبقہ خدا ‏ جانتے تجکو تو ہیں ستار ہم
لاوے شاید کوئی تو ایمان بشر ‏ اسلیئے کرتے دعا ہیں زار ہم
کیوں کریں ہم بد دعا انکے لیئے ‏ جانتے ہیں تجکو بڑا غفار ہم
ای خدا ای مالک ہر دو جہان ‏ التجا کرتے ہیں تجھہ سے زار ہم
پڑا رہتا ہون رنج دنیا مین بیحد · غم دنیا سے اب چھوڑادے مجھے
بڑا خدشہ رہتا ہے ہول قیامت · غم عقبی اب تو بھولادے مجھے
سفر ہند سے تو کرا کے خداوند · مدینے مین کچھہ دن بسادے مجھے
جو ملجائے خضر اوس سے یہی کہون مین · تو یثرب کا رستہ بتادے مجھے
محمد محمد ہی بولون خدایا · یہی شغل اب تو بتادے مجھے
مری سانس سے نکلے ہردم محمد · اسی ورد پر حق لگادے مجھے
خدایا بحق علی اور صحابا بدری · تو نیکون سے اپنے ملادے مجھے

دعا صدق کی ہے یہی اب خدایا
لقائے تو حضرت دکھادے مجھے

ساغر الفت پلایا یار نے · مجکو شیدائی بنایا یار نے
اک نظر دکھلا جمال دل فریب · عشق مین اپنے پہنسایا یار نے
آپ پردے مین ہے بیٹھا ماہ رو · دل سے ہمکو ہے بھولایا یار نے
عشق نے مجکو کیا صورت ہلال · درد مین اپنے گھولایا یار نے
اک جھلک اپنی دکھا کے بیر ملا · ہمکو دیوانہ بنایا یار نے
جبکہ پوچھا اوسکا تنہا مین نے پتا · لامکان پر کہہ بتایا یار نے

تہ زمین پر بھی نہین ملتا نشان — بے نشان پر گھر بسایا یار نے
پھرتا ہون اشکو مین پھر جا دربدر — در سے اپنے ہے ہنکایا یار نے
دربدر مارا پڑا پھرتا ہون مین — جی سے اپنے ہے بھلایا یار نے
دیکھتا ہے وہ تو ہمکو ہر گھڑی — ہم سے ملکر آپ ہے چھپایا یار نے
قید کرکے اپنی الفت مین بڑا — ہمکو سودائی بنایا یار نے
کر کے شیدا اپنے اوپر ملا — عشق سوزان سے جلایا یار نے
پوچھتا ہون اوسکو مین تو کو بکو — مجھسے اپنے کو چھپایا یار نے
دل مرا لیجا کے کوسون تک اوڑا — عشق کا رستہ بتایا یار نے
کیا کہون کچھ کہہ نہین سکتا ہون مین — ہجر کا کوچہ جھنکایا یار نے
اب چھوڑا کر اپنی الفت مین وطن — بے وطن ہمکو کرایا یار نے
جلوہ اپنا دکھلا کے غایب ہوگیا — بحر الفت مین ڈوبایا یار نے
اب تو وہ ہوگیا ہے اعتنا — ہمکو پھندہ مین پھنسایا یار نے
ڈھونڈتا ہون اوسکو مین تو چارسو — سینہ مین خانہ بنایا یار نے
جستجو تا حق کو ہے بے فایدہ — دلمین تو مجھسے بنایا یار نے
دیکھتا ہون صورت اسکی ہر گھڑی — سینہ کو شیشہ بنایا یار نے
ڈالکر اپک عکس سینہ پر مرے — آئینہ اپنا بنایا یار نے
اب سبق اپنے تصور کا دیا — جو پڑا تھا وہ بھلایا یار نے
تھا پڑا غفلت سے مین تو نیند مین — سوتے سے مجھکو جگایا یار نے
خواب مین دکھلا جمال مہ لقا — رات دن ہمکو رلایا یار نے
چھوڑ دنیا مرے تو زیست مین — اپنا رستہ پھر بتایا یار نے
آپ تنہا بس نکل گھر سے غریب — بستی سے جنگل بسایا یار نے
ہم نہ بیٹھے مین مصیبت درد مین — صدمہ فرقت دکھایا یار نے
گھر مین رہ کر چند سال و چند ماہ — بیحد ہمکو ہے کڑھایا یار نے

[illegible]

واسطے لکھنے کے حال دلفگار
صدق کو شاعر بنایا یار نے

[illegible]

محمد اور سے بہتر احمد کو کیا تو اسی فنا جانے
نہ اسکو انبیا جانے نہ اسکو اولیا جانے
ثنائے احمد مرسل نہین جانے بشر بیشک
محمد صورت حق ہے کوئی رمز اسکی کیا سمجھے
جو ہر دم ذکر مین رہوی تو نور حق سما جاوے
وہی سمجھیگا مطلب کو جو ہوویگا فنا فی اللہ
نہین طاقت ہے بندہ کی جو اپنی عقل دوڑاوے
زیادہ عشق احمد ہے کہ جسکی چاشنی دل سے
وہی پاویگا زیارت کو جو ہوگا واصل مولا
گنہ کی ہو جو بیماری نبی کو جانے وہ ہادی
محمد زندہ ہین بیشک نصیب انکو ہے کیا مردہ سے
سنے جو نام احمد کا زبان سے سر جھکے صلی
تر و تازہ ہین جو انسان انہین کو فیض دیوین
صحابہ جتنے ہین عالی علی فخر اکے ہین والی
محمد کے جو پیارے ہین علی کے وہ ہی جانی ہین
ثنا حسنین پیارونکی ادا تجھسے نہ ہوویگی

محمد کو خدا جانے خدا کو مصطفی جانے
اگر جانے وہ ذات حق محمد مصطفی جانے
ثنا جسکی خدا جانے تو انسان اسکی کیا جانے
نہین جو راز سے واقف وہ سر حق کو کیا جانے
جو دل مردہ ہے غفلت مین وہ راز حق کو کیا جانے
احد سے میم احمد کو نہ کوئی بھی جدا جانے
محمد واصل حق ہے کوئی جانے تو کیا جانے
نہین جو فقر سے آگاہ وہ اسکا کیا مزا جانے
نہ آوین خواب مین جنکے وہ اپنی بس خطا جانے
کرے زیارت وہ زاری سے اپنی دوا جانے
نہ آوین گر نظر تجکو تو اپنی بس خطا جانے
بخیلی سے نہ کہوی جو تو اپنے کو گرا جانے
جو سر جھکائے ہین وحدت بشر اونکو گدا جانے
محبت فرض ہے انکی انہین کو مقتدا جانے
وہی سردار جنت ہین انہین کو پیشوا جانے
خدا کی انپہ ہو رحمت انہین کو رہنما جانے

یہی ہے صدق کا مطلب کہ اسکو نیک کر یارب
نہین اس بات کی پروا کہ گر کوئی برا جانے

آج گلشن مین عجب باد بہاری آگئی
عشق احمد سے اب جس دل مین خماری آگئی

کس تزک سے ماہ انور کی سواری آگئی
قبر پر اوسکے قیامت مین سواری آگئی

کھڑے تھے غلمان آپسمین کمر باندھے ہو
حورین کہتی تھین پیغمبر کی سواری آئیگی

سبز مخمل کا بچھاو اب منقش فرش تم
آج جنت مین پیغمبر کی سواری آئیگی

کہتے تھے غلمان جسکی دہوم ہے سنتے تھے سدا
جنت ماوی مین اب اُسکی سواری آئیگی

وہ نبی جن سے شفاعت چاہینگے سارے نبی
بھلے ہی فردوس مین اونکی سواری آئیگی

شوق مین غلبہ سے کہتے تھے ہماری اوس
چونک اوٹھیگا جب پیغمبر کی سواری آئیگی

کیا تزک ہوویگا اور ہوویگا کیا کچھ احتشام
دن قیامت جب پیغمبر کی سواری آئیگی

رگڑ لو ای صدیق تو آنکہون سے پا بیشک ضرور
جبکہ میدان حشر مین شہ کی سواری آئیگی

ای خدا ہم سے نہین نعمت شماری آئیگی
ہان گنہ سے اپنے ہمکو شرمساری آئیگی

جیسے کہ حدیث ہے احصا و احسنتا
یان جو روتے ہین نہین وان اونپہ زاری آئیگی

جو بسر کرتے ہین دنیا مین نمازون کو قضا
روز محشر ایک بڑی اونکی تو خواری آئیگی

یاد کرکے حشر تو آنکہین رلاؤ ابھی تم
دن قیامت ایک مصیبت سب پہ بہاری آئیگی

ظلم کرتے ہین جو دنیا مین گروہ اشقیا
بے تامل حشر مین خوب اونکو زاری آئیگی

تو ہی دے توفیق ہمکو ای خداوند کریم
تیرے بندونکی پہ کچھ خدمتگذاری آئیگی

جانے والے تو چلے جاتے ہین یثرب مین ہمیش
باری ای خالق خدا کس دن ہماری آئیگی

کون سا وہ زمانہ ہے جو چلین طیبہ مین ہم
ای فلک کب دیکھئے عشق ہماری آئیگی

محفل میلاد سلطان کا کرو تم اہتمام
محفل اقدس مین حضرت کی سواری آئیگی

ہم کریں چرچا کہ محفلین گلاب پاش سے
پھر خوشبو اب یہان عود قماری آئیگی

تھے شب اسری ملک کہتے یہ جنت مین کھڑی
منتظر تھے جسکے ہم اونکی سواری آئیگی

کہتے تھے یہ قدسیان حور و غلمان کے گروہ
باری باری عرض باری ہماری آئیگی

سر جھکائے بیٹھی تھی جنت کے ایک گوشہ مین حور
دل مین کہتی تھی پیغمبر کی سواری آئیگی

ساتھ ہی اونکا ہوگا وہ بلال حبشی بھی
دیکھ لونگی اوسکو مین جب وہ سواری آئیگی

پارکابی میں ضرور ہوویگا وہ حبشی مرا
عشق نے کیا غمزدہ سا کردیا ہے ناتوان
چھیڑتی تھیں حوریاں ایسیں اوس غمگین کو
سکھنے سے آتی نہیں ہے دیکھئے وہ سہ لقا
چھیڑو تم اسکو نہ ہرگز حوریو بس چھوڑ دو
شرم کے مارے نہیں آتی ہے سبکے سامنے
کہتی تھیں حوریں سنا کر یہہ بلال حبش کو
ای بلال حبش ایک دن وہ مخاطب اس سے کچھہ
آک جھروکے سے نظر کر اس بلال حبشی کو
سامنے آکر کیا حضرت سے یہ اوسنے سوال
ای رسول حق بلال حبش کالا ہے بڑا
تب یہہ فرمایا رسول دوسرا نے جان حور
جنتی سیاہی ہے بلال حبش پر وہ نور ہو

دیکھئے یہہ دیکھا اوسکو غم کی ماری آئیگی
واقعی اب دیکھئے یہہ جان نثاری آئیگی
کہتی تھیں بولو نہ اس سے خود بچاری آئیگی
آپ ہی سے آپ یہہ وہ غم کی ماری آئیگی
آج اسکو دیکھئے وہ حق کی پیاری آئیگی
آپ ہی سے آپ یہہ خود جان نثاری آئیگی
چھوڑ دو اسکو آپ ہی وہ شوق ماری آئیگی
آپ کی خدمت میں ایک دن یہہ بچاری آئیگی
رنگ مکھڑا دیکھہ بولی مجھہ یہہ خواری آئیگی
دن قیامت زوج یہہ دکھیا بچاری آئیگی
مجھکو سب حوریں اس سے شرمساری آئیگی
دن قیامت حوریوں پر نور باری آئیگی
وہ ہی تل ہو کے سب پر نور باری آئیگی

خواب میں اوسنے یہ جا دیکھی سواری صدق جان
جس بشر کو عشق حضرت میں خماری آئیگی

طاقت وکے خدا مجھکو بھی کچھہ کہنے سخن کی
جو یاد میں سوا کے شب و روز ہو مشغول
سو سینہ کھلے سے ایک نور نکلتا تھا ہمیشہ
بلوالیوں مجھے آپ در روضہ پہ شاہا
ہستی مجھے بھی حق سے دعا میری شب روز
جو شخص کی محبت میں ہیں والہ و شیدا
کہ طیبہ میں جا سفر ہوئیگا ہم سے

محنت تو اٹھا مجھہ سے بھی رنج و محن کی
پروا ہے مجھے نہیں فردوس چمن کی
یہہ خوبی و تاثیر تھی حضرت کے دہن کی
دل کو ہے میرے یہہ اس نہیں رنج و محن کی
زیارت مجھے ہوا نہیں اب شاہ زمن کی
حاجت نہیں ہرگز اونہیں دنیا میں کفن کی
گردش لگی رہتی ہے بڑی چرخ کہن کی

ہین ہند مین ناچار پڑا رہتا ہون سولا
زیارت ہو مجھے اب تو مدینہ کے چمن کی

اب لیجے بلا مجھکو مدینہ مین مری شاہ
اس ہند مین آتی نہین صورت مجھے امن کی

بو جو کہ نکلتی تھی پسینہ مین نبی کے
ایسی بھلا خوشبو تھی کہان مشک ختن کی

بستر سے مہک جاتے تھے سب کوچہ و بازار
جسوقت کہ بو اوڑتی تھی حضرت کے بدن کی

جو شور کہ چاہ ہوتا وہ ہو جاتا تھا شیرین
تاثیر بڑی یہ بھی تھی حضرت کے دہن کی

اس ہند مین دیکھی ہے خزان بہت سی تو مجھے
اب دیکھہ فضا جا کے مدینہ کے چمن کی

آنکھین میری ہو جائین مجلا و مصفا
پڑ جائے کہین گرد جو یثرب کے چمن کی

دنیا مین سبھی مرحلے آسان ہین بیشک
ہے قبر کی منزل تو بڑی راہ کٹھن کی

رہویگی پناہ سب کو لوا احمد کے نیچے
محشر مین کہین ہوگی نہین جا امن کی

خواہش ہے نہین جسکو یہان شیر و شکر کی
فردوس مین ہے اوسکے لیے نہر لبن کی

ای صدق نہ رہ حق سے تو ایک لحظہ بھی غافل
تجکو نہین اب چاہیے کچھہ فکر سخن کی

جسے حق نے شراب عشق احمد کچھہ پلائی ہے
اوسے دنیا کی پروا ہے نہ جنت اوسکو بھائی ہے

اوسی پر ٹوٹکر رحمت خدا جلدی سے آئی ہے
کہ جسنے محفل میلاد دنیا مین کرائی ہے

محبت جسکے دلمین کچھہ رسول حق سمائی ہے
اوسے شاہی سے بہتر ہے مدینہ کی گدائی ہے

اوسے مطلب نہ حور و نہ غلمان سے غرض اوسکو
خماری جسکے دلمین عشق احمد کچھہ سمائی ہے

وہ بہشت چلے جاوینگے جنت مین خوشی کرکے
جنہون نے محفل میلاد دنیا مین کرائی ہے

وہ بے کھٹکے چلے جاوینگے پل پر سے تو ایکدم مین
خدا کی راہ مین دولت جنہون نے کچھہ اٹھائی ہے

نہین ہستی تھی دنیا کی نہ تھی بستی کہین کوئی
محمد کے تصدق سے یہ بستی سب بسائی ہے

نہین ہوتی کبھی دنیا نہ ہوتا کوئی آدم
برائی احمد مرسل یہ دنیا کل بنائی ہے

بچایا سب کو ظلمت سے کہ بہری تھی یہ دنیا سب
ضلالت ساری دنیا کی یہ حضرت نے مٹائی ہے

بلا اجرت بلا کربت بلا لالچ بلا مکر و فن
محمد نے رہ حق ساری عالم مین جتائی ہے

بلا مطلب بلا مقصد بلا حاصل بلا حاجت
پڑھے صلوات جو دل سے ہے رحمت او سپہ حق بیشک
اطاعت جو کہ دنیا مین کرے ہے احمد مرسل
چلے جو راہ پڑہی پر گرے وہ چاہ دوزخ مین
اوسے دہشت نہ پل سے ہے نہ سختی قبر و محشر سے
نہین ممکن کہ لکھے شان احمد مین غزل کوئی
رہا تو موت سے غافل نہین کی یاد حق تو نے

ق

رسول دو جہان نے راہ سیدہی بتائی ہے
درود دین جو نہین پڑہتا تو اوسکو مہر بُرائی ہے
قیامت مین اوسی بندہ کی دوزخ سے رہائی ہے
چلے جو راہ سیدہی مین جو احمد نے بتائی ہے
چلا جاوے وہ جنت مین خدا نے جو بنائی ہے
خدا نے اونکی اعلی شان سب سے بس بنائی ہے
کلام فحش اور بد پرہیزی تجکو تو آئی ہے

پڑھے جا صدق دل سے تو سلام ہر دم درود ہر دم
محبت تیرے دل مین جو محمد کچہہ سمائی ہے

کرتا ہے یہ نفس تجکو ہے حیران کبھی کبھی
اس موذی کی دغا سے تو ہمکو خدا بچائے
رتبہ ہے اونکا عالی جو ہر روز پڑھتے ہین
ہٹکے گی ایک بلا نہین دنیا کی اونکے پاس
ہرگز نہ دیکھینگے وہ بلا اس جہان مین
پیشہ سے کام کو بہی نہ سمجھے کوئی حقیر
دنیا ہی دون مین جابر و ظالم کے ہاتھہ سے
عالم کی سیر کرتے تھے دم مین شہ امم
حکمت مین چرب پر تو ہماری رسول تھے

دیتا ہے وسوسے تجھے شیطان کبھی کبھی
پہرتا ہے دہوکے دیتا ہے یہ شیطان کبھی کبھی
کم ہی یہ سنت پڑھتے ہین قرآن کبھی کبھی
پڑھ لیتے ہین جو سورۂ رحمن کبھی کبھی
پڑھ لیتے ہین جو سورۂ انسان کبھی کبھی
پیشہ کا کام کرتے تھے لقمان کبھی کبھی
ہوتے ہین آدمی بہی پریشان کبھی کبھی
جاتے تھے تخت پر تو سلیمان کبھی کبھی
حکمت سے کام کرتے تھے لقمان کبھی کبھی

ظاہر مین دیکھا ہے نہین اب صدق تو نے یار
دیکھا ہے خواب مین رخ تابان کبھی کبھی

نیکی جو کرے اوس سے بھلائی نہین جاتی

جو بد ہے کبھی اوس سے برائی نہین جاتی

عزت جو گئی پھر کے وہ آئی نہیں جاتی — وہ کار نہ کر جس سے برائی نہیں جاتی
یہ گردش افلاک جو اب پھرتی ہے سر پر — اس چرخ ستمگر سے برائی نہیں جاتی
ظالم کوئی دنیا میں جو ہی تو یہ مرتے ہیں — جنت کبھی اوسکو تو جھنکائی نہیں جاتی
کیوں پھیر لیا تو نے نصیحت ہے سُننہ کو — ایسی تو کوئی بات سنائی نہیں جاتی
جان اپنی فدا جو کہ محمدؐ پہ کرے ہے — دوزخ کبھی اوسکو تو دکھائی نہیں جاتی
یہ چاہتا تھا بوجہل نے ہو جاوے مسلمان — تدبیر سے تقدیر مٹائی نہیں جاتے
سمجھے تھے نبی پوچھیو کیا روح کا تم حال — ہر شخص کو یہ بات بتائی نہیں جاتی
جو کلمہ توحید کو اب ورد کرے ہے — آگ اوسپہ جہنم کی تو آئی نہیں جاتی
اس زیست دو روزہ میں تو اب خیر کو کر لے — جو عمر گئی لوٹ کے آئی نہیں جاتے
فردوس مکان اوسکا ہے جو سختی اٹھاوے — جنت کہیں اب مفت لٹائی نہیں جاتی
غافل تو پڑا موت سے بے خرم و شادان — جب آئی قضا پھر تو ہٹائی نہیں جاتی
نازل ہو مصیبت تو وہ خود آ کے رہیگی — اولٹی کوئی تقدیر ہٹائی نہیں جاتی
بچے بھی جو ہوا مستی میں سرشار بڑا ہے — فردوس بریں اوسکو دکھائی نہیں جاتی
وہ کار نہ کر جس سے کہ ہو تیری گنہائی — موتی کی طرح آب پھر آئی نہیں جاتی
یہ عشق وہ لو ہے کہ نہیں جسکی اب حد ہے — جس دل میں لگی پھر تو دبائی نہیں جاتی
کرنے میں کوئی خیر تو یہ مانع ہے شیطان — ابلیس سے اور ہم سے لڑائی نہیں جاتی

یارب تو ابھی صدق کو دکھلا دے مدینہ
اب ہند کی تکلیف اوٹھائی نہیں جاتی

دنیا کما کے دنیا کے زردار لے چلے — ہم دلمیں شوق احمد مختار لے چلے
نیکی جہاں میں کر کے تو ابرار لے چلے — نامہ سیاہ کر کے گنہگار لے چلے
دوزخ سے بے غرض جنت کا کچھ خیال — ہم درد اور فراق تو اب یار لے چلے
کعبہ میں جا کے نیکی کوئی شخص کر چلا — دنیا سے ہم گناہ کا انبار لے چلے

ایمان جو نہ لائے رسالت مآب پر
وہ اب گنہ کے بوجھ تو کفار لے چلے

فردوس میں وہ جائینگے مرتے ہی بالیقین
جو دل میں ذکر سید ابرار لے چلے

رہتا ہے دم بدم شہ ابرار کا خیال
صبح و مسا تو ہم بھی اذکار لے چلے

دنیا سے بے خبر گئے بہت جلد بے بشر
ساتھ اپنے ہم گناہ کا انبار لے چلے

کوئی خیال حور میں کوئی قصور میں
ہم دل میں انس حامی مختار لے چلے

کوئی ہماری فعل نہ کام تھے پہ لے چلا
اپنے عمل ہم آپ ہی غمخوار لے چلے

ہے یہ دعا ہماری خداوند پاک سے
کعبہ میں اپنے ہمکو تو اکبار لے چلے

دن کون سا وہ ہوگا کہ تقدیر ہمکو صدق
اس ہند سے مدینہ کے دربار لے چلے

اس جیفۂ دنیوی کو خریدار لے چلے
عقبیٰ کما کے دین کے دیندار لے چلے

کچھ گلشن جنان کی نہ پروا ہے ہمیں
ہم دل سے حب شافع مختار لے چلے

دنیا سے کوئی عدل تو سہرا لے چلا
حیف آہ ظلم کرکے ستمگار لے چلے

دنیا سے کوئی عقبیٰ کما کرکے لے چلا
ہم ساتھ اپنے دنیا کا انبار لے چلے

کوئی خوشی سے پھرتے ہیں دنیا میں شادماں
کوئی غمی و رنج کا طومار لے چلے

آبادی سے غرض ہے نہ جنگل سے ہمکو کام
ہم درد عشق یار سے کہسار لے چلے

کوئی پڑا ہے رنج میں کوئی خوشی میں ہے
ہم جی میں اپنے خواہش دلدار لے چلے

کوئی تو کار خیر میں مصروف رہ چلا
بوجھ اپنے سر پہ رکھکے گنہگار لے چلے

افسوس ہمنے دیکھا نہ وہ مہ لقا کبھی
اب دل میں آہ حسرت دیدار لے چلے

کوئی خیال یار میں کوئی وصال شوق
ورد زبان تو ہم بھی اشعار لے چلے

ہمکو ستاتا رہا یہ نفس بد خبیث
ساتھ اپنے روز کی بھی تکرار لے چلے

ہم دنیا سے نہ لے چلے کچھ بوٹ باندھ کر
اے صدق بس گناہ کا انبار لے چلے

ہمارے حامی محمدؐ ہیں دو جہاں کے لیے
بغیر گنتی فضایل رسول حق کے ہیں
پڑیگا دنیا میں جو کہ حبیب حق کی ثنا
رہے پناہ میں ہووی نہ کچھ ضرر اسکا
کوئی ہے دنیا کا طالب کوئی ہے عقبی کا
نماز روزہ کرے ہے جو تو ریا کے ساتھ

نہیں ہے خطرہ ہمیں کچھ گناہ سے مطلق
نہیں ہے پیاس کچھ وحشت ذرا ہم اسکو
بشر ہویگا رحمت سے کوئی بھی محروم
رسل تو باندہے کھڑے ہونگے صف قیامت میں
درود پڑھنے سے لگتے ہیں نخل جنت میں
جو اچھے لوگ ہیں کرتے ہیں کار عقبی کے
حدیث آئی ہے جو کہ نماز پڑھتے ہیں
یقین ہے دنیا میں ہوچکے نہ کچھ بلا انکو
مادر پدر سے زیادہ بھی الفت رسول ہم سمجھو
کوئی بچا نہیں رہویگا یاں مصیبت سے

ہمیں پناہ تو اصلا نہیں ہے شیطان سے
بدی میں رہتا ہے ای نفس جو تو مصروف
قرآن سن کے بہے او سے دکھیں روتا جو
قرآن بند نہ رکھو جزو جزدان میں
بلند ہووبگی گردن تو حشر میں اوسکی
گروہ بیہودہ بک بک کے ہم دہن گندہ
بروز حشر صفت کیا ہو بیٹھنے والوں کی

ہمیں یہ کافی ہے نام اونکا حرز جان کے لیے
بڑا اسا چاہیے دفتر ہمیں بیان کے لیے
تو قند آئیگا محشر میں اوس زبان کے لیے
جو ذکر احمد مرسل کرے امان کے لیے
ہمیں تو کافی اب احمد ہیں اپنی جان کے لیے
نہ ہیں یہاں کے لیے ہے نہ ہے وہاں کے لیے

ہیں پھر یہاں حضور ہی تو کل جہان کے لیے
ایک نہ اس جگہ ہووہی شہ شہان کے لیے
آئے رسول حق سے ہیں رحمت جہان کے لیے
وان تخت ایک ہویگا شاہ زمان کے لیے
ای عاشقو لگاؤ شجر اب وہان کے لیے
نہ کام اپنا ہوا کوئی اب وہان کے لیے
اونکے تو ماتھے ہوونگے ہمیں نشان کے لیے
جو نام لیوہیں محمدؐ ہیں حرز جان کے لیے
عشق اب رسول فرض ہے پیر و جوان کے لیے
بشر تو آئے ہیں دنیا میں امتحان کے لیے
ذکر اب رسول ہمکو ہے چاہیے امان کے لیے
کچھ کار خیر چاہیے کرنا وہان کے لیے
منہ سے یہ روحی ہوئے ہیں نہ کچھ زبان کے لیے
مدام پڑھنے کی تاکید ہے قرآن کے لیے
رہے کمر کو جو باندھے ہے یاں اذان کے لیے
ذکر خدا ہے کافی حلاوت زبان کے لیے
وان اک محل ہو موتی کا قرآن خوان کے لیے

پڑہو نمازون کو اب صدق دل سے یارو تم
حق سے نہ یہہ معاف ہے پیر و جوان کے لیے

فراق احمد مرسل مین دلکو بیقراری ہے
رہا کرتی ہے جسکو عشق احمد مین خماری ہے
کرے کس کس طرح انکی نعمتون کا شکر اب بندہ
جسے ایا فرا عقبے کا وہ ہی خوب جانے ہے
بچاوے تو خداوندا عذاب قبر سے مجھکو
گذر ہوویگا پل پر سے سبہی عالم کا تم جانون
نہ دہشت قبر مین اوسکو نہ خطرہ ہو قیامت مین
وہ بیشک جنتی ہے جو نبوت کا کرے اقرار

سحر کو آہ و زاری ہے تو شب اختر شماری ہے
نہ عقبے سے اوسے مطلب نہ جنت اسکو پیاری ہے
ہین بیحد نعمتین اوسکی کہان گنتی شماری ہے
یہہ آگے اسکے دنیا کیا حقیقت مین بچاری ہے
گناہونکی میرے کندہے پہ گٹھڑی ایک بہاری ہے
اوتر جاوی وہ ایک پل مین کری جو ذکر باری ہے
خدا کا ذکر اب دل سے زبان پہ جسکے جاری ہے
نہ لاوے جو کہ ایمان بس وہی جانون کہ ناری ہے

پڑہے جو صدق دل سے تو نمازون کو وضو کر کے
مکان تیرا تو جنت ہو خدا کو یہہ ہی پیاری ہے

خدا کی حمد تم جانون بڑی نعمت گذاری ہے
مرے مونہہ سے رسول دوسرا کا نام جاری ہے
ہمیشہ نام احمد بس میرے ہر وقت جاری ہے
تب ہجران ہے ہر وقت بڑی ایک بیقراری ہے
دل مضطر تو کرتا اسطرح کیون بیقراری ہے
یہان محفلین انکی یہہ کس گل کی طیاری ہے
خدا بہی ذکر کرتا ہے فرشتون سے بہت اوسکا
زبان آلودہ عصیان ہے لکہون کیا حمد باری مین
نہین امید سرآنکی پڑہے مین انتو حسرت مین
بیستا کو انکو خوش آوے حقیقت مین صفت حضرت

وہی بندہ تو بہتر ہے جو کرتا ذکر باری ہے
مجھے توصیف مین اونکی نہایت شرمساری ہے
مجھے اس نام سے الفت تو لگتی بہت پیاری ہے
میرے سینہ سے ہر دم جیغ اوٹھتی آہ و زاری ہے
سفر کر اب مدینہ کا تجھے کیون اضطراری ہے
چمن مین خوش ہین طائر آمد فصل بہاری ہے
دہن سے نام احمد جسکے بس رہو جاری ہے
مجھے اپنے گناہون سے بڑی ایک شرمساری ہے
نہین معلوم اب قسمت مین لکہا کیا ہماری ہے
مجھے تعریف حضرت بہت لگتی سب سے پیاری ہے

صفت گل کی کرے کوئی صفت بلبل کرے کوئی
سنے جو نام احمد کو پڑھے پھر نا درود اون پر
کروں تعریف کیا حضرت زبان میری تو قاصر ہے
شب اسریٰ میں کیتا تھا براق جنت سے چلکر
گئے جبریل جنت میں براق ایک دیکھا گوشہ میں
یہی جبریل کہتے تھے نہو غمگین تم حضرت
فراق احمد مرسل میں کہتے تھے اویس ایک دن
بلال ایک روز کہتے تھے نہایت شوق غلبہ سے
صہیب عاشق دلا یہی کہتے تھے جدھر میں
فقط ایک یوسف مصری کی عاشق وہ زلیخا تھی
یہی جبریل کہتے تھے در اقدس پہ آ آکر
کہا جبریل نے ایک شب در دولت پہ حاضر ہو
محل آراستہ جنت کے دیکھو اب ذرا چلکر
چلوں میں ہمرکابی میں یہی ہے آرزو میری
فلک سے آملا ایک سیم در دالا یہ کہتے تھے
تعشق سے یہ کہتے تھے شب اسریٰ کہیں یوسف
در فردوس آ رضوان قدم لیکر یہی بولا
گئے فردوس میں حضرت ادب سے بولا رضوان یہ
صفت جنت کی ایک ادنیٰ بیان کرتا ہوں اے یارو
صفت جنت کی رضوان نے کری حضرت سے یہ ایک
گئے بہشت میں جب حضرت تو دیکھا ایک قبہ والا
یہی پیغام آتا تھا شب اسریٰ میں حضرت پر
خدا آسان کری ہول قیامت کو تو بس مجھ پہ

مجھے توصیف آل مصطفےٰ کل شے سے پیاری ہے
پرستی رہو سے دنیا میں ہمیشہ اوسپہ خواری ہے
مگر دلکو لگے توصیف اونکی مجھکو پیاری ہے
جلے ہیں استخوان میری اب آئی تشنگی باری ہے
جھکائے سر کو بیٹھا ہے لہو آنکھوں سے جاری ہے
بلا شک آپ کی امت تو حق کو سب سے پیاری ہے
بدن تو جل چکا سارا اب آئی دلکی باری ہے
محبت کا یہ سبب ہے دل میں لگا ایک زخم کاری ہے
بجاؤں رو دم میں ہرگز مجھے خدمت ہی پیاری ہے
یہاں مشتاق حضرت کی جدائی دل پہ ساری ہے
بڑی منظور حق کو اب تمہاری پاسداری ہے
چلو اب عرش پہ حضرت تمہاری یادگاری ہے
تمامی خلق سے زیادہ بڑی خاطر تمہاری ہے
یہ عمر اپنی اسی شب کی تمنا میں گذاری ہے
تمہارے واسطے رضوان نے جنت کیا سنواری ہے
اب ان آنکھوں سے دیکھوں میں کہاں شہ کی سواری ہے
چلو فردوس میں حضرت کہ کیا کچھ اب طیاری ہے
برائی امت حضرت یہ جنت سب سنواری ہے
ہر ایک تختہ میں ہر گل کی نئی بس یکباری ہے
ہمیشہ حکم حق سے رہتی یہاں یہ مشکباری ہے
حروف ت سے قبہ میں ہوئی ایک نہر جاری ہے
خدا کو خلق سے امت تمہاری بہت پیاری ہے
گناہوں کا میری سر پہ پڑا ایک بوجھ بھاری ہے

دکھا دے صدق کو دفعہ تو جلدی سے خداوندا
یہی ہے التجا تجھ سے بہر ہی اب انکساری سے

بزبانی جبرئیل علیہ السلام

یاوری سے یاوری دیکھا ہے تجھے
برتر و اعلیٰ شہا دیکھا ہے تجھے

منبعِ جود و عطا دیکھا ہے تجھے
رہبرِ خلقِ خدا دیکھا ہے تجھے

عرشِ اعلیٰ پر شہا دیکھا ہے تجھے
حجرۂ اقدس پہ آ دیکھا ہے تجھے

خوش بیان و خوش خصال و خوش جمال
مہ لقا سے مہ لقا دیکھا ہے تجھے

بارگاہی ہیں یہی کہتے تھے وہ
حق سے اے شاہا ملا دیکھا ہے تجھے

سدرہ پہ جا کر یہی کہنے لگے
صاحبِ حلم و حیا دیکھا ہے تجھے

سب پہ بخشش ہے عنایت اور کرم
چشمۂ فیض و عطا دیکھا ہے تجھے

عام ہے رحمت خلائق پر بڑی
بخشش بحرِ سخا دیکھا ہے تجھے

میں ہی عاشق اور شیدا ہو گیا
سب سے اعلیٰ مصطفیٰ دیکھا ہے تجھے

آج میں نے محو ہو کر غور سے
دیدۂ قربی شہا دیکھا ہے تجھے

حق تعالیٰ

فکر سے امت کے اے پیغمبر رسول
درد و غم میں مبتلا دیکھا ہے تجھے

بہرِ امت اے میرے پیارے حبیب
ہر گھڑی کرتے دعا دیکھا ہے تجھے

واسطے امت کے ہر شام و سحر
چشم گریاں مصطفیٰ دیکھا ہے تجھے

اپنی شفقت سے کرم سے فضل سے
اپنا آئینہ شہا دیکھا ہے تجھے

بزبانی اسرافیلؑ

صور میں کہتے تھے اسرافیل یہ
حق تعالیٰ سے ملا دیکھا ہے تجھے

ایسی صورت کا نہیں کوئی بشر
جیسا ہم نے اے شہا دیکھا ہے تجھے

دوستوں نے صدق سچ ہے یہ کہا
شاہ ہر مسکیں گدا دیکھا ہے تجھے

بزبانی حضرت صدیق اکبرؓ و عمرؓ

سب سے برتر مصطفےٰ دیکھا تجھے ۔ رحمت عالم شہا دیکھا تجھے
غار پر آکر یہی کہنے لگے ۔ فکر امت میں گھلا دیکھا تجھے
کی نہ دنیا پر کبھی کچھ التفات ۔ اپنے مولا پر فدا دیکھا تجھے
رو رہے دیکھے تجھے ہی اصحاب سب ۔ یاد حق میں ہے لگا دیکھا تجھے
کہتے تھے فاروق ایمان لائے جب ۔ عطر میں ہم نے بسا دیکھا تجھے
ہو گیا مجذوب میں اے امی لقب ۔ جگھڑی پہنے قبا دیکھا تجھے
غور کرکے جب نظر صورت پہ کی ۔ آئینہ حق کا شہا دیکھا تجھے
کہتے تھے عثمان ایک دن برملا ۔ رنج امت میں سدا دیکھا تجھے
اے مری ہادی مرے رہبر رسول ۔ سب سے زیادہ خوش ادا دیکھا تجھے
ہو لیں دنیا کی ہیں سب خواہشیں ۔ جب سے ہم نے مصطفےٰ دیکھا تجھے
کہتے تھے یہ ہی علی نامدار ۔ برتر و اعلیٰ شہا دیکھا تجھے
بولے حضرت سے یہی مولا علی ۔ حب حق میں ہے فنا دیکھا تجھے
دل فدا ہے جان فدا ہے شہ امم ۔ ہر گھڑی تابع رضا دیکھا تجھے
خادموں سے اُف تلک بولے نہیں ۔ مشرکوں پر بس خفا دیکھا تجھے

نفس

نفس سرکش ای تجھی ای حیلہ ساز ۔ حب دنیا میں پڑا دیکھا تجھے
خلق میں مانند کس شہد کے ۔ نفس پر ہم نے پھنسا دیکھا تجھے
یاد حق سے توڑتا غافل بنا ۔ کھیل و بازی میں فنا دیکھا تجھے
گل کھلاتے باغ دنیا میں مدام ۔ ہم نے ای باد صبا دیکھا تجھے
ظاہرا میں تو نظر آیا نہیں ۔ خواب میں ای مہ لقا دیکھا تجھے

شیفتگی سے صدیق کہتے ہیں
دل کا اپنے آئینہ دیکھا تجھے

کسکی مجال تھی یہہ پیمبر کے سامنے
لاتا جو اپنا رخ وہ پیمبر کے سامنے

دہشت نہیں حساب سے ہرگز ذرا مجھے
طومار سب کھلینگے پیمبر کے سامنے

خطرہ نہیں ہے مجھکو بداعمال سے ذرا
نیکی بدی تلے وان پیمبر کے سامنے

رکھتے ہین کینہ دلمین صحابہ سے جو بشر
ہونگے ذلیل وہ تو پیمبر کے سامنے

پوچھین جواب جبکہ نکیرین قبر مین
دون مین جواب اونکو پیمبر کے سامنے

جھٹلایا ہے رسول کو جو تمنے کاذبو
معلوم تمکو ہوگا پیمبر کے سامنے

ہے مجھکو التجا یہہ خداوند ذوالجلال
ہو مدح خوان یہہ صدق پیمبر کے سامنے

کیا تاب چاند کی رخ انور کے سامنے
کرتا جو اپنا سو یہہ شہ اطہر کے سامنے

سورج کی کیا مجال تھی خوبی جمال مین
جو تاب لاتا روی منور کے سامنے

کیا زلف عنبرین تھین مہکتی نہین ورے
تہا عطر ہیچ بوی معنبر کے سامنے

چوگرد بیٹھتے تھے صحابہ رسول کے
تارے ہون جسطرح مہ انور کے سامنے

شمع کے گرد پھرتا ہے پروانہ جس طرح
تھے اسطرح بلال پیمبر کے سامنے

روتی تھی لکڑی احمد مرسل کی ہچکی
جسطرح طفل روتی ہے مادر کے سامنے

کرتے تھے صہیب روی منور کی ٹکٹکی
جسطرح کوئی دیکھے ہے دلبر کے سامنے

ہین رہنما تمہارے محمد سے پیشوا
رستہ نہووے گم کبھی رہبر کے سامنے

محشر مین پیاس سے کہین پانی نہین ملے
وان ہوگا پانی ساقی کوثر کے سامنے

تصدیق کی نہ جسنے رسالت مآب کی
ہو وہ ذلیل خالق اکبر کے سامنے

اس آرزو مین رہتا ہے مدت سے یہہ شیدا
کس روز صدق پہنچے تیرے در کے سامنے

صدا غیب سے آئی کہ تم افضل ترین نکلے
رسولون مین تمہین محبوب رب العلمین نکلے

کرم فرمائی رب العلمین اس مستحق پر بیشک
ملیگی نجیب سے روزی اسے بھی شبہ اور بیشک
بچے وہ نار سے دوزخ کی اور ہو داخل جنت
شہ عالم سے آدم نے کہا معراج میں اس شب
برائی جنگ روز بدر جب یک جا ہوئے کافر
عداوت جو زیادہ تھی صحابہ سے رکھے خفیہ
زیارت خواب میں ہو جائے جسکو شاہ عالم کی
خداوندا جب تک ہوا سے زیارت مدینہ کی
یکایک ہو گئے طفلی میں جو ایکدن امام دین
شمیم جانفزا سے میں معطر ہوں کہاں قسمت کا

ہر ایک ساعت دہن جسکے سے خیر الرحمن نکلے
جو ہر لحظہ زبان اسکی سے خیر الرازقین نکلے
جو ہر دم جان و دل سے اسکے رب العلمین نکلے
میری فرزند فرزند و نہیں تم تو بہتر بین نکلے
تو اوس جا شوکت و عظمت سے خیر الواصلین نکلے
بروز حشر اپنی قبر سے وہ سہمگین نکلے
تو بنکر نور روشن قبر سے وہ مہ جبین نکلے
تو اس دنیای ویران سے خیر الکترین نکلے
تو مضطر ہو گئے اونکو ڈھونڈتے خیر الامین نکلے
تمہاری زلف مشکین سے جو بوی عنبرین نکلے

کرے جو صدق جی سے کعبہ و یثرب کی جاروبی
تو اوسکے خاکساروں میں معزز بالیقین نکلے

جو حق کی اونہوں نے آنکھ سے تنویر دیکھ لی
تصدیق جسنے کی ہے رسالت رسول کی
شرمندہ ہو گیا ہوں گناہوں سے اپنے میں
جنگ احد میں بھاگے تھے کافر بچا کے جان
ہر دلیل جمع ہوئے کبر اور یہود
سچ آپ کو دیا تھا ابو جہل نے بڑا
فردوس میں جو ہو چکے معراج کو نبی
قسمت بلند اوسکی ہے جو کہ مدینہ جائے
بعد از نبی کے اوسنے تو دیکھا رسول کو
ایمان لائے خط پہ سیت شاہ ذی کرم
تحریر خط پہ لائے نہ ایمان جو بادشاہ

قرآن کی جنہوں نے ہے تفسیر دیکھ لی
دوزخ سے اوسنے بچنے کی تدبیر دیکھ لی
گرو نہیں خواہشوں کی جو زنجیر دیکھ لے
نکلی ہوئی جب آپکی شمشیر دیکھ لی
پست ہو گئے جب اپنی تقصیر دیکھ لی
پھر اوسنے اپنی ذلت و تحقیر دیکھ لی
نبیوں نے آپ کی وہاں توقیر دیکھ لی
دنیا میں ابھی اوسنے یہہ تقدیر دیکھ لی
جس شخص نے کہ صورت شبیر دیکھ لی
جب آپ کی لکھی ہوئی تحریر دیکھ لی
اپنی اونہوں نے خوب ہی تحقیر دیکھ لی

نازاں ہوئے تھے اشقیا تدبیر اپنی پر
تھرا گئے جو آپ کی تدبیر دیکھ لی

بیٹھی رسول بیٹھے منافق خموش سب
قرآن میں جو آیت تطہیر دیکھ لی

پیارا اچھے ہو ہیں جو لیں صدق دل سے نام
نام نبی میں جسنے یہہ اکسیر دیکھ لی

راہِ خدا میں جسنے کہ شمشیر دیکھ لی
جنت میں اوسنے جا بنی تدبیر دیکھ لی

ہے خوش نصیب دنیا میں اور آخرت میں وہ
جسنے مدینہ جانے کی تقدیر دیکھ لی

وہ جانتے خوب مرتبہ آل رسول کا
قرآن کی جسنے آنکھ سے تفسیر دیکھ لی

گستاخی نبی ہوئی ہے گناہ ہوگی سزا آہ
نادم ہوا ہوں دلمیں جو تقصیر دیکھ لی

اڑنے نبی سے نکلے تھے کفار روز بدر
کیسی اونہوں نے خواری و تحقیر دیکھ لی

ہوئی تحاشہ گرتے تھے کفار بدر میں
چلتی ہوئی نبی کی جو شمشیر دیکھ لی

حجت میں کیسے وہ مشہور تھے عرب
قایل ہوئے نبی کی جو تقریر دیکھ لی

عرش بریں پہ حق سے ہوئے جاکے ہمکلام
حور و ملک نے آپ کی توقیر دیکھ لی

جاوے بلا ہے صدق سے کوسوں تلک اوڑی
درد نبی میں جسنے یہہ اکسیر دیکھ لی

بشر جو راہِ خدا میں قدم اوٹھاکے چلے
نہ اس جہاں میں ہرگز وہ ڈگمگا کے چلے

بشر کو چاہیے مضبوط پکڑی رہے خدا
نہ اپنے پاؤں کو لغزش سے ڈگمگا کے چلے

بشر جو حکم اطاعت رسول میں رہوے
وہی تو دولت عقبیٰ کو بس کما کے چلے

فرشتے اون سے کہتا ہے یوں خدای پاک
وہ میرا بندہ ہے بہتر جو سر جھکا کے چلے

تصدیق کی ہے نبی کی وہی تو اچھے ہیں
اونھوں نے کہائی ہے ٹھوکر جو سر اوٹھا کے چلے

جو سچے ہو کے چلے ہیں وہی تو سوچے ہیں
وہی گرے ہیں زمیں پر جو سر اوٹھا کے چلے

جنھوں نے کہنا نہ مانا رسول کا اپنے
وہی تو دنیا میں اپنے تئیں گرا کے چلے

ہوئے ہیں پیدا جو دنیا میں آج تک انسان
وہ لب سرای دو روزہ میں گھر بسا کے چلے

جنھوں نے ظلم و ستم سے پرایا مال لیا
وہ اپنے سر پہ گناہ اوٹھا کے چلے

ادسی کا مرتبہ ہوویگا حشر مین زیادہ
وہی تو دیکھیگا دیدار حق قیامت مین
یقین ہے خلد بریں مین ضرور ہوینگے
جو نام لیوے رسول کریم کا دن رات
سیاہ کار ونپہ الطاف ایسا ہے اونکا
وہی تو ناری ہے بس اور دوزخی لاریب
بشر جو محفل میلاد مین کہین جاوے
یہان جو مجلس میلاد کا ارادہ کرے
زمین پہ وقت ولادت جو جبرئیل آئے
جو آئے حضرت روح الامین رسول کے پاس
چلے زمین سے فلک پہ جو احمد مختار
بڑی تمنا تھی رضوا انکو ایک عرصہ سے
اگر مدینہ کی تقدیر رہبری کردے
الٰہی کونسا وہ روز آئیگا جا نین
یہہ آرزو ہے کہ دنیا سے جب سفر ہووے

جو اپنے آپ کو اس دہر مین گھٹا کے چلے
بشر جو آپ کو ہی وصف بان بنا کے چلے
خدا کی راہ مین جو جو قدم بڑھا کے چلے
نجات بخشی انکو دنیا سے وہ کرا کے چلے
کہ مژدہ عفو کا دنیا مین وہ سنا کے چلے
جو لوگ تیری رسالت سے منہہ پھرا کے چلے
تو عطر ملکے وضو کرکے اور نہا کے چلے
تو بوئے عطر سے کپڑون کو وہ بسا کے چلے
نبی کو حلہ خلد بریں پہنا کے چلے
تو میوہ ہائے جنان آپ کو کھلا کے چلے
جلو مین اونکے فرشتے پرے بندھا کے چلے
کہ پیشوائی مین ہمراہ مصطفے کے چلے
بغل مین بندہ بھی یہہ بوریا دبا کے چلے
کہ یہہ فقیر مدینہ مین مصطفے کے چلے
تو بندہ سینہ پہ نام نبی کھدا کے چلے

غریب صدق کی لیل و نہار ہے یہہ دعا
کہ پا رکاب یہہ جنت مین مصطفے کے چلے

تجھی کو حمد ہے مولا کہ کھانا تو کھلاتا ہے
بڑا ستار ہے شاہا عجب تیری غفوری ہے
اُٹھا دے ہو کا ہے سکو تیری ہی شان ہے ایسی
کسی کو نعمتیں دیتا ہے گھر بیٹھے بہت اچھی
تو ہے روزی رسان ربا کہ تجھ بن کچھ نہین جدا ہے

گنہ تقصیر پہ روزی نہ ہے تو بٹاتا ہے
گنہ بندہ تو کرتا ہے تو عیبون کو چھپاتا ہے
کسی کو تو خدا وندا نہین ہو کا سلاتا ہے
کسی کو در بدر خواری ذلت سے پھراتا ہے
تو ہی روزی پرندونکو ملا تخت کھلاتا ہے

خداوندا تو ہے خالق تو ہی ہے رازق مطلق
خلایق کی وہ نظروں مین بڑی رتبہ کا ہے انسان
اثر کیا ہے وعظ اوسکا دلو نمین ہر شخص کے بس
پڑا پہرتا ہے غفلت مین نہین کچہہ ذکر ہے کرنا
قیامت مین اوٹھاویگا وہ سختی اور کلفت کو
نہ بستی سے غرض اوسکو نہ دنیا سے اوسے مطلب
یہ جیتے جی کے سب جھگڑے ہین کنبہ اور رشتہ کے
کسی عاشق سے پوچھا تہا کہ تجھپر کیا گذرتی ہے
یہ کوچہ عشق ہے بیڈہب نرالے ڈہنگ کا یارو
ملیگا ایک درجہ بس قیامت مین بڑا اوسکو
وہ موتی ہوگا محشر مین سمجھ لینا ضرور اسکو
ثواب اسکا سمجھو تلاوت سے بہت زیادہ
کرین جنات زخمی اور نکلو ہی سب ملکر
کسیکی کچہہ نہین طاقت کسی کی کچہہ نہین قدرت

جسے چاہے کہلاتا ہے جسے چاہے پلاتا ہے
تواضع انکساری ہے جو اپنے کو گراتا ہے
خداکے واسطے عالم نصیحت جو سناتا ہے
عبث تو اے فنا دنیا مین ناحق دم گنواتا ہے
کسیکا ایک ذرہ بھی جو کوئی دل دکھاتا ہے
خداکی یاد مین اپنا جو کوئی دل لگاتا ہے
گئی یہ روح جب تن سے کسی کچہہ نہ ناتا ہے
کہا مالک سیر اسپد رولاتا ہے کبھی مجھکو ہنساتا ہے
ہنساتا ہے رولاتا ہے کنوئے پر جا جھنکاتا ہے
بلائے دنیوی بندہ جو سر اپنے اوٹہاتا ہے
خداکے واسطے آنسو جو دنیا مین بہاتا ہے
کسی بندہ کو ایک لقمہ جو کہانا تو کھلاتا ہے
خدا اوسے کرم سے اپنے بندونکو بچاتا ہے
جسے چاہے تو ہی مولا در کعبہ دکھاتا ہے

بڑا غافل ہے حق سے تو نہ کچہہ اب ہوش ہے تجکو
یہی دنیا عبث اے صدق جان اپنی کہپاتا ہے

محبو جسکے دلمین عشق احمد کچہہ سماتا ہے
مزا آیا ہے جسکو احمد مرسل کی الفت مین
خلوص دل سے الفت سے محبت سے وضو کرکے
ادب سے اور قرینہ سے ذرا ہو خاموش ہوکر
رسول حق کے قربان مین نہین دوزخ سے کیا خطرہ
پہونچ اوسکی سمجھنا تم در طیبائی اقدس تک
وہ بے کھٹکے وہ ہی بہشت چلا جاویگا جنت مین

وہ دل دنیا و مافیہا سے سارا پہر اٹھاتا ہے
لٹاکر مال و زر دنیا وہ عقبے پہر کماتا ہے
پڑھے ہے جو درود انکو گناہ وہ سب مٹاتا ہے
غزل اب نعت مین دیکر تجہین احقر سناتا ہے
ارے واعظ بڑا ہمکو تو ناحق اب ڈراتا ہے
فنا ہو عشق احمد مین جسے کچہہ وجد آتا ہے
نبی کی راہ مین جو زر محبت سے لٹاتا ہے

بغیر از پیر کے رستہ کبھی ہرگز نہین ملتا
خدا کی راہ کا رستہ تو مرشد ہی بتاتا ہے

وہی ابرار ہے بیشک وہی صدیق ہے بیشک
ریاضت سے حضرت کی جو آنسو بہاتا ہے

خلوص دل سے پڑہتا ہے جو حضرت پر درودونکو
وہ ابراروں کے دفتر ہی مین نام اپنا لکہاتا ہے

اسی حسرت مین رہتا ہے یہہ مسکین صدق بیچارہ
خداوندا در طیبہ تو اسکو کب دکہاتا ہے

قدرت ہر ایک شے مین ہے اللہ کے نور کی
کیا دہوم ہو رہی ہے اوسکے ظہور کی

سوجی ہے یہہ ہی بات بہت تجکو دور کی
فردوس بہی بنی ہے محمد کے نور سے

رضوان کو حکم ہو چکا کہ فردوس مین ابہی
جا کہول دے تو کہڑکیان نزدیک و دور کی

ہوگا ظہور آج شہ کائنات کا
طیاری بہت جلد ہو حور و قصور کی

رہوے نہ کوئی آج جہنم کی نار مین
مرضی یہی ہوئی ہے خدای غفور کی

جنت اوسیکے واسطے حق نے بنائی ہے
جسنے کہ دل سے کی ہے اطاعت امور کی

جسنے کہ ایک مرتبہ دیکہا رسول کو
پہر اوسکو کیا تمنا ہے حور و قصور کی

افلاک پر گئے ہین محمد رسول پاک
معراج موسی سے فقط کوہ طور کی

جو قوم تابعداری احمد سے ہو بغی
یہہ بات اوس شقی کی سمجہنا غرور کی

ای امتان موسی و عیسی تمہین
فرقان کے آگے کیا رہی حاجت زبور کی

ہم امتان خاص کو کیون ہو غم و الم
مہر و وفا تو ہم پہ بڑی ہے حضور کی

بندے ہین ہم خدا کے تو ہین امت رسول کی
رحمت ہے ہم غریبون پہ رب غفور کی

دنیا مین جو مطیع ہے رسول کریم کا
محشر مین پائیگا وہ صراحی طہور کی

عالم مین جو کہ طالب اللہ ہے بشر
دہشت نہین صراط سے اوسکو عبور کی

محشر مین جو کہ دیکہے خدائی کریم کو
خواہش پہر اوسکو ہو نہین حور و قصور کی

دوزخ مین وہ بچایگا جانون کبہی بشر
تصدیق جسنے کی ہے پیمبر کے نور کی

زندونکو چاہیے کہ غنیمت گنین حیات
مردے تو انتظاری مین ہین نفخ صور کی

محشر تلک وہ چین سے سوویگا قبر مین
جسنے کہ کی خواب مین زیارت حضور کی

جلدی دکھا مدینہ تو بہر خدا رسول
ناشاد غم الم مین پڑا رہتا ہون شہا
احمد کا نام سن کے نہ بھیجے درود جو
ذریعہ سے نام احمد مرسل کے ای کریم
دن ہو وہ کونسا کہ مین پہونچون مدینہ مین
ہوگی گھڑی وہ کونسی جاؤن بقیع پاک
مولود پڑہنے والون کا ہے مرتبہ بڑا
ہر وقت شکر چاہیئے پروردگار کا
جنت مین جاکے پیوینگے سب اپنی سبیل
کرلے دعا تو میری خداوند یہہ قبول

اب اضطرابی بہت ہے مجھ ناصبور کی
صورت اس ہند مین نہین کوئی سرور کی
یہہ بات ناپسند ہے اوس بے شعور کی
اب عذرخواہی کرتا ہون اپنی قصور کی
امید کب برآتی ہے مجھ ناصبور کی
جاکر وہان کرونمین زیارت قبور کی
اب مدح خوان کو چاہیئے جو کی بلور کی
نعمت گذاری کرنی ہے واجب شکور کی
کیسی سبیل ہی وہ شراب طہور کی
مرنے سے پہلے ہووی زیارت حضور کی

محشر کا ذکر چاہیئے ہر وقت تجکو صدق
زحمت نہ رہوسے پہر تجھے یوم النشور کی

شان احمد مین لکہون کیا میرا جگر کیا ہے
نام احمد کا مرے دل مین سمایا گیا ہے
ملکوت اور بشر سب ہی کہتا ہے خدا
نہین لکہہ سکتا مین تعریف محمد عربی
جب زبان پر میری آتا ہے محمد کا نام
وصف قامت شہ لولاک کرون کیا مین رقم
جوکہ اوصاف نبی لکہے ہین وہ سب تہوڑی ہین
آپ کا نام مبارک ہے شفاء بیمار
روز محشر جو محمد تیرے ہونگے شفیع
سب گنہگارونکو اللہ سے بخشائینگے وہ
کھینچکر رنج والم کر تو مدینہ کا سفر

اونکی توصیف مین قرآن سے ہویدا کیا ہے
شرم سے کہہ نہین سکتا میرا رتبا کیا ہے
نام احمد سے زیادہ مجھے پیارا کیا ہے
دیکہو لو شوق سے قرآن مین پیدا کیا ہے
نور بنکر وہ میری مونہہ سے لپٹا کیا ہے
مین تو مولائے نبی ہون میرا رتبا کیا ہے
وصف اس بحر مین حضرت کا سمایا کیا ہے
نام پر آپ کے قربان دل شیدا کیا ہے
عشق مین آپ کے دل نالان مجھے خطر کیا ہے
ہم سیہ کارونکو اندیشہ فردا کیا ہے
ناحق اس کاہش دنیا مین تو بیٹہا کیا ہے

دام دنیا میں پھنسا رہتا ہے وحشی کی طرح
چھن دیر میں عمر اپنی کو ضایع کر کے
جا تو اب روضہ انور کو ترستا کیا ہے
اب تلک خواب میں غفلت کے تو سوتا کیا ہے

جز مدینہ کی زیارت کے نہیں تیرا علاج
ہیں مدینہ کی زیارت کو نہیں پہنچا اب تک
راستا لے تو مدینہ کا تڑپتا کیا ہے
دیکھیے سخت زبونوں سے میرا نشکوا کیا ہے

ہیں مصیبت میں پڑا پھرتا ہوں مارا مارا
ناز سے امت احمد کو یہ کہتا ہے خدا
اب میرا ہند میں رہنے کا ٹھکانا کیا ہے
جو مدینہ کو نہ دیکھے تو وہ بندا کیا ہے

کار دنیا میں تو مشغول جو رہتا ہے سدا
گھر کے کاموں سے فراغت کو تو حاصل کر لے
کیوں تو واہی کی طرح شہر میں پھرتا کیا ہے
اسقدر قید میں دنیا کے تو پھنستا کیا ہے

رات دن لہو میں عمر اپنی کو کھویا غافل
کیڑے کھاوینگے تجھے قبر میں اکدن افسوس
حالت نزع میں اب سر کو تو دھنتا کیا ہے
کیڑے سے بار بار پھنکر تو سنورتا کیا ہے

ہڈیاں خاک میں ملجاوینگی تیری مغرور
چھینوٹی کا بھی ستانا نہیں لازم تجکو
اب اثر اکے تو دنیا میں اکڑتا کیا ہے
ستم وظلم سے ہر دل کو دکھاتا کیا ہے

مال وزر چھوڑ کے دنیا کا تو جاویگا ضرور
یاد مولا میں شب و روز بسر کر اوقات
دیر فانی میں تو دل اپنا لگاتا کیا ہے
اب تجھے زندگی اپنی کا بھروسا کیا ہے

یا الہی مجھے اوس روضہ اقدس کو دکھا
تیرے ہی نور سے معمور ہیں گلشن ہیں شجر
جس پہ ہر وقت ترا نور برستا کیا ہے
باغ یثرب میں ترا نور جھلکتا کیا ہے

ابر رحمت جو گھرا رہتا ہے روضہ پہ مدام
سبز گنبد کو مدینہ میں تو دیکھیگا ضرور
زائرو نور وہ چھن چھن کے برستا کیا ہے
شوق غلبہ سے تو اسوقت میں روتا کیا ہے

چاہ زمزم سے تو بہتر نہیں دنیا میں کنواں
شب معراج میں براق نے شوخی جو کری
تشنگی ہند کے پانی سے بجھاتا کیا ہے
شہ نے فرمایا کہ اب تیری تمنا کیا ہے

وقت رخصت کے یہ اصحابوں سے حضرت نے کہا
جبکہ بھیجے شہ لولاک زمین سے اسمان
غم امت سے میری دل پہ یہ صدمہ کیا ہے
حق نے فرمایا کہ تحفہ مجھے لایا کیا ہے

عرض کی آپ نے رو رو کہ خدا وند جہان
گنہ امت کے سوا اور یہ لایا کیا ہے

وقت رحلت شہ لولاک سے یون حق نے کہا — بخشدونگا تیری امت کو تو روتا کیا ہے
عرش اعظم سے یہہ کہتے ہوئے آئے جبریل — جب پیغمبر نہ ہے میرا پہر آنا کیا ہے
بعد رحلت کے مدینہ مین یہہ کہتے تھے بلال — کوچ جب کر گئے حضرت میرا رہنا کیا ہے
بعد رحلت شہ لولاک یہہ بولے صدیق — اب ذرا صدمہ فرقت کو تو سہنا کیا ہے
بعد رخصت شہ ابرار کے کہتے تھے عمر — اب لہو سا میری آنکہون سے ٹپکتا کیا ہے
حسرت و یاس سے گہبرا کے یہ بولے عثمان — جب سفر کر گئے حضرت میرا جینا کیا ہے
بعد رحلت شہ ابرار علی نے یہہ کہا — سوز فرقت سے میرا سینہ سلگتا کیا ہے
گریہ و شور فغان کر کے یہہ بولے حسنین — جبکہ نانا نہ رہے پہر ہمین رہنا کیا ہے
گریہ و زاری سے یہ فاطمہ اطہر بولین — جبکہ بابا نہ رہے پہر میرا جینا کیا ہے
کہتے تھے عاشق جانباز اویس قرنی — جسنے دیکہا ہے نبی کو اوسے پروا کیا ہے
شان احمد مین لکہے ہین جو یہ تونے اشعار — دیکہئے اوسکا تصدق تجہے ملتا کیا ہے
صدقہ حسنین کا یا رب تو مدینہ کو دکہا — اب زیارت کے سوا میری تمنا کیا ہے
رات دن غنچہ و گل سے یہی آتی ہے صدا (طرح) — دیکہو اے بلبل شیدا یہ تماشا کیا ہے
قبر مین حشر مین حامی ہین جو احمد تیرے — اب بہلا مجہکو گنہہ اپنے سے پروا کیا ہے

جا تو اب سونگہہ مدینہ کے گلون کو اے صدق
رات دن عطر تمنا مین تو مہکتا کیا ہے

تمام شد

تنبیہ — چونکہ مسودہ دیوان صدق کا بہت منتشر اور علیحدہ علیحدہ پرچون پر تہا جو غزلیات ردیف سے رہگئی ہین وہ آگے متفرقات مین لکہی جاتی ہین فقط

متفرقات

آنکھوں میں نقشہ چھپایا ہے جنے کے خمور کا
گلشن میں گل کھلا ہے محمدؐ کے نور کا
کیا باغ اور بہشت ہو کیا آسمان زمین
وحش و طیور جن و ملک کیا بشر فقط
یہہ جانوں قبر وحشت و ہیبت کا ہے مکان
دیکھیگا وہ عذاب قیامت میں بالضرور
مرتے ہی وہ تو پہونچیگا جنت میں دوستو
دیکھیگی وہ نہ آنکھہ جہنم کی آگ کو
ہرگز نہ پہونچے منزل مقصود کو بشر
ای نفس کیوں ریاضت و مشقت نہیں کری
اوس جی سے ہو گناہ نہ سرزد جہان میں
ہرگز پیاس اوسکو لگیگی نہیں ذرا
واعظ ترے ڈرانے سے ڈرتے نہیں ہیں ہم
دیتا ہے نعمتیں ہمیں بیحد و بی قیاس
ای رب نجات دیجو ہمیں قبر میں ضرور
بیشک ثواب ہوتا ہے اوس شخص کو بڑا

کیا لطف ایک سمایا ہے دلمیں سرور کا
عالم میں جلوہ پھیلا ہے اوسکے ظہور کا
عالم بنا ہوا ہے محمدؐ کے نور کا ❊
جلوہ ہے دو جہان میں پیغمبر کے نور کا
ہے آسرا تو وان ہمیں بیشک حضور کا
شیوہ ہے جسکو دنیا میں فسق و فجور کا
رہتا ہے جسکو ذکر خدا ے غفور کا
جس آنکھہ نے کہ دیکھا ہے جلوہ حضور کا
ایک ذرہ ہو خیال جو دلمیں غرور کا
توشہ ترا تو کم ہے سفر بہت دور کا
جس دلمیں کھٹکا بیٹھا ہو یوم النشور کا
ایک گھونٹ جو پیئے کوئی آب طہور کا
ہے آسرا بڑا ہمیں وان تو حضور کا ❊
کب شکر ہم سے ہو سکے رب شکور کا
اقرار ہم تو کرتے ہیں اپنے قصور کا
زوار جو کہ رہتا ہے اکثر قبور کا ❊

ای صدق میں تو والہ و شیدا حضور ہوں
کچھہ شوق مجکو ہے نہیں حور و قصور کا

ق

ایک بندہ ناتوان ہوں خدای کریم کا
فعل حکیم میں مجھے کیا دخل ہے فقط
کیا کچھہ ہے مہر دنیا میں یادر کہ طفل یہہ
دنیا میں ایک نشمہ سے یہہ کچھہ کہ رحم ہے

رحمت سے اوسکے خطرہ نہیں ہے جحیم کا
حکمت سے خالی کار نہیں اوس حکیم کا
ایک نشمہ اوسکا جانوں یہہ لطف عمیم کا
محشر میں کیا ٹھکانا ہے رحمت عظیم کا

بہتان کذب مکر و دغا و فریب سب
شیوہ کبھی نہووے یہہ انسان فہیم کا

جو زیب دون مین کذب ہے شعر نکو ای فنا
یہہ اب تقاضا ہے نہین طبع سلیم کا

ای نفس کیون دلیری کرے ہے گناہ پر
بندہ ہون ناتوان مین خدای عظیم کا

بیشک سزا ہو سخت چغل خور کے لیے
عقبے مین حال جانون تباہ ہو نمیم کا

ہو گی وعید عقبے مین یہہ جان لو ضرور
قرآن مین لفظ آیا ہے بیشک زنیم کا

مت کر خطا ڈرا بھی تو ای نفس نابکار
جو دل مین شوق ہے تجھے تو باغ نعیم کا

اوتریگا نور حق ترے سینہ مین کسطرح
تو مبتلا ہے حرص مین چاندی و سیم کا

بندے ہین اوسکے وہ ہی تو جو چاہے سو کرے
مالک اوسیکو جانون صحیح و سقیم کا

بیشک پڑے وہ جا کے جہنم کی نار مین
ایک ذرہ مال کہاوے جو ناحق یتیم کا

ای صدق کیون گناہون پہ روتا ہے رات دن
ہے آسرا تو تجھکو خدائے کریم کا

مداح ہون مین دل سے رسول کریم کا
خطرہ نہین ہے مجھکو عذاب الیم کا

عصیان سے بال بال تو آلودہ ہے مرا
کب مجھ سے شکر ہووے خدای کریم کا

ق

ہم امتانِ احمدِ مرسل ہین دوستو
خطرہ نہین ہے ہمکو عذاب جحیم کا

لاریب اوس رسول کے ہیں چار ہین وزیر
پیارا ہر ایک ہے وہ خدائی عظیم کا

توصیف مجھ سے ہو گی بہلا چار یار کیا
رتبہ بہت بلند ہے چارون ندیم کا

عالم مین جسنے آکے نہ تصدیق کی رسول
بیشک وہ مستحق ہے عذاب عظیم کا

رہتے تھے دست بستہ ملایک در حضور
یہہ مرتبہ تہا یارو رسول کریم کا

کوئی نہ سمجھا راز مفسر جہان مین
ہے خفیہ بہید جانون محمد کے میم کا

جہولا جہلایا کرتے تھے بچپن مین قدسیا
جہونکا وہان پہ آتا تہا رحمت عظیم کا

حق نے بلایا عرش پہ احمد کو دوستو
ایسا ہوا نہ مرتبہ موسے کلیم کا

پڑہتا رہے درود جو ہر روز تو فنا
خدشہ نہ گذرے دل مین پہری خوف و بیم کا

رکہینگے اوسپہ تاج قیامت مین بالضرور
حافظ جو کوئی ہوویگا قرآن عظیم کا

انکار پیروی صحابہ سے جو کرے
لاریب وہ تو بھائی ہے شیطان رجیم کا

لاریب اونکی راہ پہ چلنا ضرور ہے
فرمان یہی ہے ہمکو خدائی قدیم کا

بوبکر اور عمر سے جو رکھیگا ذرہ بغض
ہو ویگا اوسپہ قہر خدائی علیم کا

جو دوستی رکھیگا جناب علی سے یا رہ
وہ مستحق ہوا ہے بیشک نعیم کا

عثمان کا جو کوئی دوست ہے وہ ہے خدا کا دوست
البتہ تو اونکا دوست ہے شیطان رجیم

ہوگا سنی مقیم تو جنت کے باغ میں
دوزخ ٹھکانا ہو ویگا بیشک لئیم کا

پژمردہ دل شگفتہ ہو مانند پھول کے
رحمت خدا سے آوے جو جھونکا نسیم کا

دوزخ میں رہیگا کوئی بھی ہرگز نہیں بشر
جس وقت جوش ماریگا دریا رحیم کا

ہو کون سا وہ روز کہ دیکھوں میں اسے لقا
مشتاق دل بہر رہتا ہے یوہی تسنیم کا

قرآن میں جسکی مدح کرے ہے خدای پاک
پھر کیا بیان اوسکے ہو خلق عظیم کا

حد شفقت نہیں ہے قبر سے اور حشر سے تجھے
تو ابستہ ہے صدق رسول کریم کا

عالم میں جو ہے سب سے ہے ظہور تیرا
ہر گل میں ہر شجر میں بیشک ہے نور تیرا

ہر جا عیاں ہے جلوہ اے نفس بد شرارت
آوے نظر نہ تجھکو یہہ ہے قصور تیرا

اے نفس بد کمینے ہم دیکھتے ہیں تجھکو
حد سے بڑہا ہوا ہے فسق و فجور تیرا

آدی نظر نہ تجھکو نور جمال وحدت
ہے یہہ قصور سارا اے بے شعور تیرا

مت ہو خدا سے غافل اے بے شعور اکدم
ہوگا سفر یہاں سے ایکدن ضرور تیرا

اپنی خودی پہ نادان مت کر غرور اتنا
احمق ٹوٹیگا ایکدن یہہ سب غرور تیرا

اے حرص دنیوی میں بدمست ہے پڑا تو
تو نفس کو جو مارے جاوے فتور تیرا

سوجھی نہ راہ مولا سے مست تو رہا تو
جاویگا یہہ نہ سر سے ہرگز سرور تیرا

مت بھی دکھا سکیگا ہوویگی تجھسے پرسش
کیا ہو جواب حق سے یوم النشور تیرا

مجھپہ کرم تو کردے مشکل گرفت میری
ایک بندہ ناتوان ہوں رب غفور تیرا

دیکھوں میں تجھکو مولا ہے آرزو یہی اب
چاہوں نہیں ہوں تجھسے حور و قصور تیرا

ہے یہ تمنا میری ہے التجا یہہ میری
دیکھوں جمال اقدس اکدن حضور تیرا

اپنے تئیں سمجھہ لیے ہوں سب جہان سے بدتر
گرمانے تو نہ کہنا یہ ہے غرور تیرا

طاعت نہو وہی ہم سے آلودہ ہیں بعصیاں
محشر میں آسرا ہے ہمکو حضور تیرا

طاعت کرو نبی کی ہیں تمسے راضی ہونگا
فرمان یہی ہے سبکو رب غفور تیرا

اپنے کرم سے اسکو ابرار میں ملا دے
بندہ ہے صدق عاجز رب غفور تیرا

خواب میں جسنے مصطفے دیکھا
واقعی اوسنے بس خدا دیکھا

جو ہوا اوسنے سیر عالم کی
اوسنے طیبہ نہ دیکھا کیا دیکھا

اوسے دونوں جہان میں چین ہوا
جسنے احمد سا رہنما دیکھا

ہوا مقصود اوسکا کل حاصل
جسنے اپنے تئیں فنا دیکھا

جسنے اپنے تئیں سے پہچانا
راز حق اوسنے بر ملا دیکھا

کھل گئی آنکھہ جب دل کی
سر مخفی تو پھر کھلا دیکھا

صدق تو غور کرلے اب تو ذرا
تو نے عالم کو بے بقا دیکھا

جس بشر نے عشق پایا ہے رسول اللہ کا
اوسکے دلمیں نور آیا ہے رسول اللہ کا

جنت ماوی میں جاوے وہ بلا پرسش عمل
جسکے دلمیں کلمہ بھایا ہے رسول اللہ کا

اوسکو خطرہ ہے نہیں محشر کا تم یہ جان لو
ذکر جسنے بیان کرایا ہے رسول اللہ کا

اوسکو خواہش ہو نہ دنیا اور جنت کی ہوس
جام الفت جسنے پایا ہے رسول اللہ کا

لامکان تک وہ ہی پہونچیگا سمجھہ لو دوستو
جسکے دلمیں عشق آیا ہے رسول اللہ کا

وہ ہی پہونچے ایک پل میں کعبہ و یثرب قبا
نور جسکے دلمیں سمایا ہے رسول اللہ کا

صدق تو مستانہ بیخود کیوں ہوا ہے اسقدر
کیوں تصور دل میں آیا ہے رسول اللہ کا

کیا نام محمد کا ہمیں لگتا ہے پیارا
سو جان سے قربان ہے دل اوسپہ ہمارا

احمد مین احد ہی کا تو ایک جلوہ عیان ہے ای عاشقو اس رمز کو سمجھو تو خدا را
دنیا مین بہی عقبی مین بہی یہہ جان لو یارو ایمان جو یہان لائے نہین اونکو خسارا
کیا نام محمد ہے کہ ہے عرش پہ تحریر عالم کو ہے اس اسم کی برکت سے سہارا
یہہ جان لو اے بہائیو ای امت احمد ہوویگا بغیر آپ نہین پل سے گذارا
پیشانی پہ آدم کی بڑی شوکت و فر سے کیا نور محمد کا چمکتا تہا ستارا
سو نہہ مسخ نہوویگا کبہی امت احمد سب دینون سے بہتر ہے یہی دین ہمارا
کامل ہوا وہ شخص نہین خامی ہے اوسمین جس شخص نے اس نفس کی خواہش کو ہی مارا
تم خواب سا اس دنیا مین رہنے کو سمجہنا رہنا تو ہے کیا بلکہ کوئی دم ہے گذارا
آئے جو بڑے شاہ گئے ملک عدم کو اب دنیا کے پردہ پہ سکندر ہے نہ دارا
ایک لمحہ بہی تم موت سے غافل نہو یارو تم یاد کرو کندہ عمر کو بہی خدا را

توصیف مین حضرت کے تو قاصر ہین فرشتے
کیا مدح لکہے یہہ بہلا اب صدق بچارا

طیبہ جانا مجہے اب بی سر و سامان نظر آیا ہائے اس عشق کا اب کوئی نہ درمان نظر آیا
چشم کو کہول ہے جسنے کہ نظر کی اوسپر جس طرف دیکہا اوسے نور ہی یزدان نظر آیا
خوض سے خوب نظر کی جو کسی نے جانون فی الحقیقت وہ جہان اسکو تو بستان نظر آیا
جلوہ یار کو جنگل مین ہے جسنے پایا + صحرا اوسکو تو حقیقت مین گلستان نظر آیا
عاشقو جانون کہلی اوسکی تو قسمت واللہ خواب مین جسکے وہ جلوہ کہین رخشان نظر آیا
جان لو ہوویگا وہ دارجنان مین بیشک خواب مین جسکے کہین صاحب برہان نظر آیا
چونکہ اوٹہا نیند سے اور کہل گئین انکہین اوسکی جبکہ وہ خواب مین اوسکے مہ تابان نظر آیا
جلوہ نور سے روشن ہوئین آنکہین واللہ خواب مین جب وہ مجہے صاحب برہان نظر آیا
کیا ہی دنیائے دنی ہے یہ لذیذ و شیرین وائے اس جائے مین ہر شخص تو لغزان نظر آیا

وہ نہ دیکہیگا کبہی حشر مین گرمی ای صدق
عشق احمد مین کوئی شخص جو گریان نظر آیا

غزل

خانۂ دل میں خدا تھا مجھے معلوم نہ تھا
ہر رگِ جان سے ملا تھا مجھے معلوم نہ تھا

ڈھونڈتا پھرتا تھا میں کوچہ و صحرا میں اوسے
وہ تو سینے میں چھپا تھا مجھے معلوم نہ تھا

کرتا نظارہ تھا ہر جائی پہ ناحق میں تو
میری نظروں میں بسا تھا مجھے معلوم نہ تھا

جلوۂ نور تھا روشن نہیں پنہاں تھا کبھی
میں گناہوں میں پھنسا تھا مجھے معلوم نہ تھا

نہیں آتا تھا نظر نور وہ جلوہ مجھکو
بیخود و مست پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

عشق میں بیخود و مجنوں پڑا تھا بیہوش
تیر الفت کا لگا تھا مجھے معلوم نہ تھا

وہ تو ہر لمحہ چمکتا تھا مثالِ خورشید
پردہ آنکھوں پہ پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

عشق و الفت میں تصور میں اوسیکے غم میں
ایک حیرت میں پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

دوست خوابیدہ سمجھتے تھے مجھے تو ناحق
مست الفت میں پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

نظر آتا نہ تھا جلوہ جو عیاں تھا جگ میں
فی الحقیقت میں پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

وہ ندا دیتا تھا ہر ایک لمحہ ہر ایک صبح و مسا
میں تو غفلت میں پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

تھی تلاش عرصہ سے ملتا تھا نہیں مجھکو پتا
چشمۂ فیض کھلا تھا مجھے معلوم نہ تھا

کاش جانا نہ ہوا روضۂ انور پہ مجھے
یہ بھی قسمت میں لکھا تھا مجھے معلوم نہ تھا

روزِ میثاق میں بولا تھا کہ میں بھی بلیٰ
امتِ خیرِ بشر تھا مجھے معلوم نہ تھا

صدق حسرت رہی دیدار سے مرتے دم تک
درد قسمت میں لکھا تھا مجھے معلوم نہ تھا

رکھتا ہو آسرا جو اوس عالیجناب کا
خدشہ نہیں ہے حشر میں اوسکو حساب کا

محشر سے پل سے قبر سے خطرہ نہیں ہمیں
رکھتے ہیں ہم سہارا رسالتمآب کا

صورت ذرا دکھانے نہیں مجھ غریب کو وہ
باعث ہوا ہے مجھ پہ بھلا کیا عتاب کا

وہ نوری چہرہ جلوہ نمائی حضور سے
اوس رخ کے آگے رتبہ ہے کیا آفتاب کا

ہر وقت جو کہ لیوے محمدؐ کا نام سے
محشر میں اوسکو خطرہ نہیں ہے حساب کا

کرتا دعا ہوں رو کے یہی رات دن ہمیش
رکھے خدا غلام مجھے بوتراب کا

لپکے چمن میں مستی سے دنیا کی جو خوش
عشق رسول میں ہے یہ نقشہ گلاب کا

دنیا کو چھوڑ چھاڑ کے حق کی پرستش تو پیر
جاتا رہا ہے تیرا تو عالم شباب کا

تجھ سے یہی ہے عرض خداوند ذوالجلال
دکھلا دے اپنا نور وضو مجھے اوس جناب کا

جسکا جگر کہ جلگیا عشق رسول میں
اوسکو ملیگا ذائقہ پہر کیا کباب کا

دنیا کی خواہشوں سے جو روکیگا نفس کو
وہ مستحق تو عقبے میں ہوگا ثواب کا

مے پینے سے جو باز رہے اس جہان میں
وہ جام پاوے عقبی میں اطہر شراب کا

ابلیس کے فریب میں پڑ تو نہ ای فنا
پیاسے کو دہوکا پڑتا ہے اکثر سراب کا

چمکے ہے وہ تو نور ہر ایک جا پہ تمام
بیشک پڑا ہے آنکھوں پہ پردہ حجاب کا

صل علی وہ نور کہ جسکی نہیں ہی حد
اوس مہ کے آگے شہرہ ہو کیا ماہتاب کا

کیا حق نے یہہ بنائے ہیں اسمان بلند
ہے کام یاں ستون نہ خیمے طناب کا

یہہ سانس مثل آرہ کے کاٹے ہے عمر کو
یہہ زندگی دو روزہ ہے نقشہ حباب کا

ہے التجا یہہ تجھ سے خداوند ذوالجلال
جلوہ ذرا دکھادے تو اوس ماہتاب کا

یہہ عمر مثل برق کھلے ہے شتاب سے
دریا میں جیسے کھلتا ہے قطرہ حباب کا

تحریف تمنے کی ہے سمجھ بہت بڑی
اب اعتبار کیا ہو تمہاری کتاب کا

ماں باپ کا نہ کہنا کریں ہیں صغیر سن
اب آگیا زمانہ ہے کچھہ انقلاب کا

ہرگز کرو نہ غفلت اے دوستو ہر دو
ہر روز ورد چاہیئے حق کی کتاب کا

اب تو بلا لو مدینہ سے مجکو شہ عرب
لگتا ٹھکانا ہے نہیں خانہ خراب کا

دل صدق سے رسول کا جسنے لیا ہے نام
کھٹکا نہیں ہے قبر میں اوسکو عذاب کا

رخ سے ذرا اوٹھائیے برقع نقاب کا
یا شاہ ہم سے دور ہو پردہ حجاب کا

مدت سے آرزو ہے کہ دیکھیں ذرا جھلک
باعث ہوا ہے اسکو بڑی اضطراب کا

حسرت سے گذری عمر بڑی اضطراب میں
آخر ہوا ہے ہم سے یہہ عالم شباب کا

ای رب پلادہ جام تو طاہر شراب سے
اوٹھہ جاوے جس سے دوری پردہ حجاب کا

ہے التجا یہہ تجھ سے بہت روز سے خدا
چہرہ ذرا دکھا دی تو اوس بی نقاب کا

کرتا غرور کیون ہے تو ای مرد خام طبع
پتلا ہے تو تو قطرۂ ناچیز آب کا

جب سے ہوا ہون عشق کے پہندے مین مین اسیر
جتنا پڑہا تہا بہولا سبق مین کتاب کا

دکہلاؤ چہرہ کیون نہین ای شاہ ذی کرم
ہے کیا سبب یہ مجہہ پہ بہلا اب عتاب کا

جو کام اچہا کرتے ہین بندے وہ نیک ہین
خطرہ نہین ہے اونکو عذاب و عقاب کا

وقت نزع کا خدشہ نہین کچہہ ذرا مجہے
رکہتا ہون آسرا مین بڑا بوتراب کا

خطرہ نہین ہے پل سے مجہے ایک ذرہ بہی
مین امتی کہاتا ہون عالیجناب کا

بیٹہو ادب سے اور پڑہو تم درود کو
آوے قدم تو یان ہے رسالت مآب کا

محفل مین سننے آتے فرشتے فلک سے ہین
اس جا گذر ہے خضر کا اور شیخ و شاب کا

وہ حسن وہ جمال رسول شہ امم
روشن وہ چہرہ جیسے ہو رخ آفتاب کا

محشر کا صدق خوف و خطر کچہہ ذرا نکر
تو ہے غلام دل سے رسالت مآب کا

زہے قسمت ہے کہ جو در پہ بلائے محبوب
جلوہ نور خدا ہمکو دکہائے محبوب

رخ سے پردہ جو کہین اپنا اوٹہائی محبوب
کلفت و رنج وہ سب ہم سے مٹائی محبوب

جن بشر اور ملک سب ہین اوسی پر عاشق
خلق ہے اوسپہ فدا وہ ہے خدائی محبوب

جبکہ عاشق ہو خدا اورونکی طاقت کیا ہے
کسکا منہہ ہے جو اونہین اپنا بنائی محبوب

گر پڑین فرش پہ ہم اور نہ رہے کچہہ ہوش
صورت اپنی جو کہین ہمکو دکہائی محبوب

تم ہمین دیکہنا ای امت عیسی او سدم
حشر مین جب وہ ہمین حق سے ملائے محبوب

عکس قد کا نہین پڑتا تہا زمین پر سایہ
جسم نوری تہا حقیقت مین لقا محبوب

جو کرین طعن وہ دل اپنے برابر کاٹین
چہرہ اونکو جو کہین اپنا دکہائی محبوب

دل محبت سے تڑپتا ہے مثال سیماب
جب کسی سے کوئی سنتے ہین ادای محبوب

ایسی خوبی کا نہین پیدا ہوا ہے کوئی
ہے وہ خورشید سے بہی بڑہ کے ضیائی محبوب

صدق مدت سے ہے مشتاق زیارت تیرا
